# اعمال

## مبشر اور بشارت

## پوری دُنیا میں انجیل کی منادی کرنا




از جولی ینگ

اعمال رسالے کیلئے فرینک اور وینڈی پیرش نے ایڈٹ کیا

# اعمال 2007 (سلسلہ مسیحی تعلیم)

صرف مسیحی خادموں کیلئے

جلد 22 نمبر 14

کراچی


## دُعااورتابع فرمانی

کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ہم نے جس مقصد کیلئے دُعا کی ہوتی ہے تو خُدا اُس کے جواب میں ہمیں کچھ کام کرنے کو کہتا ہے۔ نئے اور پرانے عہد ناموں میں کئی ایسے واقعات درج ہیں جن سے ہمیں پتا چلتا ہے کہ خُدا سے دُعا کا جواب کس طرح حاصل کیا جاسکتا ہے۔ خُدا کی مرضی کو پورا کرنے کیلئے کچھ کام کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اِس کی ایک عمدہ مثال شفایابی کیلئے نعمان کوڑھی کی دریائے یردن میں سات غوطے مارنے کی ہے۔ دریا کے پانی میں کوئی خاص بات نہیں تھی۔ لیکن نعمان کیلئے اہم بات تابع فرمانی کرنا تھا تاکہ وہ سمجھ سکے کہ خُدا ہی قادر مطلق ہے۔ خُدا تابع فرمانی کی بڑی قدر کرتا ہے۔ جب ہم دُعا مانگتے ہیں تو اپنی مرضی کو اُس کے تابع کردیں۔ جو کچھ خُدا ہمیں کرنے کو کہے ہمیں وہی کرنے کیلئے راضی ہونا چاہیے۔ لیکن ہمیں کیسے پتہ چلے گا کہ جو کچھ تابع فرمانی کا قدم ہمیں اُٹھانے کو کہا گیا ہے وہ خُدا کی مرضی اور ہماری دُعا کے جواب کا حصہ ہے؟ اکثر اوقات یہ کلام میں پہلے ہی لکھا ہوا مل جاتا ہے۔ پاک کلام میں ہزاروں آیات ''اگر تم کروگے'' سے شروع ہوتی ہیں اور ختم ''تب میں'' پر ہوتی ہیں۔ خُدا نے پہلے ہی کئی موقعوں پر اپنی راہیں ہمیں بتادی ہیں۔ کبھی کبھار دُعا ختم کرنے کے بعد ہمارے دل میں خُدا کی آواز آتی ہے۔ جو ایک کام کرنے کو کہتی ہے جو کہ پاک کلام کے مطابق ہوتا ہے۔ خُدا خود ہی اپنی تردید نہیں کرتا۔ وہ پاک کلام میں بیان کی گئی باتوں کے برعکس کچھ نہیں کہتا۔ دُعا میں ہمیں خُدا کے حضور اپنی مناجات بڑی احتیاط اور صبر سے پیش کریں۔ دُعا مانگنے میں خُدا سے مدد اور رہنمائی کے طلب گار ہوں۔ ہم صورت حال خُدا پرست صلاح کاروں کے سامنے رکھیں تاکہ وہ آپ کی رہنمائی کرسکیں۔ بعض اوقات جب ہم دُعا مانگتے ہیں تو خُدا ہماری دُعا کے جواب میں ہمیں انتظار کرنے کو کہتا ہے۔ اور یہ کام ہم سب کیلئے مشکل ہے!

## اعمال منسٹریز کا مقصد

یسوع مسیح کے بدن کے لئے ایک خدمت کے طور پر ورلڈ میپ کے مندجہ ذیل مقاصد ہیں:-

1) موجودہ پاک روح کی لہر کے پیغام اور طریقہ کار کو زندہ مثال کے طور پر دُنیا میں پہنچانے کیلئے ایک موثر ذریعہ بنا۔

2) دُنیا کی موجودہ مشنوں کو اس نئی متحرک لہر سے متعارف کروانا ہے۔

3) روس یوکرائن ایشیا افریقہ اور لاطینی امریکہ کے مقامی پاسٹروں کو ایسی تربیت دینا جو کہ انہیں انجیل کے اچھے پیامبر بنادے گی۔

4) مغربی ممالک کے مسیحیوں کو ان کلیسیاؤں کی کامیابیوں اور مشکلات کے متعلق بتانا تاکہ کلیسیا زیادہ پُرجوش دُعائیں کرسکے اور ان لوگوں کیلئے اور زیادہ مالی امداد فراہم کرسکیں جو کہ بشارت کے ہراول دستوں کے طور پر کام کررہے ہیں۔


**اعمال منسٹریز**

ایلگزنڈر سرفراز

29/7 ڈرگ روڈ کینٹ بازار، کراچی نمبر- 8

E-Mail:alex@khi.wol.net.pk ; Tel:4585396


### ورلڈ میپ کی اشاعت

اِس شمارے میں

مبشر اور بشارت

پوری دُنیا میں انجیل کی منادی کرنا


حصہ اوّل: مبشر کون ہے؟..............1

حصہ دوم: بشارت کی ایک بنیاد..........8

حصہ سوئم: مبشر کا پیغام..........16

حصہ چہارم: مبشر کا کام..........20

حصہ پنجم: مبشر فلپس کی مثال........22

حصہ ششم: نشانات- عجائبات اور مبشر...26

حصہ ہفتم: ایک واضح پیغام دینا.........30

حصہ ہشتم: مبشر کو خُدا کیسے تیار کرتا ہے...39



ناشر .................. ورلڈ میپ

ڈائریکٹر و مدیر.............فرینک و وینڈی پیرش

سرپرست اعلیٰ..............ایلگزنڈر سرفراز

مترجم..............ایلگزنڈر سرفراز

کمپیوٹر کمپوزنگ..............راحیل شکیل

تعداد.................. دوہزار

پرائیوٹ سرکولیشن

صرف مسیحی خادموں کیلئے

1419- این سیلن فرینڈ ولیوارڈ برینک

کیلی فورنیا 4194-91054 امریکہ

حصہ اوّل



# مبشر کون ہے؟

## ایڈیٹر کا تعارف:-

یسوع نے اپنے شاگردوں سے کہا: "اور اُس نے اُن سے کہا تم تمام دُنیا میں جا کر ساری خلق کے سامنے انجیل کی منادی کرو"۔ (مرقس 15:16) پاک کلام بتاتا ہے کہ مسیح یسوع میں ایماندار اُس کی خوشخبری دوسروں کو سُنانے کیلئے بلائے گئے ہیں۔ (متی 28:18-20؛ اعمال 8:1) حتیٰ کہ وہ لوگ بھی جو مقامی کلیسیاؤں میں بطور پاسبان خدمت کرتے ہیں۔ کلام اُن کو تاکید کرتا ہے کہ وہ ہر موقع پر بشارت دیں۔ (2- تیمتھیس 5:4)

تاہم وہ لوگ جو خاص طور پر خُدا کی خدمت کیلئے بلائے اور چنے گئے ہیں کہ وہ مبشر کے طور پر کام کریں۔ (افسیوں 11:4) اعمال رسالے کا یہ شمارہ پاک کلام کے مطابق مبشر کے بلاوے اور اُس کے کردار کو واضح طور پر بتائے گا۔ یہ تعلیم مسیح کے پیروکار اور کلیسیائی رہنما کیلئے بھی مفید ہوگی۔ کیونکہ یہ تعلیم ایسے اُصولوں پر مشتمل ہے کہ جو آپ کی تربیت، حوصلہ افزائی اور خدمت کیلئے تیار کرے گی اور اُن لوگوں کی بھی مدد کرے گی جو مسیح کیلئے کھوئے ہوؤں کو ڈھونڈتے ہیں۔

---

## کیا آپ مبشر ہیں؟

جب آپ یہ مضمون پڑھیں تو اپنے آپ سے یہ سوال پوچھیں کہ کیا میں مبشر ہوں؟ مندرجہ ذیل سوالات جو کہ آپ کی دُعا کے ذریعے فیصلہ کرنے میں مدد کریں گے کہ اگر خُدا آپ کو مبشر کے طور پر بلا رہا ہے۔

1) کیا مجھے یقین ہے کہ خداوند ایک بلاوے کے ذریعے مجھ سے ہم کلام ہوا ہے میں نے رُوح میں محسوس کیا ہے کہ میں مبشر بنوں گا؟

2) کیا میں اُن لوگوں کیلئے بوجھ رکھتا ہوں جو دُکھی - نا اُمیدی اور بوجھ تلے دبے ہوئے مسیح یسوع سے دُور ہیں؟

3) کیا میں اُن کے بارے میں سوچتا ہوں جو مسیح کے بغیر زندگی گزار رہے ہیں اور جو اکثر میرے پاس آتے ہیں؟

4) کیا میں دوسروں کو مسیح کی زندگی، موت اور جی اُٹھنے کے بارے میں بتانے کی خواہش رکھتا ہوں؟

5) کیا مجھے خُدا کے کلام کے مطالعہ کی تڑپ ہے۔ تاکہ میں انجیل کو گہرے طور پر سمجھ سکوں؟

6) کیا ایسے لوگوں کے خیالات جو گناہ آلودہ زندگی بسر کر رہے ہیں مجھ پر اثر انداز ہوتے ہیں؟

7) کیا میں غیر نجات یافتہ لوگوں میں منادی کرنا ضروری سمجھتا ہوں؟

8) کیا میں اُن کھوئے ہوئے لوگوں کیلئے خواب یا رؤیا رکھتا تھا کہ اِسی وجہ سے میں بشارتی کام کرنا چاہتا ہوں؟

9) کیا میں ایسے علاقوں کو دیکھتا ہوں جہاں میں لوگوں کو عملی طور پر یسوع کے پاس لے کر جا سکتا ہوں؟

10) جب میں ایسے مسیحیوں سے ملتا ہوں جو غیر نجات یافتہ لوگوں میں مسیح کا پیغام پہنچانے کے بارے میں لاپرواہ ہیں تو کیا میں اس بشارتی بوجھ کو محسوس کرتا ہوں؟

11) کیا میں دوسروں کو مسیح کی راہ دکھانے کو اہمیت دیتا ہوں؟

12) کیا میں نے دوسروں کو نجات کی خوشخبری کا پیغام پہنچانے کا منصوبہ بنایا ہے جو کہ مسیح یسوع کے وسیلہ سے ملی ہے؟

ہو سکتا ہے کہ اِن میں سے کئی سوالوں کا جواب آپ "ہاں" میں دیں اگر ایسا ہے تو ممکن ہے کہ خُدا آپ کو بشارتی کام کیلئے بلا رہا ہے۔ یہ مضمون کرے گا:

★ مشاہدہ کرے گا کہ کون مبشر ہو سکتا ہے۔

★ مبشر کے کام کی نوعیت کو زیرِ بحث لائے گا۔
★ مبشر اور دوسرے مبشرانہ خدمت کرنے والے لوگوں کی شناخت کرے گا۔
★ مبشر کی حوصلہ افزائی، چیلنج اور اُس کو سکھائے گا۔
★ کلیسیائی پاسبانوں کی شناخت کرنے میں مدد کرے گا اور مبشروں کی موثر خدمت کرنے اور نئی رُوحیں بچانے میں کلیسیا کی حوصلہ افزائی کرے گا۔
★ مبشروں اور اُن کی کلیسیاؤں کو مبشرانہ خدمت کرنے میں عملی طور پر مدد کرے گا۔

## کون مبشر ہے؟

خواتین و حضرات! جو خُدا کی طرف سے بھیجے گئے اور نجات کی خوش خبری سُناتے ہیں مبشر کہلاتے ہیں۔ اور یہ خُدا کی طرف سے بولتے ہیں۔ یہ مرد اور عورت جو مسیح یسوع کے بارے جو خُدا کا بیٹا ہے بتاتے ہیں کہ وہ نجات دھندہ ہے۔ یسوع مسیح کی زندگی کا مقصد موت اور جی اُٹھنے کے بارے میں کہانی کو لفظوں میں بتاتے ہیں۔ بالفاظِ دیگر مبشر انجیل کی منادی کرتے ہیں۔ دُنیا میں اِس سے بڑا اور کوئی پیغام نہیں ہے۔ پاک کلام میں لکھا ہے "نجات خُدا کی قُدرت ہے"۔ (رومیوں 16:1)
یسوع مسیح کی کہانی سے ہمیں پتہ چلتا ہے کہ وہ کیسے اِس دُنیا میں آیا اور ایک کامل اور پاک زندگی گزاری، صلیبی موت سہی، قبر میں سے جی اُٹھا، اور ہمیشہ زندہ رہے گا۔
مسیح یسوع کی صلیبی موت کا مقصد یہ تھا کہ جو خُدا کی طرف سے لوگوں پر لعنت تھی اُس کو اپنے اُوپر لے اور اُن کے گناہوں کی طاقت کو توڑے۔ مسیح یسوع نے موت اور شیطان پر فتح پائی اور شیطان کی ساری طاقت پر بھی۔ مسیح یسوع کی موت اور جی اُٹھنا لوگوں کی زندگیوں میں اُمید اور تمام خوف کو دُور کرتا ہے۔ اگر آپ مبشر ہیں تو آپ خُدا کے پیغمبر ہیں جو دُنیا تک خُدا کا پیغام لے جاتے ہیں۔

## مبشر وہ ہے جو بھیجا جاتا ہے

مبشر ایک پیغمبر ہے جو کہ منادی کرنے کیلئے بھیجا جاتا ہے۔ جس طرح یوحنا بپتسمہ دینے والا لوگوں کو مسیح کے بارے میں بتاتا تھا "انجیل ایک خوشخبری کا پیغام ہے" جو دُنیا کا سب سے بہترین پیغام ہے کہ کس طرح مسیح یسوع صلیب پر مرا اور خُدا کے غضب کو ہمارے گناہوں کی خاطر برداشت کیا جس سے ہمیں گناہوں کی معافی اور ابدی زندگی ملی۔ جس طرح خُدا نے یوحنا بپتسمہ دینے والے کو دریائے یردن پر بھیجا۔ (متی 1:3-12؛ یوحنا 1:6-8,19-34) مبشر کو ایسی جگہ بھیجا جاتا ہے جہاں لوگوں نے ابھی تک مسیح کے بارے میں سُنا اور نہ جانا ہے۔

مبشر کی اصطلاح کے معنی ایسا شخص جو دوسروں تک پیغام لے جاتا ہے۔ خُدا مبشروں کو چُنتا ہے کہ وہ مسیح کا پیغام دوسروں تک پہنچائیں۔ مبشر کو خُدا کے کلام کا مطالعہ کرنے کیلئے سخت محنت کرنی چاہیے اور اُسے قُربانی، منصوبہ بندی، دلیری، دُعا اور روزہ رکھنا چاہیے۔

## مبشر ایک تحفہ ہے

(افسیوں 4:11,12) "اور اُسی نے بعض کو رسول اور بعض کو نبی اور بعض کو مبشر اور بعض کو چرواہا اور اُستاد بنا کر دے دیا۔ تاکہ مقدس لوگ کامل بنیں اور خدمت گذاری کا کام کیا جائے اور مسیح کا بدن ترقی پائے"۔
یہ آیات ہمیں بتاتی ہیں کہ یسوع مبشر حضرات کو ہمیں بطور تحفہ دیتا ہے۔ تحفے کو خوشی اور شکر گزاری کے ساتھ قبول کرنا چاہیے۔ کبھی کبھار مبشر حضرات کو کلیسیائیں اور پاسبان حضرات پسند نہیں کرتے۔ وہ لوگ جو مسیح یسوع کے پاس آتے ہیں مبشر حضرات کے کام کی وجہ سے خُدا کا بار بار شکر ادا کرتے ہیں کہ خُدا نے مبشر کو اُنہیں تحفے کے طور پر دیا۔ اور جس نے مسیح اور اُس کے بارے میں وضاحت کی کہ کس طرح نجات اور نئی زندگی حاصل کر سکتے ہیں۔ مبشر کی خدمت اِن پانچ نعمتوں میں سے ایک ہے جو مسیح یسوع نے دی ہیں۔ (افسیوں 4:11) مبشر کلیسیا کیلئے ایک نعمت ہوتا ہے کیونکہ وہ لوگوں کو مسیح کے پاس لاتا ہے۔ یعنی کہ ایسے لوگ جو حقیقی طور پر نجات یافتہ ہوں وہ کلیسیاؤں میں جاتے اور خدمت اور خُدا کی پیروی کرنا سیکھتے ہیں۔ اور مبشر دُنیا کے لوگوں کیلئے بھی تحفہ ہیں۔ مبشر حضرات پاک کلام کی خبر مسیح نجات دھندہ کے بارے میں بتاتے ہیں جو مر گیا اور جی بھی اُٹھا۔ انجیل کی منادی سے لوگ جان جاتے ہیں کہ کس طرح گناہوں کی معافی اور ابدی زندگی حاصل کر سکتے ہیں۔ انجیل کی منادی مبشر کی بشارتی خدمت کی بُنیاد ہے۔

## ایک کام یا ایک عہدہ؟

اِن پانچ خدمتی نعمتوں کے نام جو (افسیوں 4:11) میں درج ہیں اُن لوگوں نے سرانجام دیا جو کہ خُدا کی طرف سے بُلائے گئے ہیں۔ اُن میں سے ایک پاسبان، ایک مبشر اور دوسرا شاگرد ہو سکتا ہے۔
کچھ لوگ یہ تعلیم دیتے ہیں کہ عبارت کے اِس ٹکڑے میں جو خدمتی نعمتیں ہیں وہ عہدے ہیں یا اختیار والے رُتبے اور وہ دعوی کرتے ہیں کہ پاسبانوں اور مبشر حضرات کو کلیسیا پر دسترس حاصل ہے مگر بائبل مقدس یہ تعلیم نہیں دیتی۔ مبشر یا

پاسبان کو خُدا کے لوگوں پر حکمرانی نہیں کرنی چاہیئے۔

لیکن بائبل مقدس واضح طور پر بتاتی ہے کہ رہنماؤں کو دوسروں کو تربیت دینے والے ہونا چاہئیں۔ "تاکہ مقدس لوگ کامل بنیں اور خدمت گزاری کا کام کیا جائے اور مسیح کا بدن ترقی پائے"۔ (افسیوں 12:4)

یسوع کی خدمت کا طریقہ اور اس کی مثال ہمارے لئے خدمت کے حوالے سے مشعلِ راہ ہے۔ "کیونکہ ابن آدم بھی اسلئے نہیں آیا کہ خدمت لے بلکہ اسلئے کہ خدمت کرے اور اپنی جان بہتیروں کے بدلے فدیہ میں دے"۔ (مرقس 45:10)

## رہنما خادم ہیں

مسیح یسوع کا رویّہ اور کام خادم کے سے تھے۔ (فلپیوں 2:4-12) کلیسیا میں خُدا پرست رہنما ہونے کا مطلب قربانی کی زندگی گزارنا اور اپنی شخصی خواہشات اور منصوبوں کو ختم کرنا ہے۔ (لوقا 23:9؛ گلتیوں 16:5-25؛ فلپیوں 3:2-11)

مسیح کی مانند رہنما، جو دوسروں میں سچی حلیمی کے ساتھ خدمت کرتے ہیں۔ پاسبان، مبشر، اُستاد، شاگرد اور نبی حضرات کو اپنی زندگیوں سے یہ ظاہر کرنا چاہیئے کہ ان کی زندگیاں دوسروں کی خدمت کے لئے وقف ہیں۔ پانچ خدمتی نعمتیں اُن خادم رہنماؤں کیلئے ہیں جو مسیح یسوع کی طرح خدمت کرتے ہیں۔

## ایک بُلاوا نہ کہ لقب

ان پانچ خدمتی نعمتیں جنکا ذکر افسیوں باب 4 میں ملتا ہے۔ یہ اُن بُلائے ہوئے خادموں کے فرائض اور کاموں کے بارے بتاتا ہے نہ کہ اُنکے القاب کے بارے میں۔ یہ لوگ دوسرے مسیحیوں کی رہنمائی اور تربیت کیلئے بُلائے گئے ہیں مثلاً پاسبان ایمانداروں کی حفاظت کرتا پاک کلام کی خوراک اور مشاورت مہیا کرتا ہے ایسا کرنے کیلئے پاسبان کو بُلایا اور نعمت دی ہے اور پاسبان خُدا کے جواب دہ ہونگے کہ اُنہوں نے کسطرح اپنی بھیڑوں کی طرح تربیت کی اور اُنکے ساتھ کیسا رویّہ رکھا؟ مبشر کو یہ کام بھی کرنا ضروری ہے۔ اِن کی نعمتیں اور بُلاوا بھی مسیح کی طرف سے ہے اور وہ خصوصی طور پر مسیح اور اِس کی صلیب کے بارے میں بتانے کیلئے مخصوص کیے گئے ہیں۔ ہر پاسبان خصوصی طور پر اِس ہی مقصد کیلئے بُلایا گیا ہے۔ پاسبان کلیسیا کے مسائل اور تعلق داریوں کو سُلجھاتا ہے۔ وہ لوگوں کو لازمی طور پر روحانی ترقی اور مضبوطی فراہم کرتا ہے اور وہ چرواہے کی طرح اپنے لوگوں کی کبھی کبھار تربیت کرتا ہے۔ وہ اپنے اختیار کو ناجائز طور پر استعمال کرتے ہوئے لوگوں کو کنٹرول نہیں کرتا یا اِن سے ناجائز فائدہ نہیں اُٹھاتا۔

مبشر حضرات کے پاس بدرُوحوں اور تمام دوسری شیطانی قوتیں جو انجیل کے کام میں رکاوٹ پیدا کرتی ہیں کو جانچنے اور انکا مقابلہ کرنے کی دلیری جیسی نعمتیں ہوتی ہیں اور یہ اکثر اوقات اپنے پیغام کی تصدیق الٰہی نشانوں سے کرتے ہیں۔ جب وہ خُدا کے تابع رہ کر اُسکا کلام سُناتے ہیں تو اچھے نتائج کے اُمیدوار ہوتے ہیں کیونکہ وہ اپنے بُلائے کے مطابق کام کرتے اور کلام کی سچائی کو بیان کرتے ہیں۔ (رومیوں 16:1)

## نہ کہ لقب

وہ لوگ جو القاب کو پسند کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ اُنہیں القاب کے مطابق عزت دی جائے۔ اور وہ دوسروں سے اپنے آپ کو اہم سمجھنے لگتے ہیں۔ مگر یسوع نے کہا (متی 4:18) "پس جو کوئی اپنے آپ کو اس بچے کی مانند چھوٹا بنائیگا وہی آسمان کی بادشاہی میں بڑا ہوگا"۔ مزید پڑھیں یسوع کے بارے میں کہ اِس نے اپنے پیروکاروں اور کارندوں کو حلیمی سے خدمت کرنے کیلئے کیا کہا۔ (مرقس 33:9-35؛ یوحنا 3:13-15)

یہ اکثر سوچا جاتا ہے کہ لقب سے ہی دوسروں کی رہنمائی کے قابل بنا جاتا ہے۔ کچھ لوگ یہ سوچتے ہیں کہ اگر اِن کے پاس مبشر کا لقب ہے تو اِن کو عزت ملے گی۔ ایسے خواتین و حضرات جو مسیح یسوع سے پیار کرتے ہیں اور وہ کئی علاقوں، شہروں میں مسیح کی منادی کرتے ہیں۔ لیکن اُن کے پاس کوئی لقب یا بڑی پہچان نہیں ہے لیکن وہ سچے مبشر ہیں جو خُدا کا کام کرتے ہیں۔

پولوس رسول نے کرنتھس کی کلیسیا کے لوگوں کو مسیح یسوع کا کلام سُنایا اور وہ بچ گئے۔ پولوس نے کرنتھس کی کلیسیا سے کہا تم ہماری پہچان کے خطوط ہو۔ اور اِس کا کام اور بُلاوا بہت سے لوگوں کی زندگی سے ظاہر ہوا۔

(پڑھیں 2- کرنتھیوں 2:14، 3:3 اور 1- تھسلنیکیوں 2:19، 20)

یعقوب رسول ہمیں بتاتا ہے کہ ہمارا ایمان کاموں سے نظر آئے نہ کہ لفظوں سے۔ (یعقوب 2:14-20) یہ سوچ غلط ہے کہ لقب ہی کی وجہ سے آپ مبشر بنتے ہیں۔ مسیح کی خدمت کوئی لقب نہیں دیتی۔ "منسٹری ایک خدمت ہے" اِس کا مطلب محنت کرنا اپنے بُلاوے کے کام سے وفاداری اور خُدا کی فرمانبرداری کرنا ہے۔ خدمت کرنے کا مطلب لقب حاصل کرنا نہیں ہے۔ تاکہ آپ لوگوں سے عزت حاصل کریں۔ یہ خدمت کا کام مبشر کرتا ہے جس سے خُدا خوش ہوتا ہے اور عزت خُدا کی طرف سے حاصل ہوتی ہے۔

پاک کلام کے مطابق (امثال 2:27)" غیر تیری ستائش کرے نہ کہ تیرا ہی منہ بیگانہ ہی کرے نہ کہ تیرے ہی لب"۔ لوگ آپ کے کاموں سے آپ کی نعمتوں کو پہچانیں گے نہ کہ آپ کے خودساختہ لقب سے۔ یسوع نے کہا: " اُن کے پھلوں سے تم اُن کو پہچان لوگے "۔ (متی 16:7) ایک پاسبان کی پہچان یہ ہے کہ وہ اپنے لوگوں کو اچھی تعلیم دیتا اور اُنکی حفاظت کرتا ہے۔ وہ خُدا کے لوگوں کی رہنمائی اور حفاظت بھی کرتا ہے۔ ایک مبشر کی پہچان یہ ہے کہ وہ گناہگاروں کو مسیح کے بارے میں بتاتا اور کلیسیا میں لاتا ہے۔

## پانچ قیادتی نعمتوں میں سے ایک نعمت

بشارتی کام ایک طاقتور اور خوبصورت بلاوا ہے۔ کسی شخص کو اپنے بلاوے پر تکبر نہیں کرنا چاہیے۔ کیونکہ یہ خُدا کی طرف ایک نعمت ہوتی ہے۔

مبشران پانچ قیادتی نعمتوں میں سے ایک ہوتا ہے جو کلیسیا میں ایک مخصوص کام کرتا ہے۔ پاسبانوں اور ایمانداروں کو چاہیے کہ وہ مبشر کو کلیسیا کیلئے تحفہ سمجھیں اور جسطرح پاسبانوں کے کام کی وجہ سے اُنکو عزت اور مالی مدد دی جاتی ہے۔ اِسی طرح مبشر حضرات کے ساتھ بھی کرنا چاہیے۔ (1- کرنتھیوں 9:14؛ 1- تمتھیس 17:5) اور مبشر حضرات کو اِسکے عوض سرگرمی سے بشارتی کام کرنا چاہیے۔

مسیحیوں اور رہنماؤں کو چاہیے کہ وہ ہر مسیحی کو مسیح کے بدن کا اہم حصہ سمجھیں۔ (1- کرنتھیوں 12 اور 14؛ رومیوں 12: 3-8) اِس دُنیا میں ہر مسیحی شخص اہمیت کا حامل ہے اور وہ خُدا کیلئے کام کرتا ہے۔

پانچ نعمتیں جن کا ذکر (افسیوں 4:11؛ 12 آیت میں اِن کے بارے میں سوچ بچار کرنا سودمند ہے کیونکہ وہ خُدا کے منصوبوں کو جاری رکھنے کیلئے محنت کرتے ہیں۔ اُن کی نعمتیں بھرپور طور پر استعمال ہوتی ہیں کیونکہ وہ یسوع کی تابع فرمانی کرتے ہیں۔ اِن کے کام اچھے نتائج ظاہر کرتے ہیں کیونکہ وہ یسوع کی طرف سے مقرر کئے جاتے ہیں۔ اِن رہنماؤں کے بارے میں سوچنا زیادہ بہتر ہے بجائے اِس کے اِن خادموں کو القاب رکھنے والے اور حکم چلانے والے سمجھیں۔

## بشارت میں پھل

پاسبان، اُستاد، مبشر، رسول اور نبی اپنے بلاوے کے مطابق محنت کرتے ہیں تاکہ وہ خُدا کو خُوش کرسکیں اور جس سے کلیسیا مضبوط اور صحت مند ہوتی ہے۔ محنت اور ایمانداری سے خدمت کرنا بہتر ہے نہ کہ آپ لقب رکھیں اور لوگ آپ کی چاپلوسی کریں۔ (یعقوب 16:3)" اِس لئے جہاں حسد اور تفرقہ ہوتا ہے وہاں فساد اور ہر طرح کا بُرا کام بھی ہوتا ہے"۔ پانچ قیادتی نعمتوں والے لوگوں کیلئے خُدا کی مرضی ہے کہ وہ خدمت کے کام کے ساتھ دُنیاوی کام بھی کریں اور اپنے بلاوے کے مطابق خُدا کیلئے بہتر نتائج دیں۔

یسوع کیلئے رُوحوں کو جیتنے اور دوسروں کے ساتھ مل کر کام کرنے سے لوگ یہ جانیں گے کہ آپ ایک حقیقی مبشر ہیں۔ آپ کا کام آپ کی گواہی دے گا۔

## پاسبان اور مبشر حضرات کو ایک دوسرے کی مدد کرنی چاہیے

پاسبان اور مبشر حضرات کے پاس مختلف قسم کے کام اور بلاوے ہیں۔ مگر یہ دونوں ہی اِس دُنیا میں مسیح یسوع کیلئے کام کرتے ہیں۔ پاسبانوں اور مبشر حضرات کو ایک دوسرے کی نعمتوں اور بلاوے کی قدر اور احترام کرنا چاہیے۔ اِن دونوں میں کسی صرف ایک کے بلاوے کی اہمیت نہیں بلکہ دونوں ہی اہم ہیں۔

پاسبان اور مبشر حضرات کے پاس مختلف قسم کے فرائض ہیں۔ اِن دونوں کو ایک دوسرے کے بشارتی کام میں ایک دوسرے کی مدد کرنی چاہیے۔ کسی نے کہا پاسبان کلیسیا میں اہم ترین رہنما ہوتا ہے۔ یہ دُرست نہیں ہے بلکہ نئے عہدنامے کے تمام رہنما خُدا اور اِس کے مقاصد کے لئے اہم اور گراں قدر ہیں۔ ہمیں یہ یاد رکھنا چاہیے کہ مسیح یسوع نے ایسے کئی مرد و خواتین کو اپنی خدمت کیلئے بلا کر دُنیا کو دیا۔ جب مسیح یسوع اِس دُنیا میں تھا تو اُس نے بطور رسول، مبشر، پاسبان، اُستاد اور نبی کام کیا۔ اب یہ کام دوسروں کے کرنے کیلئے چھوڑ گیا ہے۔ (افسیوں 4:11، 12)

مبشر نئے مسیحیوں کو کلیسیا میں لانے سے پاسبان کی مدد کرتا ہے اور یوں کلیسیا بڑھتی ہے۔ مبشر یہ جانتا ہے کہ پاسبان نئے ایمانداروں کو تعلیم دیتا اور اُنکی مدد کرتا ہے تاکہ وہ مسیح میں مضبوط بنے۔ پاسبان مبشر کی دُعا کے ذریعے سے مدد کرتا ہے۔ اور کلیسیا کے لوگوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ مبشر کی اِسکے کام میں مدد کریں اور اُسکو مالی مدد فراہم کرتا اور اُسکی مدد کیلئے دوسرے ذرائع اور وسائل بھی فراہم کرتا ہے۔

پاسبان اور مبشر حضرات ایک دوسرے کے باہمی طور پر فرمانبردار ہوتے اور ایک دوسرے کو مسیح کی محبت میں ترجیح دیتے ہیں۔ (رومیوں 12:10؛ افسیوں 4:1-6) دونوں ایک دوسرے پر کام کرنے کا حکم نہیں چلاتے کیونکہ وہ دونوں خُدا کے تابع ہیں

## کچھ حضرات پاسبان اور مبشر دونوں ہیں (دوہرا بلاوا)

کئی جگہوں پر بہت سے لوگ کم وقت میں نجات پاجاتے ہیں۔ اُنہیں تعلیم حاصل

کرنے اور مسیح یسوع میں بڑھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ مبشر حضرات جو کہ مسیح یسوع کے بارے میں پیغام دیتا اور ایمانداروں کو جیتتا ہے۔ مبشر کو چاہئیے کہ ان نئے ایمانداروں کی حفاظت کرے جب تک اُن کی دیکھ بھال کیلئے نئے پاسبان کا انتظام نہ ہو جائے۔

کچھ خواتین و حضرات کے پاس "دو ہرا بُلاوا" ہوتا ہے۔ جس سے وہ گناہ گاروں کو مسیح یسوع کے پاس لاتے اور اُن کو تعلیم دیتے ہیں تا کہ مسیح یسوع میں بڑھیں۔

> مبشر کا پہلا کام یہ ہے کہ وہ لوگوں کو یسوع کے بارے میں بتائے۔

اُنکے دل میں مسیح یسوع کے شاگرد بنانے کا جذبہ ہوتا ہے۔ ہو سکتا ہے آپ ایسے پاسبان ہوں جنکے پاس مبشر کا بُلاوا ہو؟ (2- تیمتھیس 5:4) "مگر تو سب باتوں میں ہوشیار رہ، دُکھ اُٹھا۔ بشارت کا کام انجام دے اپنی خدمت کو پورا کر"۔ خُدا نے آپ کو ایسی جگہ پر رکھا ہے کہ آپ اس کی بھیڑوں کی حفاظت کریں اور ان میں بشارتی کام بھی کریں۔ شاید خُدا چاہتا ہے کہ آپ کسی دوسرے شہر اور گاؤں میں نئی کلیسیا بنائیں۔ آپ کی بشارتی نعمتیں بہت سے لوگوں کو بچانے میں مدد دے سکتی ہیں۔ لیکن آپ اس بات کا خیال رکھیں کہ جو لوگ مبشر بننے کیلئے بُلائے گئے ہیں اُن کو آپ پاسبان بننے کی تربیت نہ دیں۔

## مبشر ایک اسپیشلسٹ ہوتا ہے

لوگوں میں نجات کے کلام کی بشارت کیلئے خُدا مخصوص لوگوں سے ہم کلام ہوا۔ جب خُدا مبشر حضرات سے ہمکلام ہوتا ہے تو وہ بشارتی کام کرنے کیلئے راضی ہو جاتے ہیں۔

ہر مسیحی کا فرض ہے کہ دوسروں سے اپنے ایمان کا اظہار کریں۔ (مرقس 16:15؛ لوقا 24:46-48؛ اعمال 1:8) ہر مسیحی کو چاہئیے کہ وہ خوشی سے دوسروں کو بتائے کہ مسیح یسوع کون ہے اور اُن کیلئے کیا کیا ہے۔ سب مسیحیوں کو چاہئیے کہ وہ دوسروں کو مسیح یسوع کیلئے جیتیں۔

لیکن مبشر یہ خاص کام کے لئے بُلائے گئے ہیں۔ مبشر کو تربیت اور خاص کام کے لئے تیار کیا گیا ہے کہ نئی رُوحوں کو مسیح یسوع کے پاس لے کر آئیں۔ مبشر کا بُلاوا تا حیات لوگوں کو مسیح یسوع کے پاس لانے کیلئے ہوتا ہے۔ یسوع نے پطرس سے کہا: "........... میرے پیچھے چلے آؤ تو میں تمکو آدم گیر بناؤنگا"۔ (مرقس 1:17)

## مبشر کو نعمتیں دی جاتی ہیں

خُدا مبشر حضرات کو اُن کے کام کیلئے نعمتیں اور ہتھیار مہیا کرتا ہے۔ مبشر حضرات قوت اور اختیار کے ساتھ منادی کرتے ہیں کیونکہ یہ اُنکی نعمت کا حصہ ہوتا ہے جو خُدا مہیا کرتا ہے۔ معجزات اس وقت رونما ہوتے ہیں جب کلام کی منادی کی جائے مگر انجیل خود سے معجزات نہیں کرتی جب تک کہ اِس کو پڑھا اور سُنا نہ جائے۔ (رومیوں 1:16؛ 1- کرنتھیوں 1:21-24)

خُدا مبشروں کو سکھاتا ہے کہ وہ کس طرح منادی کریں تا کہ لوگ انجیل کو سمجھیں اور یسوع پر ایمان لائیں۔ اگر آپ مبشر ہیں تو آپ خُدا سے اپنے کام کو بہتر طور پر کرنے کیلئے سمجھ اور ہتھیار مانگیں۔

## مبشر اہم ہے

اگر آپ کے مُلک میں کوئی مبشر انجیل کی منادی کرنے نہ آتا تو آج آپ کے مُلک میں کوئی مسیحی نہ ہوتا۔ توما پہلا رسول تھا جو ہندوستان میں منادی کرنے آیا۔ اتھوپیا کا خواجہ جس کا ذکر اعمال باب 8 میں پایا جاتا ہے وہ اپنے ساتھ انجیل کا پیغام افریقہ لے گیا۔ رُومی سپاہیوں اور سوداگروں کے وسیلے سے یورپ اور برطانیہ میں بشارتی کام ہوا ہوگا۔

کھوئے ہوئے لوگ اِس وقت تک نہیں بچ سکتے۔ جب تک نجات کے پیغام کو نہیں سمجھیں گے۔ (رومیوں 10:14،15)

## مبشر کی حوصلہ افزائی اور مدد کرنی چاہئیے

مبشر ایسا شخص ہوتا ہے جو نجات کے پیغام کو شوق سے زیادہ سے زیادہ لوگوں میں پھیلانے کی کوشش کرتا ہے۔ اِس طرح منادی کے دوران اِس کو بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑھتا ہے۔ خُدا مبشر کو اکثر اوقات دُور دراز کے علاقوں میں یا ایسے علاقوں میں بھیجتا ہے۔ جہاں انجیل کی مخالفت کی جاتی ہے۔

ابلیس سچے مبشر کے کام کی بھرپور مخالفت کرتا ہے۔ شیطان بشارتی کام کی مخالفت کرتا ہے کیونکہ وہ جانتا ہے کہ انجیل کی خوشخبری لوگوں کو جہنم سے بچاتی، اُن کی

زندگیوں کو تبدیل کرتی، گناہوں اور شیطانی رُوحوں سے بھی آزاد کرتی ہے۔

مبشر حضرات بیماروں اور بدرُوح گرفتہ لوگوں کی شفا کیلئے دُعا کرتے ہیں۔ مبشر لوگوں کی نجات کا پیغام سُنانے کیلئے اُن سے ملاقات کرتا ہے اور زندہ اور سچے خُدا کی خدمت کرتا ہے۔

مبشر حضرات اکثر اوقات ایسی جگہوں پر جاتے ہیں جہاں لوگوں کو مسیح یسوع کے پاس لایا جائے اور کلیسیا بنانے کیلئے تربیت دی جائے۔

پاسبان اور کلیسیاؤں کو مبشروں کی قدر کرنی چاہیے اور اُن کے بشارتی کام کیلئے دُعا اور مالی مدد کرنی چاہیے۔ ہمیں غیر نجات یافتہ لوگوں سے توقع نہیں کرنی چاہیے کہ وہ مبشر حضرات کی بشارتی کام کیلئے کوئی مالی مدد کریں گے۔ یہ مسیحیوں اور کلیسیاؤں کا امتیازی حق اور ذمہ داری ہے کہ مبشران کی مالی مدد اور حوصلہ افزائی کریں۔ کلیسیا کو مبشر کی ضرورت ہوتی ہے۔ تاہم ہر مبشر کو چاہیے کہ اپنی ضروریاتِ زندگی پوری کرنے کیلئے خود کام کرے۔ پولوس رسول بھی اپنی ضروریاتِ زندگی پوری کرنے کیلئے خیمے بنایا کرتا تھا۔ (اعمال 18:1-3 ؛ 20:34 ؛ 1- کرنتھیوں 4:12) لیکن پولوس رسول پاک کلام میں بیان کرتا ہے کہ بطور خادم دوسروں سے مالی مدد لینا دُرست ہے۔ (1- کرنتھیوں 9:1-23) لیکن پولوس رسول نے اپنے بارے میں بتایا کہ مالی لحاظ سے اِس نے کلیسیا پر انحصار نہیں کیا۔ "پس مجھے کیا اجر ملتا ہے؟" یہ کہ جب انجیل کی منادی کروں تو خوشخبری کو مفت کردوں تاکہ جو اختیار مجھے خوشخبری کے بارے میں حاصل ہے اس کے موافق پورا عمل نہ کروں"۔ (1- کرنتھیوں 9:18) تمام مبشر و خادم حضرات کو حکمت اور پاک رُوح کی رہنمائی سے اِن معاملات کا خیال رکھنا چاہیے تاکہ اُن کی ذات یا خُدا کے پاک کلام پر الزام یا تنقید نہ ہونے پائے۔

## مسیح یسوع نے انجیل کی منادی کی

مسیح یسوع گلیل کے گرد و نواح کے شہر میں گیا اور لوگ ہر جگہ سے اِسکے پاس کلام سُننے اور شفا پانے آئے۔ "اور شمعون اور اُسکے ساتھی اُسکے پیچھے گئے۔ اور جب وہ ملا تو اُس سے کہا کہ سب لوگ تجھے ڈھونڈ رہے ہیں۔ اُس نے اُن سے کہا آؤ ہم اور کہیں آس پاس کے شہروں میں چلیں تاکہ میں وہاں بھی منادی کروں۔ کیونکہ میں اسی لئے نکلا ہوں"۔ (مرقس 1 : 36 - 38)



پولوس رسول کے سفروں کی وجہ سے وہ اُن لوگوں سے ملا جنہوں نے کبھی یسوع کے بارے میں نہ سُنا تھا۔

وہ کیا بات تھی جس کی یسوع منادی کر رہا تھا؟ بنیادی طور پر یسوع انجیل کی منادی کر رہا تھا۔

"پھر یوحنا کے پکڑوائے جانے کے بعد یسوع نے گلیل میں آکر خُدا کی خوشخبری کی منادی کی۔ اور کہا کہ وقت پورا ہو گیا ہے اور خُدا کی بادشاہی نزدیک آگئی ہے۔ توبہ کرو اور خوشخبری پر ایمان لاؤ"۔ (مرقس 1:14-15) مسیح یسوع نے خدمت کے آخری دنوں میں بطور مبشر خدمت کی۔ وہ لوگوں کو تعلیم دیتا اور منادی کرتا تھا کہ لوگ اِس پر ایمان لا کر بچ جائیں۔

"اُن دنوں میں ایک روز ایسا ہوا کہ جب وہ ہیکل میں لوگوں کو تعلیم اور خوشخبری دے رہا تھا تو سردار کاہن اور فقیہ بزرگوں کے ساتھ اُسکے پاس آکھڑے ہوئے"۔ (لوقا 20:1) اِس آیت سے پتہ چلتا ہے کہ یسوع اپنی صلیبی موت سے پہلے غیر ایمانداروں میں منادی کرتا تھا۔ یہ حقیقت ہے کہ یسوع نے ہمیں انجیل کی منادی کا نمونہ دیا اور بشارتی خدمت کی اہمیت بتائی۔

## رسولوں نے انجیل کی منادی کی

مسیح یسوع نے رسولوں کو بشارتی کام کیلئے بھیجا۔ " اور اُس نے بارہ کو مُقرر کیا تاکہ اُس کے ساتھ رہیں اور وہ اُن کو بھیجے کہ منادی کریں " ۔ (مرقس 14:3) اِس کے بعد یسوع نے خوشخبری سُنانے کیلئے مزید 70 ستر لوگوں کو بھیجا۔ (لوقا 9,1:10)

## پولوس رسول نے انجیل کی منادی کی

پولوس رسول مشنری دوروں کے دوران ایسے لوگوں سے ملا جنھوں نے کبھی بھی مسیح یسوع کے بارے میں نہ سُنا تھا۔ پولوس رسول اپنے دوسرے مشنری سفر میں اپنی ٹیم کو ہمراہ مکدینہ کو گئے ۔ کیونکہ خُدا نے اُن کو یہ خواب دیا تھا۔ (اعمال 9:16) اُن شہروں میں پولوس رسول نے غیر یہودی لوگوں کے درمیان بطور مبشر خدمت کی۔ اس کے بعد ایماندار اکٹھے ہوئے اور پولوس رسول نے اُن کو بطور پاسبان تعلیم دی۔ اُس کا پہلا کام اُن لوگوں میں منادی کرنا تھا جو مسیح یسوع کو نہیں جانتے تھے۔ تب اُن شہروں میں کلیسیائیں بڑھیں۔

پھر پولوس رسول دوسرے شہر میں گیا اور اُن میں بطور مبشر منادی کی ۔ تاہم پولوس رسول نے تیمتھیس اور طِطس کو نئے شاگردوں کو تعلیم دینے اور اُن کی مدد کرنے کیلئے کلیسیاؤں میں واپس بھیجا۔

مکدینہ میں پولوس رسول فلپی ، تھسلنیکے ، بیریہ ، اتھینے اور کرنتھس کو گیا۔ (اعمال 16:9-18:11) ہر دفعہ وہ پہلے پہل بطور مبشر منادی کرتا تھا۔ اعمال کی کتاب پڑھنے سے ہمیں پتہ چلتا ہے کہ پولوس رسول خُدا کے حکم کے مطابق 18 مہینے کرنتھس میں رہا۔ وہ بطور مبشر اور پاسبان دونوں طرح سے لوگوں میں خدمت کرتا رہا۔

## کئی دوسرے شاگردوں نے انجیل کی منادی کی

مریم مگدلینی پہلی مبشرہ تھی جسے یسوع نے شاگردوں کو بتانے کیلئے بھیجا کہ یسوع مُردوں میں سے جی اُٹھا ہے ۔ (یوحنا 18,17:20) فلپس بطور مبشر بلایا گیا۔ (اعمال 8:21) دوسرے لوگوں نے پاسبان بننے سے پہلے بطور مبشر منادی کی۔ عید پینتیکست کے دن پطرس رسول نے بھی بطور مبشر منادی کی ۔ (اعمال 14:2-36) اُس نے اُن لوگوں میں منادی کی جو سچے خُدا سے واقف تھے لیکن مسیح یسوع پر ابھی تک ایمان نہ لائے تھے۔ اُسکا پیغام جو اعمال 2 باب میں ہے۔


جو یسوع کی زندگی اور اُس کی موت کی حقیقت کو بیان کرتا ہے۔ اور پطرس رسول لوگوں کو یہ بھی بتاتا ہے کہ مسیح یسوع کو جان جانے کے بعد اب اُنھیں کیا کرنا چاہئیے ۔ (آیت 37-39)

نئے عہد نامے کی پہلی چار اناجیل میں واضح طور پر بشارتی پیغام اور اُس کا مقصد بیان کیا گیا ہے ۔ (متی 28:18-20 ؛ مرقس 1:1-4 ؛ یوحنا 20:31 ؛ 1-یوحنا 1:1-4) متی ، مرقس ، لوقا ، یوحنا ہر انجیل بشارتی کام کو پورا کرتی ہے کیونکہ اُنھوں نے مسیح یسوع کی کہانی ہر شخص کے پڑھنے کیلئے لکھی ۔ اور نئے عہد نامے میں اُنھوں نے پہلی چار کتابیں تحریر کیں ۔ ان اناجیل میں پتہ چلتا ہے کہ مسیح یسوع نے بنی نوع انسان کے گناہوں کی خاطر کس طرح دُکھ اُٹھائے ، صلیب پر خون بہایا اور مر گیا۔ اناجیل سے ہمیں یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ مسیح یسوع کس طرح قبر میں سے جی اُٹھا موت پر فتح حاصل کی۔

نئے عہد نامے کے خطوط میں بھی بشارتی کام کو مکمل طور پر بیان کیا گیا ہے۔ پطرس ، یعقوب ، یوحنا ، یہوداہ اور عبرانیوں کی کتاب کے مصنفین نے انجیل کی اہمیت اور سچائی کو واضح کیا ۔ ہر مبشر (اور ہر ایماندار) کو چاہئیے کہ وہ محنت اور لگن سے خطوط کا مطالعہ کرے تاکہ خوشخبری اور نجات کے پیغام کو پورے طور پر سمجھ سکے جو مسیح یسوع کے وسیلہ سے ہے۔ خُدا کا پاک کلام قوت والا اور کامیاب ذریعہ ہے جو خُدا نے ہر انسان کو دیا ہوا ہے۔

کیا آپ جانتے ہیں آپ کی خدمت کے کام کا سرپرست کون ہے؟ آپ اپنی خدمت کے کام کیلئے خُدا کی طرف سے رویا رکھتے ہیں؟ اگر ایسا نہیں ہے تو آپ خُدا سے اپنے لئے رویا اور رہنمائی مانگیں ۔ اگر اُس نے آپ کو کسی خدمت کیلئے بُلایا ہے اور آپ کو کوئی منسٹری دی ہے تو وہ بُلاوے کو پورا کرنے کیلئے آپکی رہنمائی کرے گا۔
یہ ایک بہت ہی منفرد اور خاص ملاقات تھی ۔ یسعیاہ نبی نے ایک رویا دیکھی جس میں اُس نے خُدا کو دیکھا اور رویا میں خُدا نے یسعیاہ پر اُس کی گناہ آلودہ حالت کو ظاہر کیا اور اُس نے اپنے گناہوں سے توبہ کی اور وہ تبدیل ہو گیا۔ خُدا نے اُسے بطور نبی بُلایا اور اُس پر اُسکی زندگی کا مقصد اور کام کرنے کی سمت ظاہر کی۔
اِس قسم کی ملاقات کوئی عام ملاقات نہ تھی ۔ پاک کلام میں ایسی ملاقاتیں خاص لوگوں کیلئے مخصوص تھیں جن کیلئے خُدا ایک منفرد اور خاص بُلاوا رکھتا تھا۔ لیکن خُدا نے اپنی خدمت کیلئے آپ کو بُلایا ہے ۔ اُسکے پاس آپ کیلئے ایک منصوبہ ہے جسے وہ پورا کرنا چاہتا ہے۔ جب آپ اُسے سرگرمی سے تلاش کرتے اور دُعا میں وقت گذارتے ہیں تو خُدا اپنی مرضی اور اپنی خواہش جو وہ آپکی زندگی اور خدمت کیلئے رکھتا ہے سمجھنے میں آپکی مدد کرنا شروع کرتا ہے۔

حصّہ دُوم



# بشارت کی ایک بنیاد

یہ حصّہ مبشر اور پاسبان حضرات کیلئے پڑھنا ضروری ہے۔ یہ دوسروں کو بشارتی کام سکھانے میں مدد کرے گا۔

ہر گھرانے کو اچھی بنیاد کی ضرورت ہے۔ اگر کسی گھر کی بنیاد ٹیڑھی اور غیر متوازن یا خراب مال سے بنی ہو تو وہ گھر گر سکتا ہے۔ خاص طور پر طوفان آنے پر۔ (متی 27-24:7) دو گھروں کی کہانی جو کہ یسوع نے بتائی وہ آپکے کاموں پر لاگو ہوئی جو آپ خُدا کیلئے کرتے ہیں۔ آپکی خدمت، خاندان اور ذاتی زندگی مضبوط بنیاد پر قائم ہوں تا کہ ان میں شگاف پیدا نہ ہونے پائے۔ یہ سب کچھ بشارتی کام کے وسیلے ہو سکتا ہے۔

کلیسیائی رہنما بشارتی کام بہتر طور پر نہیں سمجھتے۔ کچھ لوگ سوچتے ہیں کہ کلیسیائی عبادت کروانا اور غیر نجات یافتہ لوگوں کو کلیسیا میں آنا بشارتی کام کہلاتا ہے۔ کچھ لوگ دوسروں کو مسیح یسوع کو قبول کرنے اور اُسکی پیروی کرنے کے بارے میں بتانے کے بجائے اُنھیں چند مسیحی رسم ورواج پر عمل کرنے کے بارے میں کہتے ہیں۔ لوگوں کا بیرونی طور پر اچھا رویّہ بنانے اور مسیحی رسم ورواج اختیار کرنے سے نجات حاصل نہیں ہوتی۔

مسیحی رسم ورواج کی پیروی کرنے سے آپ نجات نہیں پا سکتے۔ نجات یافتہ ہونے کا مطلب زندہ مسیح کو قبول کرنا، اپنی زندگی کو اُس کے تابع کرنا اُس پر اور اُس کے صلیبی کام پر ایمان رکھنا اور اُسے اپنا نجات دہندہ اور خُداوند بنانا ہے۔ ہمیں چاہیئے کہ مسیح یسوع کی سچائی کو واضح طور پر پیش کریں۔

اِس وجہ سے ہمیں یہ جاننے کیلئے بائبل کا مطالعہ کرنا چاہیئے کہ بائبل بشارت اور اپنی سچائی کے بارے کیا سکھاتی ہے؟

بشارتی پیغام زیادہ پیچیدہ نہیں ہونا چاہیئے۔ اِسے بڑا واضح۔ مکمل اور آسانی سے سمجھ آنے والا ہونا چاہیئے جیسا کہ پاک کلام سے ظاہر ہوتا ہے۔ اِسے اِس طرح بیان کیا جائے کہ سُننے والا آسانی سے سمجھ سکے۔ یہ مبشر کا کام ہے۔

## انجیل ایک شخص (یسوع) کے بارے میں ہے

پولوس رسول ہمیں (1- کرنتھیوں 5-1:15) میں سادہ الفاظ میں انجیل کا پیغام دیتا ہے۔ جس میں ہمارے گناہوں کی خاطر مسیح یسوع کی قربانی، قبر سے جی اُٹھنا ہمیں نجات دینا اور خُدا باپ سے ہمارا تعلق بنانے کے بارے میں بتاتا ہے۔ یہ انجیل ہے جو نجات دیتی ہے۔

## انجیل کی خوشخبری دینا بشارت ہے

مسیح یسوع کے بڑے کاموں کا بیان کرنا انجیل کی منادی کرنا ہے۔ مسیح یسوع نے لوگوں سے اتنا پیار کیا کہ اُس نے اُن کے گناہوں کو اپنے اوپر لے لیا اور موت گوارہ کی۔ اور مسیح یسوع کے مُردوں میں سے جی اُٹھنے سے ابلیس کی تمام طاقتوں کی شکست ملی ہے۔ یہ دُنیا میں ہر انسان کیلئے خوشخبری ہے۔

## بشارتی اصطلاحات

مندرجہ ذیل اصطلاحات کو سمجھنے اور استعمال کرنے سے آپ کو صاف طور سے کلام سُنانے میں مدد ملے گی کہ لوگ خُدا کے نجات کے منصوبے سمجھ سکیں۔

### پیار

خُدا آپ سے پیار کرتا ہے اور اُس نے اپنا بیٹا آپ کے گناہوں کیلئے بخش دیا۔ خُدا کا پیار ابدی پیار ہے جو لامحدود اور غیر مشروط ہے۔ خُدا آپ سے پیار کرتا ہے باوجود اِسکے کہ آپ گناہ گار ہیں اور ٹھکراتے ہیں۔ دُنیا کی کوئی چیز یا کوئی شخص آپ کیلئے خُدا کی محبت کو تبدیل نہیں کر سکتی۔ (یوحنا 16:3؛ رومیوں 18:5؛ 8:31-39)

### توبہ

توبہ کے معنی ذہن کی تبدیلی کے ہیں جس کی وجہ سے زندگی کے مقاصد اور اعمال

تبدیل ہو جاتے ہیں۔ پس توبہ انسان کی سمت تبدیل کرنے میں مدد کرتی ہے کہ وہ ابلیسی کاموں کو ترک کر کے خُدا کی طرف رجوع کرے۔ توبہ کا مطلب کسی بات پر محض افسوس کرنا نہیں ہوتا بلکہ توبہ سے رویہ میں تبدیلی بھی آنی چاہیئے۔ (متی 8:3) اپنے گناہوں کا اقرار کرنا اور اپنی راہوں کو ترک کر کے خُدا کی راہوں کو چننا توبہ کہلاتا ہے۔ (مرقس 15:1؛ لوقا 7:44-49؛ اعمال 20:26)

## معافی

ہر شخص گناہ گار ہے اور اُسے معافی کی ضرورت ہے۔ ہر شخص کو یہ جاننا چاہیئے کہ اُس کے گناہ اور شرمندگی دُور ہو سکتے ہیں۔ خُدا کے معاف کرنے کا مطلب یہ ہے کہ خُدا آپ کو آپ کے گناہ کے بوجھ سے بحال کرتا آپ کے گناہ دُور کرتا اور بھول جاتا ہے۔ (رومیوں 4:6-8؛ افسیوں 7:1)

## نئی زندگی (ابدی زندگی)

جو یسوع پر ایمان لاتا ہے اُسے وہ نئی زندگی کی پیشکش کرتا ہے۔ آپ نئی مخلوق بن جاتے ہیں۔ (2- کرنتھیوں 17:5) آپ زندگی کو نئے انداز سے شروع کرتے، گناہوں کی معافی پاتے اور دلی سکون حاصل کرتے ہیں۔ خُدا آپ کو اور دوسروں کو پیار کرتا ہے اور نئی طرزِ زندگی حاصل ہوتی ہے۔ آپ مسیح یسوع کے ساتھ آسمان پر بھی ابد تک زندہ رہے گے۔ (یوحنا 3:1-6 ؛ 10:27-29 ؛ 1- یوحنا 5:11,12)

## تعلق داری

صرف مسیح یسوع کے وسیلے سے ہی خُدا اور انسان کے درمیان تعلق داری ممکن ہے۔ ہم سب کے گناہوں کی وجہ سے خُدا سے پاک ہوئے۔ لیکن جب ہم مسیح یسوع کی معافی اور قربانی کو حاصل کرتے ہیں تو پھر خُدا ہمارے گناہوں کو یاد نہیں کرتا۔ (پڑھیں رومیوں 4:4-8) کیونکہ مسیح یسوع کے نجات کے کام کے وسیلہ سے ہم راستباز ٹھہرتے ہیں اور خُدا سے ہمارا تعلق بحال ہوتا ہے۔ (رومیوں 3:23,24 ؛ 5:18,19 ؛ 1- کرنتھیوں 1:30 ؛ 2- کرنتھیوں 5:21)

خُدا سے ہماری تعلق داری اور نجات کا انحصار کسی قسم کے قوانین کی فہرست پر نہیں جن میں کچھ کرنے یا نہ کرنے کی پابندیاں عائد ہوتی ہیں۔ یہ سچ ہے کہ اگر ہم خُدا سے پیار کرتے ہیں تو اُس کے حکموں پر بھی عمل کرتے ہیں۔ (یوحنا 14:15) لیکن ہم اپنے اعمال سے نہیں بچ سکتے۔ (افسیوں 2:8-10) مسیح یسوع خُدا کو ہم پر بطور باپ ظاہر کرتا ہے۔ (متی 9:6؛ یوحنا 7:14-9) ہم خُدا کو جان سکتے اور وہ ہمیں جان سکتا ہے۔ (یوحنا 3:17-2 ؛ 2- تمتھیس 2:19) یہ مسیحی زندگی ہے نہ کہ بےکار قسم کی مذہبی رسومات اور ہمارے نیک اعمال۔

## ایمان

"ایمان" کا مطلب کسی پر اعتقاد کرنا، ایمان رکھنا، یقین کرنا، انحصار کرنا ہوتا ہے۔ مسیح یسوع پر ایمان رکھنے کا مطلب ہے کہ اُس پر پورے طور سے یقین کرنا اور اُس کا پیروکار بننا ہوتا ہے۔ یہ محض ذہنی طور پر نہیں ہوتا بلکہ اپنی پوری زندگی اُس کے حوالے کرنا ہوتا ہے۔ (یوحنا 12:1) ایمان رکھنے کا مطلب اُس پر اتنا بھروسہ کرنا اور یسوع پر اپنے ایمان کا اقرار اپنی زبان سے کرنا۔ (رومیوں 10,9:10)

## جہنم

بائبل بیان کرتی ہے کہ شیطان اور اُس کے فرشتوں کیلئے ایک جھیل مقرر ہے۔ (متی 41:25) یسوع نے کہا کہ جہنم ہوگی۔ "مگر بادشاہی کے بیٹے باہر اندھیرے میں ڈالے جائینگے۔ وہاں رونا اور دانت پیسنا ہوگا"۔ (متی 12:8)

لوگ جو مسیح یسوع اور اُس کے کام کو چُننے کے بجائے اپنے گناہ اور اپنی راہوں پر چلتے ہیں افسوس ہے کہ وہ شیطان کی پیروی اور جہنم کا چناؤ کرتے ہیں۔

خُدا کا بنی نوع انسان کے لئے ہرگز یہ مقصد اور ارادہ نہیں تھا کہ وہ ابدی ہلاکت اور مصیبت میں پڑے۔ (1- تمتھیس 4:2 ؛ 2- پطرس 9:3) لیکن ہر انسان کو چاہیئے کہ مسیح یسوع کو اپنا نجات دہندہ قبول کر کے خُدا سے تعلق بحال کر لے یا خُدا سے دُوری اختیار کر کے جہنم میں جائے۔

## انجیل کے چار بنیادی نکات :-

انجیل کے چار خاص نکات ہیں۔ خواہ آپ منادی کریں۔ خواہ کسی کو کلام سُنائیں۔ کسی کو چھٹی تحریر کریں یا کسی مردوں اور عورتوں کے گروپ سے مخاطب ہوں۔ لیکن بنیادی پیغام ایک ہی ہوتا ہے۔

نکات یہ ہیں :-

خُدا کا منصوبہ۔ آدمی کی سرکشی۔ مسیح یسوع کا نجات بخش کام۔ آدمی کا رَدِ عمل۔

اِن چار نکات کے بارے میں مزید معلومات کیلئے پاک کلام میں سے مندرجہ ذیل حوالہ جات مطالعہ کریں:-

## 1- خُدا کا منصوبہ

- خُدا آپکو پیار کرتا ہے۔(یوحنا 16:3؛رومیوں 39-35:8)
- خُدا آپکو کثرت کی زندگی اور اپنے ساتھ رفاقت دینا چاہتا ہے۔(یوحنا 10:10؛ مکاشفہ 20:3)
- خُدا آپ کی زندگی کیلئے اچھا ارادہ رکھتا ہے جو آپ پر ظاہر کرنا چاہتا ہے۔ (یرمیاہ 11:29؛رومیوں 28:8)
- خُدا چاہتا ہے کہ آپ اُس کو شخصی طور سے جانیں۔(یوحنا 3:17)

## 2- آدمی کا گناہ

- گناہ کرنا خُدا اور اُس کی راہوں کی سرکشی کرنا ہے۔(یوحنا 20,19:3 ؛ رومیوں 10:5)
- گناہ آپ کو خُدا سے جُدا کرتا ہے۔(افسیوں 12:2 : 18:4)
- سب نے گناہ کیا اِس لئے دُنیا میں انسان دُکھ ، درد اور موت میں مبتلا ہے۔ (رومیوں 23:3 : 12:5)
- خُدا کے کامل انصاف کا تقاضا یہ تھا کہ بنی نوع انسان کے گناہوں کا کفارہ دیا۔ (رومیوں 23:6)

## 3- مسیح کا نجات بخش کام

- ہمارے گناہوں کی خاطر مسیح یسوع صلیب پر مُوا اور فدیہ دیا۔ (1-پطرس 24:2 ؛ کلسیوں 15-13:2)
- مسیح یسوع کے وسیلے سے خُدا سے ہماری تعلق داری بحال ہوئی۔(یوحنا 6:14 ؛ اعمال 12:4)
- مسیح یسوع نے گناہ اور موت پر فتح پائی اور مُردوں میں سے جی اُٹھا۔ (رومیوں 4,3:1 ؛ 1- کرنتھیوں 23-20:15)
- مسیح یسوع ہمیں گناہوں کی معافی اپنا اطمینان، محبت اور نئی زندگی دیتا ہے۔ (یوحنا 10:10 ؛ رومیوں 1:5)
- مسیح یسوع بادشاہوں کے بادشاہ کے طور پر آج بھی زندہ ہے۔ (مکاشفہ 18,17:1 ؛ 16:19)

## 4- آدمی کا رّدِ عمل

- مسیح یسوع نے مجھے جو کہا اور جو کچھ اُس نے میرے لئے کیا ہے مجھے قبول کرنا چاہیئے۔(2- کرنتھیوں 2,1:6)
- میں مسیح یسوع کی قربانی کو قبول کرتا ہوں جو اُس نے میری زندگی اور گناہوں کی خاطر دی۔(اعمال 41-37:2 ؛ 34-30:16)
- میں مسیح یسوع سے اپنے گناہوں کی معافی مانگوں گا تا کہ وہ میرا خُداوند اور نجات دہندہ بنے۔(یوحنا 16,15:3 ؛ افسیوں 7:1)
- میں اپنی گناہ آلودہ زندگی کو تبدیل کرونگا اور کلام کے مطابق اُس کے منصوبے سے زندگی گزاروں گا۔(افسیوں 32-17:4)
- میں ہر روز مسیح یسوع کی پیروی کرونگا۔(لوقا 26-23:9 ؛ 1-یوحنا 7:1)
- میں اپنے ایمان کے بارے میں جو مسیح یسوع میں ہے دوسروں کو بھی بتاؤنگا۔ (متی 19:28 ؛ مرقس 15:16)

إن چار بنیادی نکات کو استعمال کرتے ہوئے انجیل کو بہتر طور پر پیش کیا جا سکتا ہے۔ جو کہ کچھ اسطرح ہے:۔

"وہ واحد خُدا ہے جس نے پوری کائنات کو پیدا کیا۔ وہ پاک، منصف اور ہر چیز سے بلند و بالا ہے۔ کسی بھی چیز کا موازنہ خُدا کی عظمت اور قوت سے نہیں کیا جا سکتا۔ خُدا جو قوت کا سرچشمہ ہے آپ کو پیار کرتا ہے۔ اُس نے اپنے لئے آپ کو پیدا کیا۔ وہ آپ سے تعلق داری قائم رکھنا چاہتا تھا"۔

لیکن کچھ چیزیں آپکے اور خُدا کے درمیان دُوری کا سبب ہیں۔ کچھ چیزیں آپکو خُدا سے، اِسکے علم پیار اور اُس کا مقصد جو آپ کی زندگی کیلئے ہے جاننے میں رکاوٹ پیدا کرتی ہیں۔ اِس دُنیا میں گناہ کی وجہ سے بہت سی مشکلات اور پریشانیاں ہیں۔ گناہ مثلاً جھوٹ، فریب، نفرت، چوری، بُرے خیال اور قتل ہیں۔ بائبل مقدس کہتی ہے کہ ہر انسان کا دل گناہ آلودہ ہے۔(یرمیاہ 9:17) آدم اور حوا (پہلے انسان) نے باغِ عدن میں خُدا کی نافرمانی کی اِس لئے ہر انسان گناہ میں پیدا ہوتا ہے۔ (زبور 5:51) گناہ ایک دیوار کی طرح ہے جو آپکو خُدا سے دُور رکھتی ہے۔ کیونکہ ہم فطری طور پر گناہ گار ہیں۔ ہم اپنی زندگی اپنی مرضی کے مطابق بسر کرنا چاہتے ہیں نہ کہ خُدا کی مرضی کے مطابق۔ سب نے گناہ کیا۔(1-سلاطین 46:8 ؛ رومیوں 23:3) خُدا کے کامل انصاف کا تقاضہ یہ ہے کہ ہمیں ہمارے گناہوں کی سزا ملے۔

"خُدا جانتا ہے کہ ہم اپنے گناہوں کی وجہ سے اندرونی طور پر مردہ ہیں"۔ (افسیوں 1:2؛ 1-کلسیوں 13:2) خُدا نے اپنے بیٹے مسیح یسوع کو بھیجا کہ

ہمارے گناہوں کی سزا اپنے اُوپر لے لے اور ہمارے عوض صلیب پر جان دے۔ مسیح یسوع نے ہمارے اور خُدا کے درمیان جو دیوار تھی گرا دی اور ہمارا ٹوٹا ہوا رشتہ خُدا سے بحال کیا۔ مسیح یسوع کے خدا ہونے کا ثبوت یہ ہے کہ وہ مُردوں میں سے جی



لوگوں کو اپنی تبدیلی کی کہانی یا گواہی دینے سے لوگوں کو پتہ چلتا ہے کہ خُدا شخصی طور پر اُن کی مدد کرنے میں دلچسپی رکھتا ہے۔

اُٹھا۔ (رومیوں 4:1) مسیح یسوع ہمیشہ بطور بادشاہ زندہ ہے جو کہ دوسرے بادشاہوں سے بڑا ہے!

"یہ سچ ہے ایمان رکھیں اور مسیح یسوع کی قربانی کی قبول کریں۔ آپ اقرار کریں کہ آپ گناہ گار ہیں خُدا سے معافی مانگیں، مسیح یسوع کی معافی قبول کریں اور خُدا سے رفاقت رکھیں۔ انتخاب آپ کو کرنا ہے۔ مسیح یسوع پر ایمان لائیں اور معافی پائیں یا پھر گناہ آلودہ زندگی گزارتے ہوئے ابدی ہلاکت پائیں۔ کیا آپ مسیح یسوع پر ایمان لاتے ہیں؟"

اِن چار نکات کے بارے میں گفتگو کرنے کے کئی طریقے ہیں۔ اِن نکات کی بار بار مشق کرنے سے یہ آپ کیلئے آسان ہو جائیں گے۔ آپ اِس کی مشق کا آغاز اپنے آپ سے اُونچی آواز سے بول کر سکتے۔ اور پھر دوسرے مسیحیوں کے ساتھ بول کر اور پھر غیر ایمانداروں کے ساتھ مشق کر سکتے۔

## انجیل پیش کرنے کیلئے جوڑیاں

جب آپ انجیل کی منادی کریں گے تو مندرجہ ذیل جوڑیاں آپ کیلئے بڑی مددگار ثابت ہونگی۔ اِن جوڑوں کو استعمال کرنے کیلئے یاد کریں۔ انجیل کا پیغام واضح طور پر بتانے اور لوگوں کو مسیح یسوع کے پاس لانے میں یہ جوڑیاں آپ کی مدد کریں گی۔

### پہلا جوڑا : آپ کی کہانی اور خُدا کا کلام

اپنی کہانی یا گواہی بتائیں کہ آپ مسیح یسوع پر کسی طرح ایمان لائے۔ جس سے لوگوں کو یہ جاننے میں مدد ملے گی کہ خُدا لوگوں کی ذاتی طور پر مدد کرنے میں دلچسپی رکھتا ہے۔ شکر گزاری کرنا اور دوسروں کو بتانا اچھا ہے کہ مسیح یسوع نے آپ کیلئے کیا کیا۔ (لوقا 39:8)

کبھی کبھار کسی دوسرے شخص کی کہانی بتانے سے مدد ملتی ہے۔ خُدا انسان کو کس طرح تبدیل کرتا ہے یہ تبدیلی کا کام بھی خُدا کا ایک بڑا کام ہے۔

ایک اچھی گواہی کے تین حصے ہیں:

1) مسیح کو قبول کرنے سے پہلے میری زندگی کیسی تھی؟

2) میں کن وجوہات کی بناء پر مسیح کے پاس آیا؟


3) مسیح کو قبول کرنے کے بعد میری زندگی میں کیا تبدیلی آئی ہے؟

اگر آپ اِن تین سوالات کا جواب دیں تو آپ اچھی گواہی دے سکتے ہیں۔ آپ اپنی گواہی کی ساری تفصیلات نہ بتائیں بلکہ گواہی کی خاص خاص باتیں بیان کریں۔ اپنے ماضی کی بُری باتوں پر زور نہ دیں بلکہ یہ باتیں کہ مسیح یسوع کتنا بھلا ہے اور اُس نے کس طرح آپ کی زندگی تبدیل کی۔ آپ اپنی گواہی کو لکھ کر بولیں۔ یہ بہت لمبی نہیں ہونی چاہئے۔ آپ کی چھوٹی کہانی بتانے سے ایک مضبوط اور اچھا تاثر ملے گا۔ خُدا کا کلام زندہ اور قوت والا ہے۔ اس کے علاوہ اور کوئی کلام اہم نہیں ہے۔ خُدا کا پاک کلام بیان کریں کیونکہ وہ گناہگاروں کو بچانے کی قوت رکھتا ہے۔ "کیونکہ تم فانی تخم سے نہیں بلکہ غیر فانی سے خُدا کے کلام کے وسیلے سے جو زندہ اور قائم ہے نئے سرے سے پیدا ہوئے ہو ......یہ وہی خوشخبری کا کلام ہے جو تمہیں سُنایا گیا تھا"۔ (1-پطرس 1:23-25 ؛ مزید دیکھیں یعقوب 1:18)

بائبل ہمارے لئے بہت اہم ہتھیار ہے اور ہماری گواہی بھی ایک موثر ہتھیار بن سکتی ہے۔ جب آپ منادی کریں یا مسیح یسوع کی گواہی دیں تو اِن ہتھیاروں کا استعمال کریں۔

## دوسرا جوڑا : پاک کلام اور رُوح القدس

جب آپ گواہی دیں یا مسیح یسوع کی منادی کریں تو بائبل مقدس کے الفاظ استعمال کریں۔ کچھ ممالک میں لوگوں کے پاس محدود تعلیم ہوتی ہے اِسلئے وہ بہتر طور پر لکھ




پڑھ نہیں سکتے۔ اُن کے پاس ذخیرہ الفاظ بہت محدود اور سادہ ہوتا ہے۔ اِسلئے خُدا کے کلام کو سادہ الفاظ میں بیان کریں تا کہ دوسرے کو سمجھ آسکے۔ مثلاً آپ کہہ سکتے ہیں کہ سب لوگوں نے گناہ کیا اور خُدا کی بے عزتی کی اِسلئے ہمیں اِس کی سزا ملنی چاہئیے۔ لیکن خُدا نے ہمیں مسیح یسوع کے وسیلہ سے معافی کی پیشکش کی ہے۔ یہ پاک کلام کا اُصول (سچائی) ہے جو رومیوں 23:3 اور رومیوں 23:6 میں پائے جاتے ہیں اور اِن کو آپ مزید سادہ الفاظ میں بیان کرسکتے ہیں۔ لیکن آپ کو چاہئیے کہ آپ بہت احتیاط سے کلام پیش کریں ایسا کہ اِس کے معنی تبدیل نہ ہوں۔

اِس جوڑے کا دوسرا حصّہ رُوح القدس ہے۔ اِس نے آپ سے وعدہ کیا ہے کہ وہ آپ کو مسیح یسوع کی تعلیم سمجھنے اور یاد رکھنے میں مدد کرے گا۔ (یوحنا 26:14؛ 26:15؛ 13:16) یہ رُوح القدس ہی ہے جو گناہ گاروں کو اُن کے گناہ کا احساس دلاتا ہے۔ تا کہ وہ مسیح یسوع پر ایمان لائیں۔ (یوحنا 8:16) رُوح القدس کے کام کے بغیر آپ لوگوں کو یسوع کے پاس نجات کیلئے نہیں لاسکتے۔

خُدا کا پاک رُوح آپ کو گواہی دینے کیلئے قوت دیتا ہے۔ (دیکھیں ساتویں حصّہ "رُوح سے معمور ہوں")

یہ ضروری ہے کہ آپ رُوح القدس سے قوت اور دلیری مانگیں۔ منادی کرتے وقت بائبل کے الفاظ کو استعمال کریں اور ایمان رکھیں کہ رُوح القدس لوگوں کو بچائے گا۔ خُدا کی مرضی ہے کہ ہر انسان نجات پائے اور سچائی جانے۔ (1- تیمتھیس 4:2) تو خُدا آپ کی مدد کرے گا۔

## تیسرا جوڑا : دُعا اور تیاری

جن لوگوں کو آپ کلام سُنانا چاہتے ہیں اُن کے لئے آپ پہلے دُعا کریں تا کہ آپ اُنہیں جیت سکیں۔ جن لوگوں اور جن جگہوں میں آپ منادی کرنا چاہتے ہیں۔ آپ اُن کے لئے زیادہ دُعا کریں۔ اِس طرح خُدا آپ کے دل میں کسی خاص مرد یا عورت کیلئے بوجھ ڈالے گا۔ آپ کو اُس شخص کیلئے روزانہ دُعا کرنی چاہئیے۔ یوں آپ کو تیاری کی ضرورت ہے۔ آپ کی تیاری کی مندرجہ ذیل باتیں:-

★ خُدا کے کلام کو پڑھنا اور اُس کا مطالعہ کرنا۔
★ پیغام کی تیاری (اِس شمارے کے حصّہ سات کو پڑھیں)
★ جو آپ کہنا چاہتے ہیں اُس کی مشق کریں۔
★ زیادہ وقت خُدا کے ساتھ دُعا میں گزاریں۔

خُدا سے دریافت کرنے میں وقت گذاریں کہ آپ کو کسی شخص یا گروپ کے پاس کس طرح جانا ہے؟ بائبل کی آیتوں کو یاد کریں۔ آپ مسیح یسوع سے پوچھیں کہ آپ اُسے لوگوں میں کس طرح پیش کریں۔ اگر آپ لوگوں کو بچانے میں گہری دلچسپی رکھیں تو خُدا آپ کی لوگوں کو بچانے میں مدد کرے گا۔

## چوتھا جوڑا : منادی کیلئے دو دو کر کے جائیں

یسوع نے سوچا کہ اُس کے شاگرد اکیلے سفر نہ کریں بلکہ جوڑا بن کے۔ اگر آپ کسی شاہراہ پر گواہی دے رہے ہیں تو ایک شخص کو اپنے ساتھ رکھیں جو آپ کے بولتے وقت آپ کیلئے خاموشی سے دُعا کرے۔ یہ ایک اچھی مشق ہے جوڑے کی شکل میں کام کرنے سے آپ گواہی دینے اور بشارت کیلئے اپنے ہم خدمت ساتھی کو تربیت دے سکتے ہیں۔ آپ کو ایک دوسرے کی مدد اور حوصلہ افزائی کرنا چاہئیے۔

جنوبی افریقہ میں جوان مرد اور عورتیں جو مسیح یسوع سے پیار کرتے ہیں روزانہ رُوحیں جیتتے ہیں۔ اُن میں کچھ طلباء ہیں اور کچھ ملازمت پیشہ ہیں۔ لیکن اُن میں کوئی

بھی کسی کلیسیا کا پاسبان نہیں ہے بلکہ رُوحیں جیتنے والے ہیں۔ ہر ہفتے مختلف شاہراہوں یا گھروں میں مسیح یسوع کے بارے میں بتانے کیلئے جاتے ہیں۔ اُنہیں انجیل کے چار نکات یاد ہوتے اور جوڑوں کے ہتھیاروں کو استعمال کرنا جانتے ہیں۔ وہ گواہی دینے کیلئے اپنے آپ کو دُعا کے ذریعے تیار کرتے ہیں۔ ایک جوان عورت اپنے دوپہر کے کھانے کے وقفے کے دوران باہر جاتی اور راہ گیروں سے مسیح یسوع کی گواہی دیتی ہے جس سے ہفتے میں دو سے چار افراد مسیح یسوع کیلئے جیتے جاتے ہیں۔ وہ لوگوں کو مسیح یسوع کے پاس آنے میں مدد کرتی اور گرجہ گھر میں لاتی ہے۔ ہر ایک مسیحی کے لئے خُدا کی مرضی ہے کہ:۔ اُس کی انجیل کے پیغام کو سمجھے اور اُسے کس طرح پیش کرنا ہے اور بلاخوف وخطر یا بلا شرم کلام کی منادی کرے۔

## واضح طور پر بولیں

بائبل کہتی ہے "مگر جس پر وہ ایمان نہیں لائے اُس سے کیونکر دُعا کریں؟ اور جسکا ذکر اُنہوں نے سُنا نہیں اُس پر ایمان کیونکر لائیں؟ اور بغیر منادی کرنے والے کے کیونکر سُنیں؟" (رومیوں 14:10) اگر لوگ پیغام کو نہ سمجھیں تو کسطرح بچ سکیں؟ یہ جاننا ضروری ہے کہ انجیل کے پیغام کو واضح اور سادہ طور پر پیش کریں تاکہ لوگ حقیقی طور سے ایمان لائیں اور مسیح یسوع کی پیروی کریں۔ (دیکھیں تیسرا حصہ مبشر کا پیغام) کبھی کبھار ایسی مذہبی اصطلاحات جنہیں ہم عام طور پر استعمال کرتے ہیں وہ دوسرے لوگ نہیں سمجھ پاتے اور وہ اُن کیلئے غیر زبان ہوتے ہیں۔ اِسلئے نئے مسیحی اور غیر مسیحیوں کے ساتھ ایسی اصطلاحات پیش نہ کریں جنہیں وہ سمجھ نہ سکیں۔ انجیل کے

## پاک کلام پیش کرتے وقت کی مثالیں

| سمجھنے میں مشکل | سمجھنے میں آسان |
|---|---|
| ★ آپ کو مسیح کے تابع ہوکر نجات پانی چاہیے۔ | ★ آپکی ایک ضرورت ہے کہ مسیح یسوع آپ کے گناہوں کیلئے مرا۔ آپ اپنی زندگی اُسے دیں۔ |
| ★ ہیلیلویاہ بھائی، ابدی زندگی آپ کی ہوسکتی ہے۔ | ★ میرے دوست مسیح یسوع آپ کو اب سے ہمیشہ تک لمبی زندگی دینا چاہتا ہے۔ |
| ★ میں نے نجات پائی اور آزاد ہوا۔ | ★ مسیح یسوع نے میرے گناہ اپنے اوپر لے کر مجھے آزاد کیا۔ |
| ★ میں گناہ گار تھا لیکن اب نجات یافتہ ہوں۔ | ★ گناہ کی وجہ سے میری زندگی تباہ تھی۔ تب میں مسیح یسوع سے ملا اور اُس نے میرے گناہ معاف کئے اور میری زندگی تبدیل کی۔ اُس نے مجھے عمدہ زندگی دی۔ |
| ★ میں اپنی گواہی آپ کو دُونگا۔ | ★ میں آپکو اپنی کہانی سُناؤنگا کہ کس طرح یسوع نے مجھے بچایا۔ |

خُدا چاہتا ہے کہ آپ سچائی کو بڑی محنت۔ دُرست طور سے اور محتاط ہو کر پیش کریں۔
(2۔ تیمتھیس 15:2)
اسکا مطلب مسیحیوں کو کلام سُنانے سے بڑھ کر ہے۔ اسکا مطلب یہ بھی ہے کہ غیر نجات یافتہ مرد اور خواتین کو کلام سُنانے کے لائق ہونا۔

انجیل کے پیغام کو پیش کرتے ہوئے آپ سادہ زبان کا استعمال کریں۔ اگر آپ مسیحی اصطلاحات کو استعمال کریں تو آپ اُنکو واضح طور پر بیان کریں کیونکہ اُن میں کئی لوگ مسیحی اصطلاحات کو نہیں سمجھتے۔ اِن سب باتوں سے بڑھ کر سب سے اہم بات یہ ہے کہ جو الفاظ آپ اپنے پیغام میں استعمال کرتے ہیں وہ انجیل کی وضاحت کرتے ہوں ایک اچھے اُصول کو پیروی :

انجیل کی سچائی کو تبدیل کئے بغیر جہاں تک ممکن ہو سکے سادہ الفاظ میں بیان کریں۔

دوسرا اُصول

جن لوگوں سے آپ بات کریں اُن کے حالات سمجھنے کی کوشش کریں۔ اگر آپ اُن کو سمجھیں گے تو آپ اُن سے واضح طور پر بات کر سکیں گے۔ بطور پاسبان، مبشر اور کلیسیائی رہنما! آپ کیلئے جاننا بہت ضروری ہے کہ کس طرح انجیل کو پیش کیا جائے۔ آپ کو سمجھنا چاہیئے کہ انجیل کو کس طرح واضح اور مکمل طور پر پیش کیا جائے۔ جب آپ جان جائیں گے کہ یہ کس طرح کرنا ہے تو پھر آپ مسیح یسوع کے بارے میں کہیں بھی اور کسی بھی شخص سے موقع محل کے مطابق بات کر سکیں گے۔ خُدا چاہتا ہے کہ آپ سچائی کو بڑی محنت، دُرست طور اور بڑے محتاط انداز میں بیان کریں۔ (2۔ تیمتھیس 15:2) اس کا مطلب ہے کہ مسیحیوں کو بائبل سکھانے کی اہلیت رکھنے سے بڑھ کر ہے۔ اس کا یہ بھی مطلب ہے کہ غیر نجات یافتہ لوگوں کو بائبل سکھانے کے لائق ہونا ہے۔

## انجیل کی منادی کرنے کے طریقے

### 1- تعلق داری کے ذریعہ

اس قسم کی بشارتی خدمت بعض اوقات ''دوستی کی بشارت'' کہلاتی ہے۔ کسی کا دوست بن کر اُسے انجیل کی باتیں بتانا۔ یسوع کے بارے میں کسی کو بتانے سے پہلے اُس شخص کو جاننا اور اپنے اور اُس کے مابین اعتماد اور تحفظ کو قائم کرنے چاہئیں۔ جب آپ کسی شخص یا اشخاص کو پیار کریں گے اور اُن کے سامنے مضبوط ایمان والے کے طور پر زندگی کا نمونہ پیش کریں گے تو وہ شخص یا اشخاص آپ سے یسوع کے بارے میں سُننے کیلئے تیار ہو جائیں گے۔

کچھ لوگوں کے معاملہ میں (مثلاً مسلمان) آپ کو اُن سے یسوع کے بارے میں بتانے کیلئے اجازت لینی پڑتی ہے۔ لوگوں کو آپ کو جاننے کیلئے وقت درکار ہوتا ہے کہ آیا آپ مخلص اور حقیقی اور اصلی مسیحی ہیں۔ اس طرح کی بشارتی خدمت میں وقت لگتا ہے۔ یہ ایک عمل ہوتا ہے۔ اس خدمت میں آپ کو دوسروں کی زندگی کے کاموں مثلاً اُن کی حفاظت۔ خوشیوں۔ تفکرات۔ اُمیدیں۔ خاندان اور ملازمت وغیرہ میں شامل ہونا پڑتا ہے۔

### 2- بولنے کا صرف ایک موقع

بشارتی کام کا یہ طریقہ بہت تیز اور قوت والا ہوتا ہے۔ یہ طریقہ آپ بسوں یا ریل گاڑی میں اپنے قریب بیٹھے ہوئے ہم سفر کے ساتھ استعمال کرتے ہیں یا گلی میں کسی ملاقاتی کے ساتھ گفتگو کے دوران کرتے ہیں۔ اکثر اوقات اجنبی شخص جس سے آپ کی ملاقات ہوتی ہے بہت ممکن ہے اِس سے آپ دوبارہ کبھی نہ ملیں۔ اُس ملاقات میں آپ ایک دوسرے کے رُوبرو ہوتے ہیں۔ آپ اُنہیں انجیل کے چار نقاط بتائیں اور اگر ممکن ہو تو اُن کو اپنے ساتھ یسوع کو قبول کرنے کیلئے دُعا کرنے کو کہیں۔ کبھی کبھار آپ اُن کو بائبل مقدس یا رسالہ یا کوئی مسیحی لٹریچر دیں۔ آپ اُن پر اپنی زندگی کے عمل سے خُدا کی محبت کو ظاہر کریں۔ خُداوند سے کہیں کہ جب لوگوں کو پاک کلام سُنانے کا موقع ملے تو وہ آپ کو دلیری عطا کرے۔

### 3- ایک خدمت

رحم دلی یا قربانی کا لوگوں پر بہت جلدی اور بہت زیادہ اثر ہوتا ہے۔ کسی شخص کی کسی طرح سے مدد کرنے سے یسوع کے بارے میں سُننے کیلئے دل کھل جاتا ہے۔ خُدا سے ایسے موقعوں کے حصول کیلئے دُعا مانگیں۔ خُدا نے بھی ہمارے لئے ایسا ہی کچھ

کیا ہے۔ اُس نے اپنے پیار کا اظہار اپنے پیارے بیٹے کی قربانی سے کیا ہے۔

(رومیوں 8:5)

### 4- عوامی سطح پر اظہار

اس قسم کی بشارتی خدمت میں آپ لوگوں کے بڑے ہجوم میں آزادی سے بول سکتے ہیں۔ کبھی کبھار آپ لوگوں کو بڑی تعداد میں جمع کریں تا کہ آپ بول سکیں۔ موسیقی - گانے والے - ناچنے والے یا دوسرے کرتب دکھانے والوں کا پروگرام ترتیب دیں تو بہت سے لوگ جمع ہو جائیں گے تو آپ اس پروگرام کے دوران لوگوں میں منادی کر سکتے ہیں۔ ایسے موقعوں پر بڑا لمبا چوڑا پیغام دینے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ آپ صرف 5 منٹ میں اپنا بشارتی پیغام لوگوں کو دیں۔ اگر آپ لمبا پیغام دیں گے تو لوگ سننے کیلئے وہاں نہیں رُکیں گے۔ آپ کو یاد رکھنا ہوگا کہ یہ کوئی کلیسیائی عبادت نہیں! آپ کے پاس اُس وقت صرف چند منٹ ہیں جن میں آپ نے اپنے سامعین کو بہت اہم پیغام پہنچانا ہے۔ اس وقت کے دوران ہی آپ نے لوگوں کو اپنے ساتھ مل کر یسوع کو قبول کرنے کی دُعا مانگنے کو کہنا ہے۔

### 5- ایک خاص موقع

لوگوں کو جمع کرنے کیلئے آپ کی منسٹری یا کلیسیا کسی ایسی سرگرمی کا انتظام کر سکتی ہے۔ کئی ممالک میں کلیسیاؤں نے ایسے کام کیے ہیں: موسیقی کی شام۔ کسی خاص خطیب کو دعوت دینا۔ کوئی ڈرامہ پیش کرنا۔ مسیحی فلم دکھانا یا کوائر کے گیتوں کا پروگرام ترتیب دینا۔ کچھ کلیسیائیں غیر نجات یافتہ لوگوں کو کھانے پر دعوت دیتی ہیں۔ آپ کی کلیسیا کے لوگ خدمت کے کام کیلئے ہسپتالوں اور سکولوں میں جا سکتے ہیں۔ اس طرح آپ کو لوگوں کے گروپ کو یسوع کے بارے میں بتانے کو موقع ملے گا۔ آپ کو چاہیے کہ آپ لوگوں کو بتائیں کہ وہ صرف اپنے ہی چرچ کے رسم و رواج کے پابند نہ ہوں۔ اگر آپ اُن کو اپنی کلیسیا میں شامل کرنے کیلئے تبدیل کرنا چاہیں گے تو وہ آپ کے خود غرضانہ عزائم کو سمجھ جائیں گے۔ لیکن اگر آپ انہیں یسوع کے پاس لے کر آئیں گے تو وہ یسوع کو قبول کر لیں گے۔ (ہوسکتا ہے کہ وہ آپ کی کلیسیا کے ممبر بن جائیں)

لوگوں تک کلام کو لے جانے کے کئی طریقے ہیں۔ خُدا آپ کو حکمت دے گا کہ آپ کس طرح دوسروں کو کلام سُنائیں اور آپ دوسروں کو بھی کلام سُنانے کی ٹریننگ دیں۔ انجیل کے چار نکات یاد رکھیں تو پھر آپ دوسروں کو یسوع کے بارے میں بتانے کیلئے سکھا سکتے ہیں۔

نشان خُدا کی طرف سے ایک فوق الفطرت فعل ہوتا ہے جس سے اُسکی ذات کے حقیقی اور قوت والا ہونے کا پتہ چلتا ہے۔ اگرچہ نشانات اور معجزات کا ہر ایماندار سے وعدہ کیا گیا ہے لیکن مبشر حضرات کی منادی کے دوران خصوصی طور پر نشانات اور معجزات رونما ہوتے ہیں۔ ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک مبشر کسی گاؤں میں منادی کر رہا تھا تو اُس نے لوگوں کو بتایا کہ خُدا نے اُسے اُنکے پاس ایک پیغام دے کر بھیجا ہے۔ اُس نے اُنہیں بتایا کہ یسوع نے صلیب پر کس طرح دُکھ اُٹھایا اور مر گیا۔ دفن ہوا اور تیسرے دن مُردوں میں سے جی اُٹھا اور یسوع اُنکے گناہوں کو معاف کرتا ہے۔ پھر مبشر نے کہا: ''اس بات کو سچا ثابت کرنے کیلئے ابھی ہم بیماروں کیلئے یسوع کے نام میں دُعا کریں گے اور اُس سے کہیں گے کہ وہ اُن بیماروں کو شفا دے۔ اُس نے بیماروں کیلئے دُعا کی اور وہ شفا پا گئے۔ ایک بدرُوح گرفتہ ڈاکٹر میں سے یسوع کے نام میں بدرُوح نکلی اور وہ زمین پر گر پڑا۔ لوگوں نے جب یہ سب کچھ ہوتے دیکھا تو وہ یسوع پر ایمان لے آئے۔ اُس گاؤں کے 20 مردوں نے اُس روز یسوع کو قبول کیا۔ نشانات اور معجزات کے حوالے سے اس طرح کی کئی اور مثالیں ہیں۔ افریقہ کے ایک مُسلم گاؤں میں کچھ مردوں اور خواتین نے کلام سُنانے کی اجازت دی۔ اُس گاؤں میں کئی سالوں سے خشک سالی تھی۔ جب مبشر نے کلام سُنانا شروع کیا تو بارش ہونا شروع ہوگئی۔ گاؤں کے ہر شخص نے حتیٰ کہ گاؤں کے چودھری نے بھی اقرار کیا کہ خُدا نے بارش کی صورت میں اُنہیں برکت دی ہے۔

مبشر حضرات جب خُدا کا کلام سُنانے یا دُعا کرتے ہیں تو معجزات رُونما ہوتے ہیں۔ یسوع نے کہا: ''اور ایمان لانے والوں کے درمیان یہ معجزے ہونگے۔ وہ میرے نام سے بدروحوں کو نکالیں گے''۔ بطور مبشر آپ خُدا سے معجزات رونما ہونے کیلئے دُعا مانگ سکتے ہیں اور جب تک معجزہ رونما نہ ہو دُعا جاری رکھیں۔ اپنی منادی کے دوران آپ یسوع نام سے بیماروں کیلئے دُعا کریں اور بھروسہ رکھیں خُدا انہیں ضرور شفا دے گا۔ سامریہ میں اتنے نشانات اور معجزات ہوئے کہ پورے شہر میں ان کا شہرہ ہو گیا۔ بائبل بتاتی ہے کہ سامریہ شہر میں خوشی ہوئی۔ جہاں کہیں بھی انجیل کا پیغام دیا جاتا ہے وہاں خوشی اور شادمانی ہوتی ہے۔ جب خُدا کا کلام سُنایا جاتا ہے تو لوگ یسوع پر ایمان لاتے۔ گناہوں سے مخلصی پاتے اور نئی زندگی حاصل کرتے ہیں۔ یہ سب کچھ خُدا کی معجزاتی قوت سے ہوتا ہے۔ اکثر اوقات ان کے علاوہ بھی معجزات رُونما ہوتے ہیں مثلاً لوگوں کی بیماریاں دُور ہوتی ہیں۔ بدرُوحیں نکل جاتی ہیں۔ لوگ گناہوں کے بندھنوں سے رہائی پاتے اور زندگیاں تبدیل ہوتی ہیں۔ خُدا کا کلام قوت والا ہے۔

حصہ سوئم



# مبشر کا پیغام

## انجیل کا بنیادی پیغام

انجیل کی منادی کرنے کا مطلب یسوع کے بارے میں دوسروں کو بتانا ہے۔ یسوع کی زندگی، موت اور اُس کا جی اُٹھنا مبشر کا پیغام ہوتا ہے۔ پاک کلام میں سے انجیلی پیغام کو بہتر طور پر سمجھنے کیلئے مندرجہ ذیل تحریر کردہ بائبل کے حصوں کو پڑھیں اور بغور مطالعہ کریں۔

## مسیح یسوع نے پیشن گوئی کی

(پیدائش 15:3؛ استثنا 15:18؛ زبور 10:16؛ 31-1:22؛ 9:41؛ یسعیاہ 14:7 ؛ 7,6:9؛ 12-1:53؛ باب 61؛ زکریاہ 13,12:11)

## مسیح یسوع کی آمد اور پیغام

متی 21:1 ؛ 14,13:7 ؛ 11:18

مرقس 15:1؛ 45,27:10؛ 16:16

لوقا 11,10:2؛ 56:9؛ 10:19؛ 33:23

یوحنا 13,12:1؛ 16:3؛ 28,10:10؛ 7-1:14؛ 31:20

اعمال 39-17:2؛ 19:3؛ 12:4

رومیوں 26-9:3؛ 21-1:5؛ 23-17:6؛ 17-15,11-1:8

1- کرنتھیوں 4-1:15

2- کرنتھیوں 21-18:5

گلتیوں 16:2؛ 26-21,13:3؛ 7-4:4؛ 24-16:5

افسیوں 14-1:1؛ 18-1:21

کلسیوں 14,13:1

1- تیمتھیس 6,5:2

1- پطرس 5-1:1 ؛ 18:3

2- پطرس 9:3

1- یوحنا 10,9:4

## یسوع کی آمدِ ثانی

متی باب 24

یوحنا 3-1:14

مبشر لوگوں کو اپنے گناہوں سے توبہ کرنے اور یسوع پر ایمان لانے کی دعوت دیتا ہے۔ پطرس نے سننے والے ہجوم سے کہا کہ جبکہ انہوں نے سچائی کو جان لیا ہے تو وہ خدا سے اپنے گناہوں کی معافی مانگیں اور یسوع پر ایمان لائیں اور اس کی پیروی کریں۔

اعمال 11,10:1

1- تھسلنیکیوں 18-15:4

2- تھسلنیکیوں 2,1:2

ططس 13:2

مکاشفہ 20,5-1:22

مبشر کی بہتر منادی یہ ہے کہ وہ یسوع کے بارے میں بائبل کی روشنی میں بتائے اور لوگوں کو یسوع پر ایمان لانے اور توبہ کرنے کی دعوت دے۔ پڑھیں اعمال باب 2۔ اِس حوالے میں ہم دیکھتے ہیں کہ پطرس رسول کے کلام سُنانے سے 3000 ہزار افراد مسیح یسوع پر ایمان لائے۔ پطرس رسول نے پہلے لوگوں کو یسوع کے بارے میں حقائق بتائے اور پھر اُس نے مجمع کو اُن حقائق پر عمل کرنے کو کہا۔ اُس نے اُنھیں اپنے گناہوں سے توبہ کرنے اور خُدا کی طرف رُجوع ہونے اور یسوع پر ایمان لانے اور اُس کی پیروی کرنے کو کہا۔

## حقائق کی منادی کریں

جب آپ یسوع کے بارے میں منادی کریں گے تو آپ خود دیکھیں گے کہ بہت سے خواتین اور حضرات مسیح یسوع کے پاس آئیں گے۔ جیسا کہ پولوس رسول 1۔ کرنتھیوں 15:1-4 میں لکھتا ہے:" غرض ہم زور آوروں کو چاہئیے کہ ناتواں کی کمزوریوں کی رعایت کریں نہ کہ اپنی خوشی کریں ........ کیونکہ جتنی باتیں پہلے لکھی گئیں وہ ہماری تعلیم کیلئے لکھی گئیں تاکہ صبر سے اور کتاب مُقدس کی تسلی سے اُمید رکھیں"۔(رومیوں 15:1-4) سادہ پیغام یہ ہے کہ یسوع نے زندگی بسر کی۔ صلیب پر مُوا۔ دفن ہوا اور خُدا کی قدرت سے زندہ ہوا۔(دیکھیں 4:1)

## حقائق کی وضاحت کریں

اپنے پیغام میں لوگوں کو بتائیں کہ یسوع خُدا کے ساتھ ہمارے رشتے کو بحال کرنے



انجیل کا پیغام دُنیا کا سب سے زیادہ قوت والا پیغام ہے۔

کیلئے دُنیا میں آیا جو ہمیں پیار کرتا ہے۔(رومیوں 2:1:5 2 کرنتھیوں 20-18:5 ؛ افسیوں 2:11-18؛ 1-یوحنا 10,9:4) یسوع ہمارے گناہ معاف کرنے دُنیا میں آیا۔(افسیوں 7:1؛ کلسیوں 14,13:1) اور گناہ کے بندھن سے آزاد کرنے آیا۔(رومیوں 23-17:6) یسوع مسیح ہمیں نئی اور پاکیزہ زندگی دینے آیا۔(افسیوں 4,3:1 ؛ 2:10 ؛ ططس 14,13:2) اُس نے اپنا پاک رُوح بھیجا ہے تاکہ ہم دُرست طور پر زندگی بسر کرنے کی قوت پائیں اور خُدا کو خوش کریں۔(رومیوں 8:1-11؛ گلتیوں 23-16:5) مسیح یسوع کے وسیلے سے ہمیں زندہ خُدا کے بیٹے بیٹیاں مسیح کے ہم میراث ہونے کا حق حاصل ہوتا ہے۔(یوحنا 13,12:1؛ رومیوں 8:15-17؛ گلتیوں 4:4-7) اور ایک دن جب



بشارت یسوع کے کام کی وضاحت کرتی ہے کہ آج لوگوں میں اِس کا کیا مطلب ہے۔

زمین پر ہمارا کام پورا ہو جائے گا تو پھر ابد تک خُدا کی حضوری میں رہیں گے اور اُس کی رفاقت سے لطف اندوز ہوں گے۔(یوحنا 17:3؛ مکاشفہ 22:1-5)

## ہمیشہ رّدِ عمل کیلئے کہیں

یسوع نے اپنی خدمت کے دوران لوگوں سے رّدِ عمل کیلئے کہا۔ یسوع جب اندھے شخص کو شفا دینے کے بعد ملا تو اُس نے اندھے کو اُس پر ایمان لانے کو کہا۔(یوحنا 9:35-38) یوحنا کی انجیل باب 4 میں ہم دیکھتے ہیں کہ یسوع سامری عورت سے کنویں پر گفتگو کرنے کے بعد عورت کو اُسے خُدا کا بیٹا قبول کرنے کو کہا تھا۔ ایک اچھا مبشر ہر موقعہ پر لوگوں کا رّدِ عمل دیکھنا چاہتا ہے۔ لوگوں کو چاہئیے کہ پاک کلام کی سچائی کو سُننے کے بعد اُس پاک کلام پر جوابی اقدام بھی لیں۔

بھارت کے ایک شہر کی جیل میں ہر ہفتے ایک ٹیم کلام سُنانے جایا کرتی تھی لیکن اُنہوں نے کبھی کسی قیدی کو یسوع کو شخصی طور پر قبول کرنے کو نہیں کہا۔ کچھ عرصے بعد ایک ملاقاتی مبشر نے اُسی جیل میں یسوع کے مطالبات کے بارے میں کلام سُناتے ہوئے اُنہیں بتایا کہ یسوع کو شخصی طور پر قبول کرنا بہت ضروری ہے۔ اُس نے کہا: "آپ میں سے کتنے لوگ میرے ساتھ مل کر یسوع کو شخصی نجات دہندہ قبول کرنے کیلئے دُعا کریں گے"۔ اس میٹنگ میں موجود کئی جوان مردوں نے یسوع کو شخصی طور پر قبول کیا۔ جب لوگوں کو پاک کلام کے ذریعے پتا چل جائے کہ مسیح یسوع نے اُن کی خاطر کیا کچھ کیا ہے تو اُنہیں اُسے شخصی طور پر قبول کر لینا چاہیے۔ لوگوں کو بتائیں کہ یسوع کو کس طرح قبول کرنا ہے۔ اُنہیں اپنے گناہوں سے توبہ کرنا اور اپنے گناہوں کی معافی مانگنا چاہیے۔ اُنہیں یسوع کی صلیبی قربانی کو اور یسوع کو اپنے دل میں قبول کرتے ہوئے اپنی زندگی اُس کی خدمت کیلئے وقف کرنی چاہیے۔

## ایک قوت والا پیغام

ہمارے لئے یہ ایمان رکھنا ضروری ہے کہ خُدا یسوع اور اپنے کلام کی منادی کرنے کا حکم دیتا۔ قوت دیتا اور برکت دیتا ہے۔ (یسعیاہ 55:10, 11؛ رومیوں 10:14-17؛ 1- تھسلنیکیوں 2:13؛ 2- تیمتھیس 4:1-5)

اِس بات پر ایمان رکھیں کیونکہ یسوع کہتا ہے کہ پاک کلام کا بیج پھل لائے گا اور لوگ نجات پائیں گے۔ (مرقس 4:26-29)

خُدا آپ کو بتاتا ہے کہ یسوع کے بارے میں پیغام یا کلام کتنا قوت والا ہوتا ہے۔ "کیونکہ تم فانی تخم سے نہیں بلکہ غیر فانی سے خُدا کے کلام کے وسیلہ سے جو زندہ اور قائم ہے نئے سرے سے پیدا ہوئے ہو۔ چُنانچہ ہر بشر گھاس کی مانند ہے اور اُس کی ساری شان و شوکت گھاس کے پھول کی مانند۔ گھاس تو سُوکھ جاتی ہے اور پھول گر جاتا ہے۔ لیکن خُدا کا کلام ابد تک قائم رہیگا۔ یہ وہی خوشخبری کا کلام ہے جو تمہیں سُنایا گیا تھا"۔ (1- پطرس 1:23-25 مزید دیکھیں یعقوب 1:18)

انجیل کا پیغام دُنیا کا سب سے زیادہ قوت والا پیغام ہے۔ جو مرد اور عورت کا دل تبدیل کر دیتا ہے۔ خاندان کو کسی شہر یا قوم کو تبدیل کر دیتا ہے۔ جب آپ یہ قوت والا پیغام دوسروں کو دیتے ہیں تو آپ رُوحوں کی فصل کاٹتے ہیں۔

وہ لوگ جو القاب کو پسند کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ اُنہیں القاب کے مطابق عزت دی جائے۔ اور وہ دوسروں سے اپنے آپ کو اہم سمجھنے لگتے ہیں۔ مگر یسوع نے کہا (متی 18:4) "پس جو کوئی اپنے آپ کو اس بچے کی مانند چھوٹا بنائیگا وہی آسمان کی بادشاہی میں بڑا ہوگا"۔ مزید پڑھیں یسوع کے بارے میں کہ اِس نے اپنے پیروکاروں اور کارندوں کو حلیمی سے خدمت کرنے کیلئے کیا کہا۔ یہ اکثر سوچا جاتا ہے کہ لقب سے ہی دوسروں کی رہنمائی کے قابل بنا جاتا ہے۔ کچھ لوگ یہ سوچتے ہیں کہ اگر اِنکے پاس مبشر کا لقب ہے تو اِن کو عزت ملے گی۔ ایسے خواتین و حضرات جو مسیح یسوع سے پیار کرتے ہیں اور وہ کئی علاقوں، شہروں میں مسیح کی منادی کرتے ہیں۔ لیکن اُن کے پاس کوئی لقب یا بڑی پہچان نہیں ہے لیکن وہ سچے مبشر ہیں جو خُدا کا کام کرتے ہیں۔ پولوس رسول نے کرنتھس کی کلیسیا کے لوگوں کو مسیح یسوع کا کلام سُنایا اور وہ بچ گئے۔ پولوس نے کرنتھس کی کلیسیا سے کہا تم ہماری پہچان کے خطوط ہو۔ اور اِس کا کام اور بُلاوا بہت سے لوگوں کی زندگی سے ظاہر ہوا۔ یعقوب رسول ہمیں بتاتا ہے کہ ہمارا ایمان کاموں سے نظر آئے نہ کہ لفظوں سے۔ یہ سوچ غلط ہے کہ لقب ہی کی وجہ سے آپ مبشر بنتے ہیں۔ مسیح کی خدمت کوئی لقب نہیں دیتی۔ "منسٹری ایک خدمت ہے"۔ اِس کا مطلب محنت کرنا اپنے بُلاوے کے کام سے وفاداری اور خُدا کی فرمانبرداری کرنا ہے۔ خدمت کرنے کا مطلب لقب حاصل کرنا نہیں ہے۔ تاکہ آپ لوگوں سے عزت حاصل کریں۔ یہ خدمت کا کام مبشر کرتا ہے جس سے خُدا خوش ہوتا ہے اور عزت خُدا کی طرف سے حاصل ہوتی ہے۔ پاک کلام کے مطابق "غیر تیری ستائش کرے نہ کہ تیرا ہی منہ بیگانہ ہی کرے نہ کہ تیرے ہی لب"۔ لوگ آپکے کاموں سے آپکی نعمتوں کو پہچانیں گے نہ کہ آپکے خودساختہ لقب سے۔

# نجات کی کہانی

خُدا ابدی ہے۔ اُس کی نہ کوئی ابتداء ہے نہ انتہا۔ وہی واحد سچا خُدا ہے۔ جو قادر مطلق ہے اور سب چیزوں سے باخبر ہے۔ وہ بے حد پیار کرنے والا ۔ رحم دل ۔ معاف کرنے والا ۔ صابر اور مہربان خدا ہے۔ خُدا شفیق اور منصف ہے۔ خُدا نے اپنی ذات کو ہم پر بطور باپ بیٹے اور رُوح القدس ظاہر کیا ہے۔ واحد خُدا کے تین ظہور ہیں۔

خُدا نے آسمانوں اور زمین کو بنایا۔ اُس نے آدم اور حوا کو اپنی شبیہ پر بنایا اور اُنھیں زمین کا کُل اختیار دے کر ایک خوبصورت باغ عدن میں رکھا۔ اور خُدا ہر روز باغ عدن میں اُن سے ملا کرتا تھا۔



شیطان آدم اور حوا کے پاس سانپ کی شکل میں آیا اور اُنھیں بہکاتے ہوئے کہا یہ زندگی جو خُدا نے اُنھیں دی ہے اِس سے بڑھ کر ایک اور زندگی بھی ہے۔ اِس جھوٹے ۔ چور اور برباد کرنے والے شیطان نے خُدا اور اُس کے کلام کو اِسی طرح رَد کیا جس طرح اُس نے آسمان پر خُدا سے بغاوت کرتے ہوئے کیا تھا اور وہ اپنے ساتھیوں سمیت آسمان سے نیچے زمین پر پھینکا گیا تھا۔ شیطان اور اُس کی شیطانی قوتیں آج بھی لوگوں کو خدا سے گمراہ کرتی ہیں۔

آدم اور حوا نے خُدا کے حکم کی نافرمانی کرتے ہوئے اُس ممنوع شجر کا پھل کھایا اور گناہ سے واقف ہوگئے۔ نافرمانی کی وجہ سے گناہ انسانی نسل میں داخل ہوگیا۔ گناہ انسان سے زبان ۔ خیالوں اور اعمال سے سرزد ہوتا ہے جس سے انسان خُدا سے دُور ہو جاتا ہے۔ گناہ انسان کو برباد کر دیتا اور دُکھ پہنچاتا ہے۔ گناہ انسان کو خُدا اور اُس کے منصوبوں سے دُور کر دیتا ہے۔

گناہ کی مزدوری رُوحانی اور دُنیاوی اموات ہوتیں ہیں۔ لیکن خُدا نے اپنی کامل محبت کے وسیلے سے بنی نوع انسان کا خُدا سے دوبارہ رشتہ بحال کرنے کا انتظام کیا جو گناہ کی وجہ سے ٹوٹ چکا تھا۔ انسانی تاریخ میں ایک موزوں ترین وقت پر خُدا نے اپنے بیٹے یسوع کو انسان کیلئے نجات کا منصوبہ پورا کرنے کیلئے بھیجا۔

یسوع مسیح جو کہ خُدا تھا اور ہے:

★ وہ کنواری مریم سے پیدا ہوا اور پاکیزہ (بے گناہ) زندگی گذاری۔

★ خُدا اور اُس کی نجات کی راہ کو بنی نوع انسان پر ظاہر کیا۔

★ اُس نے انسان کے گناہوں کی خاطر صلیب پر اپنی جان دے دی اور گناہوں کی لعنت اپنے اُوپر لے لی۔

★ گناہ کے زور کو توڑ دیا۔

★ مُردوں میں سے جی اُٹھا تا کہ دُنیا کو معلوم ہو جائے کہ وہ خُدا ہے۔

★ وہ زندہ ہے اور ابد تک تمام بادشاہوں پر حکومت کرتا ہے۔

یسوع نے یہ سب کچھ کُل بنی نوع انسان کیلئے کیا۔ سب نے گناہ کیا ہے جس کی وجہ سے ہر ایک کو گناہ کی مُزدوری جو موت ہے سے نجات کی ضرورت ہے۔ انسان اپنے گناہوں سے اُسی صورت میں نجات پاتا ہے جب کوئی شخص ایمان رکھتا ہے کہ یسوع اِس دُنیا میں آیا مر گیا اور پھر جی اُٹھا ہے۔ ہر انسان کو اپنے گناہوں سے توبہ کرنے اور یسوع کی صلیب کی قربانی کو قبول کرنے کی ضرورت ہے۔ جب کوئی شخص یہ سب کچھ کرتا ہے تو پھر خُدا اُس کے گناہ معاف کر دیتا ہے اور اُس پر سزا کا حکم نہیں رہتا۔ اور یوں انسان کا خُدا سے ٹوٹا ہوا رشتہ دوبارہ بحال ہو جاتا ہے۔ لوگ اپنے نیک اعمال کے ذریعے اپنے گناہوں سے نجات نہیں پا سکتے۔ حتیٰ کہ ہماری راستبازی خُدا کی کاملیت کے مقابلے میں گندی دھجیوں کی مانند ہے۔ یسوع کو شخصی طور پر جانے بغیر ہم خُدا کو نہیں جان سکتے۔ جب ہم یسوع کو اپنا شخصی نجات دھندہ اور خُداوند قبول کر لیتے ہیں تو خُدا کا رُوح ہماری زندگی میں داخل ہوتا ہے۔ اور پھر خُدا کا رُوح ہمیں خُدا کی طرح سوچنے اُسے جاننے ایمان رکھنے اور اُس کی راہوں پر چلنے میں مدد کرتا ہے۔ خُدا چاہتا ہے کہ ہر شخص نجات پائے اِس لئے پاک رُوح بھی ہمیں دوسروں کو نجات کی خوشخبری سُنانے کیلئے دلیری دینا چاہتا ہے۔

خُدا نے خود کو مسیح یسوع کی صورت میں ظاہر کیا۔ وہ بائبل میں خود کو اپنی راہوں اور ہمارے لئے اپنے نجات کے منصوبے کے ذریعہ ظاہر کرتا ہے۔ یہ طاقتور کتاب جس میں خُدا کا کلام درج ہے۔ جس کو پاک رُوح کی ہدایت سے لوگوں نے تحریر کیا۔ بائبل مقدس ہمیں سکھاتی ہے کہ سچائی کیا ہے۔ اسلئے ہم اِس پر ایمان رکھ سکتے اور اِس سے رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں۔ ہمیں پاک کلام کو پڑھنے اور اُس کا مطالعہ کرنے میں جہاں تک ممکن ہو سکے زیادہ وقت دینا چاہئے۔

ہر شخص کو ایک دن مرجانا ہے۔ لیکن اگر ہم مسیح یسوع اور اُس کی نجات پر ایمان رکھتے ہیں تو ہم موت کے بعد ابدی زندگی پائیں گے۔ اور جو لوگ خُدا کی معافی کی پیش کش کو رَد کرتے ہیں وہ خُدا سے دُور رہیں گے اور جہنم میں جائیں گے۔

حصہ چہارم



# مبشر کا کام

1) مبشر کے خاص کام ہیں:-

★ یسوع کے بارے میں دوسروں کو بتانا۔ (وہ کون ہے اور اُس نے کیا کیا)

★ لوگوں کو اپنے گناہوں سے توبہ کرنے کی دعوت دے۔

★ لوگوں کو مسیح یسوع پر ایمان لانے کی دعوت دے۔

ایک مبشر دوسرے مبشروں کو تربیت دیتا ہے۔



★ لوگوں کو بتائے کہ خُدا کے ساتھ تعلق داری کا واحد راستہ یسوع کو قبول کرنا ہے۔

حقیقی مبشر وہ ہوتا ہے جو اپنے اردگرد کے کھوئے ہوئے لوگوں کو بچانے کا روحانی بوجھ رکھتا ہو۔ مبشر حضرات صرف چرچ میں عبادت کرنے کو کافی نہیں سمجھتے۔ وہ لوگوں کو تاریکی کے قبضے سے چھڑانے کیلئے شدید خواہش اور بوجھ رکھتے ہیں تاکہ لوگ ہلاک نہ ہو جائیں۔ (گلتیوں 4:1، کلسیوں 1:13:1، تھسلنیکیوں 10:1) مبشر حضرات کو خُدا کی محبت مجبور کرتی ہے کہ کھوئے ہوؤں کیلئے دُعا کریں اور اُن کے دل میں اِن لوگوں کو کلام سُنانے کی شدید خواہش بھی ہوتی ہے تاکہ وہ بچ جائیں۔ ہوسکتا ہے کہ کچھ لوگ مبشر حضرات کو بھٹکے ہوئے لوگوں کے پاس جانے سے اُن کے خطرناک اور نقصان دہ حالات کو بتاتے ہوئے منع کریں۔ لیکن مبشر حضرات ہر صورت میں بھٹکے ہوئے لوگوں کے پاس جاتے ہیں کیونکہ خُدا نے اُنہیں اُن کے پاس جانے کا حکم دیا ہے۔ اور یوں وہ خُدا کے حکم کو انسانوں کے مشوروں کی بہ نسبت زیادہ اہمیت دیتے ہیں۔ یہ سب خوبیاں مبشر حضرات کے بلاوے میں پائی جاتی ہیں۔ مبشر کو چاہئیے کہ وہ لوگوں کو مسیح کو قبول کرنا اور اُس کی پیروی زندگی بھر کیلئے کرنا موثر طور پر سکھائے۔ ہر مبشر مرد و زن کو سیکھنا چاہئیے کہ کھوئے ہوؤں کو کس طرح معافی کی دعوت دینی ہے۔ اُنہیں لوگوں کو معافی اور قبولیت کی دُعا مانگنے میں رہنمائی کرنا سیکھنا چاہئیے۔

2) مبشر دوسرے مبشران کو تربیت دیتا ہے

کئی مبشر اپنی خدمت کے کام میں بہت کامیاب ہوتے ہیں۔ تاہم وہ اپنا علم - مہارتیں اور تجربہ دوسروں کو منتقل کرنے میں ناکام ہوتے ہیں۔ اگرچہ ایک مبشر ہزاروں کو مسیح کے پاس لاسکتا ہے لیکن اگر وہ نئے مبشروں کو تربیت نہیں دیتا تو وہ اپنے مقصد کو پورے طور پر پورا نہیں کرتا۔ خُدا چاہتا ہے کہ اُس کے رہنما (مبشران - پاسبان - اُستاد اور دوسرے خادم) دوسروں کو تربیت دیں تاکہ خُداوند کا کام ترقی کرے۔ (افسیوں 2:12،11:4- تیمتھیس 2:2) ایسا کرنے سے خدمت کا کام ہر قوم و نسل میں پھیل جاتا ہے۔ اگر آپ مبشر ہیں تو آپ کس شخص کو بشارتی کام کرنے کیلئے تربیت دے رہے ہیں؟ خدمت کے کام میں کون آپ کی پیروی کرے گا؟ پولوس رسول نے تیمتھیس کو لکھا: "اور جو باتیں تُو نے بہت سے گواہوں کے سامنے مجھ سے سُنی ہیں اُن کو ایسے دیانتدار آدمیوں کے سپرد کر جو اوروں کو بھی سکھانے کے قابل ہوں"۔ (2- تیمتھیس 2:2) ہر رہنما کو چاہئیے کہ وہ اپنی آنے والی نسل کو کلام کی باتیں سکھائے اور اپنا تجربہ اور علم اُن میں منتقل کرے اور پھر اِن تربیت یافتہ لوگوں کو بطور مبشر دوسروں کو تربیت دینی چاہئیے۔

آپ کا تجربہ نوجوان مردوں اور عورتوں کیلئے قیمتی اثاثہ ہے۔ آپ کی رہنمائی۔ سوجھ بوجھ اور تربیت کی وجہ سے وہ کئی غلطیوں اور مسائل سے بچ سکتے ہیں۔ مبشر حضرات آپ کے زیرِ تربیت ہیں۔ آپ کو چاہیے کہ آپ اُنہیں اپنا وقت دیں۔ بشارتی کاموں میں اُنہیں اپنے ساتھ رکھیں۔ بشارت کے بارے میں اُنہیں اسباق دیں۔ اُنہیں بائبل میں سے پڑھائیں۔ اُنہیں بشارتی خدمت کرنے کے بارے میں تربیت دیں۔ ایسا کرنے سے خُدا کی بادشاہی کو بڑھوتی ملتی ہے۔ یورپ میں ایک پاسٹر اور مبشر ہے جس کی کلیسیا میں ہزاروں لوگ ہیں جس کی وجہ سے وہ بہت مصروف خادم ہے۔ اتنا مصروف ہونے کے باوجود وہ پاسٹر ہفتہ کا ایک پورا دن 12 افراد کے ساتھ گذارتا ہے۔ تاکہ اُنہیں انجیل کی منادی کیلئے تربیت دے۔ وہ اُن کے ساتھ گھنٹوں گفتگو کرتا ۔ تعلیم دیتا۔ مشاورت دیتا۔ اُن کی باتیں سُنتا اور اُن کے ساتھ مل کر دُعا میں وقت گذارتا ہے۔ درس و تدریس کے دوران وہ اُنہیں ایک دوسرے کی مدد کرتے اور خدمت گذاری کا کام کرنا سکھاتا ہے۔ ایک یا دو سال بعد جب وہ تیار ہو جاتے ہیں تو پھر وہ اُنہیں خدمت کے کام کیلئے بھیج دیتا ہے ۔ اُن بارہ افراد میں سے ہر کوئی بارہ افراد تربیت کرتا ہے۔ صرف 2 سالوں میں 144 لوگ بطور مسیحی رہنما خدا کی خدمت کرنے کیلئے تیار ہو جاتے ہیں ۔ اور دوسرے 2 سالوں میں 1728 لوگ تربیت پاتے ہیں اور اِسی طرح اور اگلے سالوں میں ہوتا چلا جاتا ہے۔


اِس طرح یسوع نے اپنے شاگردوں کی تربیت کی۔ آپ کو ایسے لوگوں کے ساتھ وقت گذارنا چاہیے جو مبشر بننا چاہتے ہوں۔ پاسٹر حضرات کو چاہیے کہ وہ تجربہ کار مبشروں کو تلاش کریں جو نئے مبشروں کو تربیت دے سکیں۔ وہ مبشر آپ کا دوست یا ہم خدمت خدمت ہونا چاہیے۔ مبشر حضرات خُدا کی بادشاہی اور آپ کی کلیسیا کیلئے بڑی برکت کا باعث ہو سکتے ہیں۔

## 3) مبشر ایمانداروں کو بشارت دینا سکھاتا ہے

مبشر کا تیسرا کام افسیوں 12,11:4 میں لکھا ہے :" اور اُسی نے بعض کو رُسول اور بعض کو نبی اور بعض کو مبشر اور بعض کو چرواہا اور اُستاد بنا کر دے دیا۔ تاکہ مُقدس لوگ کامل بنیں اور خدمت گذاری کا کام کیا جائے اور مسیح کا بدن ترقی پائے "۔ اِن آیات کو پڑھنے سے پتہ چلتا ہے کہ خُدا کے بنائے گئے رہنما بشمول مبشران کو چاہیے کہ وہ کلیسیا کے لوگوں کو خُدا کی خدمت کے کام کیلئے تیار کریں۔ مبشر حضرات کو چاہیے کہ وہ لوگوں کو تعلیم دے اور اُنہیں بشارتی کام کیلئے تیار کرے۔

بشارت دینا ہر مسیحی کا کام ہے۔ خُدا مبشر حضرات کو بُلاتا ہے تاکہ وہ کلام کی منادی کیلئے اپنی زندگیاں وقف کریں۔ ہر ایماندار کو کوشش کرنی چاہیے کہ وہ دوسروں کو بتائے کہ یسوع نے اُس کیلئے کیا کچھ کیا ہے۔ ہر مسیحی کو اپنے ایمان کے بارے میں دوسروں کو بتانے کیلئے تربیت کی ضرورت ہوتی ہے۔

مبشر کو چاہیے کہ وہ دوسروں کو سکھائے کہ کس طرح اُنہیں لوگوں کو یسوع کے پاس لانا اور اپنے ایمان کے بارے میں بتانا ہے۔ مبشر کا یہ خاص کام ہے۔ جب کوئی مبشر دوسروں کو اپنے ایمان کے اظہار کرنے کے بارے میں سکھاتا ہے تو ایسا کرنے سے ایمان کا اظہار کرنے والوں کے ایمان میں مضبوطی آتی ہے۔ یسوع پر ایمان لانے کے بعد ہر فرد پر لازم ہے کہ وہ اپنے ایمان کے بارے میں دوسروں کو بتائے۔





حصہ پنجم

# مبشر فلپس کی مثال

اعمال باب 8 پڑھیں - یہاں آپ نے دیکھا ہے کہ فلپس خُدا کا بندہ تھا جس کا کردار بہت اچھا تھا - بائبل مقدس میں وہ ایک واحد شخص تھا جو خصوصی طور پر مبشر کہلاتا تھا - (اعمال 8:21)

## ایک بندہ جس نے دوسروں کی خدمت کی

ہم فلپس کے بارے میں پہلی بار اعمال باب 6 میں پڑھتے ہیں - اُن سات افراد میں سے تھا جس کو یروشلیم کی کلیسیا نے عملی ضروریات پوری کرنے کیلئے چُنا تھا - فلپس غریب بیواؤں کو کھانا کھلا کر خُدا کی خدمت کرتا رہا تھا - یہ خدمت اُسے کلیسیا کے رہنماؤں نے تفویض کی تھی - فلپس نے اُس خدمت کو اپنے لئے کمتر نہیں سمجھا - وہ حلیمی اور فروتنی سے خدمت کرنا اور سیکھنا چاہتا تھا -

اگر آپ چاہتے ہیں کہ خُدا آپ کو برکت دے تو آپ وہی خدمت کریں جو آپ کو تفویض کی گئی ہے - فلپس اُس سات افراد کے گروہ میں سے تھا جو مضبوط ایمان - دانائی اور روحانی قوت کا حامل ہونے کیلئے اعلیٰ مقام رکھتا تھا - (اعمال 6-1:6)
فلپس لوگوں کی روحانی اور دُنیاوی ضرورتیں پوری کرتا ہوا اپنے کام میں خوب محنت کرتا تھا - آپ کو خواہ کلیسیا میں کوئی کام ملا ہے یا آپ کی کوئی منسٹری ہے - گویا کہ جو کچھ بھی کام آپ کے سپرد کیا گیا اُس کو محنت سے دل لگا کر کریں - اپنے گردونواح کے لوگوں کی ضرورتوں سے باخبر رہیں - جن لوگوں کے ماتحت آپ کو کام کرنے کا موقع ملا ہے اُن کی تابع فرمانی اور خدمت کریں جس طرح فلپس نے اُن رسولوں کی کی جو یروشلیم کلیسیا میں رہنما تھے - اپنی خدمت اور ذمہ داریوں کی بڑی محنت اور خوش اسلوبی سے کریں - اگر آپ ایسا کریں گے تو خُدا آپ کو بڑی ذمہ داریاں عنایت کرے گا - (متی 21:25؛ لوقا 10:16)

## فلپس : دُعاگو بندہ

رسولوں کے اعمال میں بیان کیا گیا ہے کہ فلپس سامریہ کو گیا - فلپس کیوں ایک اجنبی شہر میں گیا؟ بائبل مقدس ہمیں بتاتی ہے کہ یروشلیم میں ایذا رسانی شروع ہو جانے کی وجہ سے فلپس وہاں سے سامریہ کو چلا گیا - بہت ممکن ہے کہ فلپس نے ہجرت کرنے سے قبل اپنی ہجرت کے بارے میں خُدا کی مرضی جاننے کیلئے دُعا میں وقت صرف کیا ہو - اور خُدا اسے دُعا میں پوچھا ہو کے اُسے منادی کیلئے کس شہر کو جانا چاہیے - ممکن ہے کہ فلپس نے بیماروں کیلئے بھی دُعا کی ہو کیونکہ بائبل مقدس ہمیں بتاتی ہے کہ بہت سے بیمار شفا پا گئے -

## کھوئے ہوؤں کیلئے خُدا پرستانہ بوجھ

فلپس کو خُدا سامریوں میں منادی کرنے کیلئے لے گیا - فلپس کو معلوم تھا کہ وہ



فلپس غیر مُلکیوں میں منادی کرنے گیا - جو اپنے لوگوں سے یسوع کے بارے میں سُننا پسند نہیں کرتے تھے -

سامری لوگ یہودیوں سے مختلف تھے۔ فلپس غیر لوگوں میں گیا تھا جنہوں نے یسوع کی منادی کرنے والے اپنے ہی سامری لوگوں سے نفرت کی تھی۔ فلپس کھوئے ہوئے سامریوں کیلئے روحانی بوجھ رکھتا تھا۔ اُنہیں بھی مسیح کو جاننے کی ضرورت تھی۔ وہ سامریوں میں گیا کیونکہ خُدا نے اُسے اُن کے درمیان بھیجا تھا۔ وہ دوسروں کو یسوع کے بارے میں بتانے گیا تھا۔ وہ اسلئے وہاں گیا تھا کیونکہ وہ جانتا تھا کہ خُدا اِن کھوئے ہوؤں کی فکر کرتا ہے۔ جن باتوں کی خُدا فکر کرتا ہے اُن ہی باتوں کی فلپس بھی فکر کرتا ہے۔ ممکن ہے کہ فلپس نے دُعا مانگنے اور خُدا کی آواز سُنتے رہنے سے اُس کا دل خُدا کے دل کی مانند ہو گیا۔ لیکن فلپس صرف دُعا ہی نہیں مانگتا تھا بلکہ وہ خُدا کا حکم بھی مانتا تھا۔ وہ منادی کرنے گیا۔

## فلپس نے جو پیغام دیا وہ نہایت سادہ تھا

انجیل کا پیغام بذاتِ خود سادہ اور صاف ہے۔ خُدا نے ہمیں پیدا کیا ہے اور وہ ہمیں پیار کرتا ہے۔ ہم گناہ کی وجہ سے خُدا سے دُور ہو گئے تھے۔ یسوع خُدا کا بیٹا انسانی صورت میں زمین پر آیا۔ وہ ہمارے گناہوں کی معافی کیلئے صلیب پر چڑھ گیا تاکہ اُس کی موت کے وسیلے سے ہمارا رشتہ خُدا سے دوبارہ بحال ہو جائے۔ تب مسیح دفن کیا گیا اور مُردوں میں سے جی اُٹھا۔ شیطان اور گناہ کی قوت تباہ و برباد ہو گئی۔ یسوع آج پوری قوت کے ساتھ زندہ ہے۔ یسوع چاہتا ہے کہ آپ اُس پر ایمان لائیں اور اپنی زندگی اُسے دے دیں۔ جو لوگ خُدا کے بیٹے کو رَدّ کرتے ہیں خُدا کی لعنت اُن پر آتی ہے۔ اور جو لوگ اُس کی پیروی کرتے ہیں خُدا کی ابدی برکت اُنہیں حاصل ہوتی ہے۔

یہ ایک قوت والا پیغام ہے جو لوگوں کی زندگیوں کو تبدیل کرتا ہے۔ یہ سخت دلوں کو توڑتا اور اندھیرے میں بیٹھے ہوؤں کو اُمید دلاتا ہے۔ لوگوں کو اچھے انسان بننے کی تلقین کرنا انجیل کی منادی کرنا نہیں ہوتا۔ مرد و خواتین اپنی کوشش سے نیک نہیں بن سکتے۔ اُنہیں بُرائیوں پر غلبہ پانے کیلئے مسیح یسوع کی قوت کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ وہ نیک انسان بن سکیں۔ آپ لوگوں کو بتائیں کہ یسوع آپ کے گناہ، شرمندگی اور جرم کو دُور کرنے کی قوت رکھتا ہے۔ یسوع اُنہیں نیا مرد یا عورت بنا سکتا ہے۔ (2- کرنتھیوں 17:5) وہ نا اُمیدی میں اُمید پیدا کرتا ہے اور کمزوری میں قوت بخشتا ہے۔ (یسعیاہ 29:40؛ رومیوں 13:15) وہ بیماروں کو شفا دیتا اور اس زندگی میں سب کچھ مہیا کرتا ہے جو ہمیں اُس کیلئے زندہ رہنے کیلئے درکار ہوتا ہے۔ انجیل کا پیغام ایک اچھا پیغام ہے جس میں اُمید اور وعدہ پایا جاتا ہے۔ اچھا مبشر ہونے کیلئے فلپس جانتا تھا کہ سادہ الفاظ میں پیغام دینا چاہئے تاکہ لوگ اُسے باآسانی سمجھ سکیں اور یسوع کے پاس آ سکیں۔

## فلپس کے ذریعہ معجزات ہوئے

معجزات - نشانات اور عجائبات مبشر کی خدمت کا حصہ ہونے چاہئیں۔ بائبل مقدس کو پڑھنے سے پتہ چلتا ہے کہ فلپس کی منادی سے بہت سے معجزات رونما ہوئے۔ (اعمال 13,7,6:8) معجزات اور نشانات کی وجہ سے لوگ فلپس کے پیغام کی طرف متوجہ ہوئے۔ "جو معجزے فلپس دکھاتا تھا لوگوں نے اُنہیں سُن کر اور دیکھ کر بالاتفاق اُس کی باتوں پر جی لگایا"۔ (اعمال 6:8)



فلپس نے اُمید اور وعدے کا جو پیغام پیش کیا تھا وہ بڑا سادہ اور واضح تھا۔
خُدا نے ہمیں پیدا کیا ہے اور ہمیں پیار کرتا ہے۔ یسوع ہمارے لئے مُوا۔
یہ ایک قوت والا پیغام ہے جس سے لوگ تبدیل ہو جاتے ہیں۔

نشان خُدا کی طرف سے ایک فوق الفطرت فعل ہوتا ہے جس سے اُس کی ذات کے حقیقی اور قوت والا ہونے کا پتہ چلتا ہے۔ اگرچہ نشانات اور معجزات کا ہر ایماندار سے وعدہ کیا گیا ہے لیکن مبشر حضرات کی منادی کے دوران خصوصی طور پر نشانات اور معجزات رونما ہوتے ہیں۔ (پڑھیں مرقس 18-15:16)

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک مبشر کسی گاؤں میں منادی کر رہا تھا تو اُس نے لوگوں کو بتایا کہ خُدا نے اُسے اُن کے پاس ایک پیغام دے کر بھیجا ہے۔ اُس نے اُنہیں بتایا کہ یسوع نے صلیب پر کس طرح دُکھ اُٹھایا اور مر گیا - دفن ہوا اور تیسرے دن مُردوں میں سے جی اُٹھا اور یسوع اُن کے گناہوں کو معاف کرتا ہے۔ پھر مبشر نے کہا: "اس

بات کو سچا ثابت کرنے کیلئے ابھی ہم بیماروں کیلئے یسوع کے نام میں دُعا کریں گے اور اُس سے کہیں گے کہ وہ اُن بیماروں کو شفا دے۔ اُس نے بیماروں کیلئے دُعا کی اور وہ شفا پا گئے۔ ایک بدرُوح گرفتہ ڈاکٹر میں سے یسوع کے نام میں بدرُوح نکلی اور وہ زمین پر گر پڑا۔ لوگوں نے جب یہ سب کچھ ہوتے دیکھا تو وہ یسوع پر ایمان لے آئے۔ اُس گاؤں کے 20 مردوں نے اُس روز یسوع کو قبول کیا۔

نشانات اور معجزات کے حوالے سے اِس طرح کی کئی اور مثالیں ہیں۔ افریقہ کے ایک مُسلم گاؤں میں کچھ مردوں اور خواتین نے کلام سُنانے کی اجازت دی۔ اُس گاؤں میں کئی سالوں سے خشک سالی تھی۔ جب مبشر نے کلام سُنانا شروع کیا تو بارش ہونا شروع ہو گئی۔ گاؤں کے ہر شخص نے حتیٰ کہ گاؤں کے چودھری نے بھی اقرار کیا کہ خُدا نے بارش کی صورت میں اُنہیں برکت دی ہے۔

مبشر حضرات جب خُدا کا کلام سُناتے یا دُعا کرتے ہیں تو معجزات رُونما ہوتے ہیں۔ یسوع نے کہا: "اور ایمان لانے والوں کے درمیان یہ معجزے ہونگے۔ وہ میرے نام سے بدروحوں کو نکالیں گے"۔ (مرقس 17:16) بطور مبشر آپ خُدا سے معجزات رونما ہونے کیلئے دُعا مانگ سکتے ہیں اور جب تک معجزہ رونما نہ ہو دُعا جاری رکھیں۔ اپنی منادی کے دوران آپ یسوع نام سے بیماروں کیلئے دُعا کریں اور بھروسہ رکھیں خُدا اُنہیں ضرور شفا دے گا۔ سامریہ میں اتنے نشانات اور معجزات ہوئے کہ پورے شہر میں ان کا شہرہ ہو گیا۔ بائبل بتاتی ہے کہ سامریہ شہر میں خوشی ہوئی۔ (اعمال 8:8) جہاں کہیں بھی انجیل کا پیغام دیا جاتا ہے وہاں خوشی اور شادمانی ہوتی ہے۔ جب خُدا کا کلام سُنایا جاتا ہے تو لوگ یسوع پر ایمان لاتے۔ گناہوں سے مخلصی پاتے اور نئی زندگی حاصل کرتے ہیں۔ یہ سب کچھ خُدا کی معجزاتی قوت سے ہوتا ہے۔ اکثر اوقات ان کے علاوہ بھی معجزات رُونما ہوتے ہیں مثلاً لوگوں کی بیماریاں دُور ہوتی ہیں۔ بدرُوحیں نکل جاتی ہیں۔ لوگ گناہوں کے بندھنوں سے رہائی پاتے اور زندگیاں تبدیل ہوتی ہیں۔ خُدا کا کلام قوت والا ہے۔

کچھ ہی عرصہ پہلے ایک مبشر نے ایک شہر میں کلام سُنانے کے بعد جب ایک گونگے اور بہرے لڑکے کیلئے دُعا کی تو وہ شفا پا گیا۔ اور جب اُس لڑکے کے رشتہ داروں نے اُسے بولتے اور سُنتے دیکھا تو وہ حیران ہو گئے۔ میٹنگ کے دوسرے دن لوگوں کی تعداد میں بہت اضافہ ہو گیا۔ لڑکے کی ماں نے اسٹیج پر آکر اپنے بچے کی شفا کے بارے میں گواہی دی۔ اُس دن کئی لوگوں بشمول لڑکے کی ماں نے مسیح کو شخصی طور پر قبول کیا۔ پیغام سُنانے کے بعد خُداوند نے لوگوں کو کئی اور باتوں سے بھی شفا اور رہائی بخشی۔ لوگوں نے جب بچے کی شفایابی دیکھی تو متاثر ہو کر یسوع پر ایمان لے آئے اور ہر روز مجمع میں اضافہ ہوتا چلا جاتا تھا۔ تین دنوں میں سینکڑوں لوگوں نے یسوع کو شخصی طور پر پا لیا۔ یہ سب کچھ اسی طرح ہوا جس طرح سامریہ میں فلپس کی منادی سے ہوا تھا۔

## فلپس فرمانبردار تھا

یسوع جانتا ہے کہ کہاں پر لوگ پاک کلام سُننے کیلئے تیار ہیں۔ اسی لئے یسوع نے فلپس کو سامریہ بھیجا۔ فلپس سامریہ میں بڑی کامیابی کے ساتھ بشارتی کام کر رہا تھا۔ لیکن یسوع نے فلپس کو واحد شخص کو بشارت دینے کیلئے جنگل کو بھیجا۔ "پھر خُداوند کے فرشتہ نے فلپس سے کہا کہ اُٹھ کر دکھن کی طرف اُس راہ تک جا جو یروشیلم سے غزہ کو جاتی ہے اور جنگل میں ہے"۔ (اعمال 26:8) مبشر کو خُدا کی مرضی اور خواہش کو جاننے کیلئے دُعا میں زیادہ وقت گذارنا چاہئے اور پھر خُدا کی ہدایت کے مطابق فرمانبرداری کرنی چاہئے۔ فلپس خدمت کے حوالے سے اچھی منصوبہ بندی کرتا تھا اس لئے سامریہ میں اُس کی خدمت بڑی پھل دار تھی۔ اِسلئے بہت لوگ مسیح کیلئے جیتے گئے۔ ہو سکتا تھا کہ فلپس اپنی اچھی منصوبہ بندی کی وجہ سے سامریہ کو چھوڑ کر نہ جاتا۔ لیکن خُداوند نے اُسے فردِ واحد کی خاطر سامریہ چھوڑنے کو کہا۔ اور وہ جنگل میں حبشی خوجہ سے کلام کرنے چلا گیا۔

> خُدا کا حکم مانتے ہوئے آپ منادی کریں خواہ لوگ آپ کے مخالف ہو جائیں، یا یہ کام آپ کو بیکار لگے۔ خُدا حکمت اور قوت والا ہے جو اُس کا حکم مانتے وہ اُنہیں برکت دیتا ہے۔

ہم اِس کہانی سے بہت سے اسباق سیکھ سکتے ہیں۔ ہمیں خُدا کی فرمانبرداری کرنی چاہئے۔ وہ سب کچھ بہتر طور پر جانتا ہے۔ خُدا کو معلوم تھا کہ اتھوپیا کا حبشی خوجہ یسوع پر ایمان لائے گا اور انجیل کے پیغام کو اپنے مُلک افریقہ لے جائے گا۔ وہ بڑا مشہور آدمی تھا۔ (وہ ملکہ کے دربار میں افسر تھا) خُدا کی نظر میں وہ بڑا اہم شخص تھا۔ اُس کو

کلام سُنتا خُدا کے منصوبے کے مطابق تھا۔ خُدا نے فلپس کو اُس کے پاس کلام سُنانے اِس لئے بھیجا تا کہ وہ اپنے مُلک جا کر لوگوں کو گواہی دے۔ ہر مبشر کو حلیم اور فروتن ہونا چاہیے اور اُس کیلئے فردِ واحد کو کلام سُنانا بھی اُتنا ہی اہم ہونا چاہیے جتنا کسی بڑے ہجوم کو۔ کسی غیر مذہب شخص کو جبکہ وہ اکیلا فرد ہو کلام سُنانا غیر ضروری لگتا ہے۔ اکیلے فرد کو انسان تو نظر انداز کر دیتا ہے لیکن خُدا کیلئے وہ اہم ہوتا ہے۔ جب خُدا آپ کو ایک فرد کے پاس کلام سُنانے کیلئے بھیجتا ہے ہو سکتا ہے کہ وہ مستقبل میں مشہور مسیحی رہنما بن جائے۔ مبشر حضرات کو اپنے بُلاوے کے سلسلہ میں خُدا سے وفادار رہنا چاہیے خواہ آپ کو کتنے ہی مشکل حالات درپیش ہوں۔ خُدا کی ہدایت کی تابع فرمانی کرنا مبشر کیلئے بہت ضروری ہے۔ خُدا کا حکم مانتے ہوئے آپ منادی کیلئے جائیں خواہ لوگ آپ کی مخالفت کریں۔ خُدا حکمت اور قوت والا ہے وہ اپنے فرمانبردار بندوں کو برکت دیتا ہے۔

## جانے کیلئے تیار

مبشر کو چاہیے کہ خُدا جہاں کہیں بھی اُسے بھیجے اُسے جانے کیلئے تیار رہنا چاہیے۔ ہو سکتا ہے کہ خُدا اُسے نئی جگہ پر بھیجے۔ خُدا اکثر اوقات ہمیں ایسے لوگوں میں بھیجتا ہے جو ہم سے مختلف ہوں۔ سامری لوگ فلپس کی طرح نہ تھے اور نہ ہی فلپس اُن کی طرح تھا۔ گویا کہ دونوں ایک دوسرے سے مختلف تھے۔ لیکن جب خُدا نے اُسے اُن لوگوں کے درمیان خدمت کیلئے جانے کو کہا تو وہ راضی تھا۔ مبشر حضرات کو چاہیے کہ جب خُدا اُنہیں کہیں بھی اپنی خدمت کیلئے بھیجے وہ اُس کی فرمانبرداری کرتے ہوئے وہاں جائیں۔ ایک مبشر نے ہمیں بتایا ہے کہ وہ کس طرح کئی گاؤں میں منادی کرنے گیا۔ کئی دیہاتوں میں منادی کی خاطر اُس کی پٹائی ہوئی اور کئی جگہوں میں وہ گھروں سے نکالا گیا۔ لیکن اِن سب باتوں کے باوجود اُس نے خدمت جاری رکھی۔ اور بہت سے لوگ مسیح یسوع پر ایمان لائے۔ مسیح یسوع کو اپنی خدمت کے بارے میں میں کیا جواب دیتا؟ اگر وہ دیہاتوں میں نہ جاتا اور لوگ اُس کا پیغام نہ سُنتے؟ دُنیا بھر میں کئی جگہیں ایسی ہیں جہاں ابھی تک کوئی شخص کلام سُنانے نہیں گیا۔ اِس لئے لوگ وہاں ہلاک ہو رہے ہیں۔ یہ مبشر خُدا کا شکر کرتا کہ خداوند خُدا نے اُسے یسوع کی خاطر دُکھ اُٹھانے کے لائق سمجھا اور خُدا کی تعریف کرتا ہے کہ اُس کی خدمت کے وسیلے سے بہت سے لوگ خُدا کی بادشاہی میں داخل ہو گئے ہیں۔ مبشر کو خدمت کے دوران لوگ رد کرتے ہیں اور مختلف مصائب پیدا ہوتے ہیں۔ کبھی کبھار یہ سب چیزیں مبشر کی خدمت کا حصہ ہوتی ہیں۔ ہر ایماندار خُدا کی فرمانبرداری میں زندگی گذارنا چاہتا ہے تو اُسے مصیبتوں اور تکالیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ (2- تیمتھیس 3:12) لیکن اِن سب مصیبتوں میں خُدا آپ کی مدد - حفاظت - رہنمائی - اطمینان اور حوصلہ دیتا ہے۔ فلپس کو حقیقی کامیابی حاصل ہوئی۔ کیونکہ اُس نے پورے دل سے خُدا کی تابع فرمانی کی اور پورے طور پر کلام سُنایا اور بہت لوگ بچ گئے۔ ہر مسیحی کو خُدا کا فرمانبردار ہونا چاہیے۔ لوگوں کی نظروں میں کامیاب بننے کی کوشش نہ کریں بلکہ ہمیشہ خُداوند کو خوش کرنے کی کوشش کریں۔

انجیل کا پیغام بذاتِ خود سادہ اور صاف ہے۔ خُدا نے ہمیں پیدا کیا ہے اور وہ ہمیں پیار کرتا ہے۔ ہم گناہ کی وجہ سے خُدا سے دُور ہو گئے تھے۔ یسوع خُدا کا بیٹا انسانی صورت میں زمین پر آیا۔ وہ ہمارے گناہوں کی معافی کیلئے صلیب پر چڑھ گیا تا کہ اُس کی موت کے وسیلے سے ہمارا رشتہ خُدا سے دوبارہ بحال ہو جائے۔ تب مسیح دفن کیا گیا اور مُردوں میں سے جی اُٹھا۔ شیطان اور گناہ کی قوت تباہ و برباد ہو گئی۔ یسوع آج پوری قوت کے ساتھ زندہ ہے۔ یسوع چاہتا ہے کہ آپ اُس پر ایمان لائیں اور اپنی زندگی اُسے دے دیں۔ جو لوگ خُدا کے بیٹے کو رد کرتے ہیں خُدا کی لعنت اُن پر آتی ہے۔ اور جو لوگ اُس کی پیروی کرتے ہیں خُدا کی ابدی برکت اُنہیں حاصل ہوتی ہے۔

یہ ایک قوت والا پیغام ہے جو لوگوں کی زندگیوں کو تبدیل کرتا ہے۔ یہ سخت دلوں کو توڑتا اور اندھیرے میں بیٹھے ہوؤں کو اُمید دلاتا ہے۔ لوگوں کو اچھے انسان بننے کی تلقین کرنا انجیل کی منادی کرنا نہیں ہوتا۔ مرد و خواتین اپنی کوشش سے نیک نہیں بن سکتے۔ اُنہیں بُرائیوں پر غلبہ پانے کیلئے مسیح یسوع کی قوت کی ضرورت ہوتی ہے تا کہ وہ نیک انسان بن سکیں۔ آپ لوگوں کو بتائیں کہ یسوع آپ کے گناہ، شرمندگی اور جرم کو دُور کرنے کی قوت رکھتا ہے۔ یسوع اُنہیں نیا مرد یا عورت بنا سکتا ہے۔ وہ نا اُمیدی میں اُمید پیدا کرتا ہے اور کمزوری میں قوت بخشتا ہے۔ وہ بیماروں کو شفا دیتا اور اِس زندگی میں سب کچھ مہیا کرتا ہے جو ہمیں اُس کیلئے زندہ رہنے کیلئے درکار ہوتا ہے۔ انجیل کا پیغام ایک اچھا پیغام ہے جس میں اُمید اور وعدہ پایا جاتا ہے۔ اچھا مبشر ہونے کیلئے فلپس جانتا تھا کہ سادہ الفاظ میں پیغام دینا چاہیے تا کہ لوگ اُسے با آسانی سمجھ سکیں اور یسوع کے پاس آ سکیں۔



حصہ ششم

# نشانات - عجائبات اور مبشر

## خُدا سے عجائبات اور معجزات رُونما ہونے کیلئے درخواست کرنا

1- یسوع پر ایمان لانے والوں سے یسوع نے وعدہ کیا ہے۔
(مرقس 16:17-20؛ 1- کرنتھیوں 12:8-11؛ 28:13)

2- یسوع نے کہا کہ جو مجھ پر ایمان رکھتا ہے وہ مجھ سے بھی بڑے کام کرے گا۔
(یوحنا 14:12,13)

3- یسوع نے تاریکی کی قوتوں کو صلیب پر ختم کر دیا۔ (کلسیوں 2:15) اُس نے ایمان داروں کو ابلیسی حکومت پر اختیار دیا ہے۔ (مرقس 16:17؛ یوحنا 14:12,13) جب کوئی مبشر یسوع کا اختیار استعمال کرتے ہوئے کسی شخص میں سے بدرُوح نکالتا ہے تو وہ آزاد ہو جاتا ہے۔ بدروحوں سے آزادی پا جانے والے اشخاص کو یسوع کی آزاد کرنے والی قوت کا تجربہ کرنا چاہیے۔ اور اُنہیں سیکھتے ہوئے جاننا اور سمجھنا چاہیے کہ اب مزید ابلیسی قوتوں کا اُن پر اختیار نہیں رہا اور اُنہیں خوف زدہ نہیں ہونا چاہیے۔

4- نشانات اور معجزات مسیح یسوع کا اختیار اور اُس کی حقیقی قوت کو ظاہر کرتے ہیں۔

5- نشانات اور معجزات سُنائے گئے پاک کلام کو موثر بناتے ہیں۔

6- پولوس رسول نے فلپس کی طرح اپنی خدمت کے کام میں بہت معجزات دیکھے۔ (رومیوں 15:18,19؛ 2- کرنتھیوں 12:12) پطرس نے بھی معجزات ہوتے دیکھے جب اُس نے یسوع کے بارے میں منادی کی۔ جب کبھی مبشر اور خادم حضرات خُدا سے لوگوں کیلئے دُعا کرتے ہیں تو معجزات رُونما ہوتے ہیں۔ ایسا دُنیا بھر میں آج بھی اور انسانی تاریخ میں ہوتا آیا ہے۔ یسوع کے شاگرد اور خُدا کا خادم ہوتے ہوئے آپ کو خُدا پر ایمان ہونا چاہیے کہ نشانات اور معجزات آپ کی خدمت کے کام کا حصّہ ہیں۔

## معجزات سے مصیبتیں پیدا ہو سکتی ہیں

معجزات سے لوگوں میں خوشی کی لہر دوڑ جاتی ہے اور لوگ پاک کلام پر ایمان لاتے ہیں۔ یوحنا 20:30,31 میں لکھا ہے: "اور یسوع نے اور بہت سے معجزے شاگردوں کے سامنے دکھائے جو اس کتاب میں لکھے نہیں گئے۔ لیکن یہ اس لئے لکھے گئے کہ تم ایمان لاؤ کہ یسوع ہی خُدا کا بیٹا مسیح ہے اور ایمان لا کر اُس کے نام سے زندگی پاؤ"۔ لیکن ہو سکتا ہے کہ یسوع کے نام میں ہر دفعہ معجزات نہ ہوں۔ جب یسوع معجزات کرتا تھا تو اُس کی مخالفت کی جاتی تھی۔ (متی 12:9-14) پولوس رسول نے جب کلام کی منادی کی اور معجزات رُونما ہوئے تو اُسے مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ (پڑھیں اعمال 19:9-12,23-41) شیطان انجیل اور ہر اُس کام کی جس سے زندہ مسیح یسوع کے نام کو جلال ملے مخالفت کرتا ہے۔

خُدا سے اُس کی پناہ اور حفاظت کیلئے دُعا مانگیں۔ اِس طرح جب آپ بیماروں کی شفایابی اور ابلیس کو بھگانے کیلئے منادی کریں گے تو خُدا آپ کی مدد کرے گا۔ ہمیشہ پاک رُوح کی آواز سُنیں اور وہی کریں جو وہ کہے۔ آپ کسی دوسرے مرد یا عورت کی منسٹری کے انداز کی نقل نہ کریں۔ کیونکہ آپ کی وہ منسٹری نہیں ہے۔ آپ کی صرف وہی خدمت ہے جو خُدا نے آپ کو دی ہے اور دوسرے خادموں کی منسٹری کے انداز کو اپنانے سے آپ کی خدمت موثر نہیں ہوگی بلکہ آپ کی خدمت مسیح یسوع کے وسیلہ سے موثر اور قوت والی ہوگی۔ جو کچھ خُدا آپ پر ظاہر کرے اُس پر ایمان سے چلتے رہیں۔

## ہم معجزات کو معرضِ وجود میں آتے کس طرح دیکھنا شروع کرتے ہیں

اوّل : خُدا کی تابع فرمانی کریں اور جہاں کہیں خُدا آپ کو منادی کیلئے بھیجے آپ جائیں۔ لوگوں کو بتائیں کہ وہ آپ کو شفا دے سکتا ہے پھر اُن کے سر پر ہاتھ رکھ کر مسیح یسوع کے نام میں دُعا کریں۔ بیماروں کو تیل سے مسح کریں۔ (یہ پاک کلام کے مطابق ہے) (مرقس 13:6؛ یعقوب 14:5) یاد رکھیں کہ آپ کی ذات یا آپکی تعمت کی بدولت لوگ شفا نہیں پاتے۔ جب آپ پاک کلام کی رہنمائی سے خُدا کے تابع فرمان ہو جاتے ہیں تو لوگ خُدا کی قدرت سے شفا پاتے ہیں۔

دُوم : خُدا کا پاک کلام قوت والا اور زندہ ہے (عبرانیوں 12:4) اور خُدا کا اختیار اُس کی پشت پناہی کرتا ہے۔ پاک کلام کی آیات یا بائبل مقدس کا پورا باب زبانی یاد کرنے کی عادت ڈالیں۔ اور پھر آپ جب دُعا کریں تو پاک کلام کی آیات دُعا میں بولیں جو آیات پاک رُوح آپ کے ذہن میں لائے مثلاً اگر آپ کسی بیمار کیلئے دُعا کرتے ہیں تو آپ کہہ سکتے ہیں کہ اے یسوع! تیرے پاک کلام میں لکھا ہے کہ ایمان سے دُعا کرنے سے بیمار شفا پائے گا۔ پس اِس وقت ہم تیرے پاک کلام پر یقین کرتے ہوئے تیری منت کرتے ہیں کہ تو اُسے شفا دے۔ خُدا کے کلام کے بولے ہوئے الفاظ میں قوت ہے۔


سوئم : مسیح یسوع پر ایمان رکھیں کہ بائبل مقدس کے مطابق صرف وہی کُل اختیار اور کُل قوت رکھتا ہے۔ جب ہم پاک رُوح اور پاک کلام کی ہدایت سے خُدا کے ساتھ تابع فرمانی سے چلتے ہیں تو خُدا اپنے اختیار اور قوت کو ہمارے وسیلے سے استعمال کرتے ہوئے اپنی مرضی کو پورا کرتا ہے۔ (متی 18:18-20؛ مرقس 17:16)

چہارم : رُوحوں کو جانچنے اور پرکھنے کیلئے خُدا سے علم اور حکمت کی نعمتیں مانگیں۔ (1- کرنتھیوں 12:8-11) کیا کوئی بدروحوں یا بیماری یا دونوں کی وجہ سے بیمار ہے؟ کیا کسی شخص کی زندگی میں گناہ کی وجہ سے بیماری ہے؟ کیا وہ شخص یا اُسکا خاندان جادوگری میں مبتلا تو نہیں تھا۔ بیماری کی وجہ جانچنے کیلئے پاک رُوح پر انحصار کریں تاکہ آپ دُعا میں اصل مسئلہ کو حل کر سکیں۔ جلدی بازی نہ کریں۔ کچھ صورتوں یا معاملات میں روزہ اور اضافی دُعا کی ضرورت ہوتی ہے۔ (متی 21:17)

پنجم خُداوند سے دُعا کریں کہ وہ آپکو نشانات اور معجزات دیکھنے کیلئے آپکو تیار کرے پاک ترین ایمان میں رُوحانی طور پر ترقی کر کے رُوح القدس میں دُعا کریں۔

ہفتم : جب آپ بائبل مقدس میں سے معجزات کے بارے میں پڑھیں تو پاک رُوح سے کہیں کہ وہ آپ کو معجزات کے بارے میں سکھائے۔ خُدا سے التجا کریں کہ وہ آپ کو ایسے لوگ مہیا کرے جو آپ کو اِس سلسلے میں مزید سکھا سکیں۔ جب آپ لوگوں کو کلام سُنا رہے ہوں تو لوگوں سے دریافت کریں کہ آیا اُن لوگوں کے درمیان کوئی بیمار ہے؟ اُنہیں سے پوچھیں کہ اگر وہ آپ سے اُس کیلئے دُعا کروانا چاہتے ہیں۔ اُنہیں بتائیں کہ یسوع بیماروں کو شفا دے سکتا ہے۔ خُدا پر ایمان رکھتے ہوئے دُعا کریں کہ وہ معجزہ کرے گا۔ تب خُدا کا کلام اُنہیں سُنائیں اور یسوع کو قبول

خُدا سے اُس کی پناہ کیلئے دُعا کریں۔ جب آپ منادی کریں یا بیماروں کیلئے دُعا کریں اور ابلیس کا مقابلہ کریں گے تو خُدا آپ کی مدد کرے گا۔ ہمیشہ پاک رُوح کی آواز سُنیں اور جو کچھ آپ کو وہ کہے وہ کریں۔



کرنے کو انہیں کہیں۔ جب آپ خُدا سے دُعا مانگ رہے ہوں تو پاک رُوح کے بارے میں حساس ہوں۔ جب آپ خدمت کا کام کررہے ہوں تو پاک رُوح کی سُنیں۔ بیمار اور بدروح گرفتہ افراد جو آپکی دُعا سے شفا پاجائیں اُنکی رُوحوں کو مسیح کی خاطر جیتنے کی کوشش کریں تا کہ وہ شیطان کے متوقع حملوں کا مقابلہ کرسکیں۔ (متی 12:43-45؛ افسیوں 6:10-18؛ یعقوب 4:7؛ 1-پطرس 5:8,9)

## مبشر حضرات کی خدمت میں نشانات - عجائبات اور معجزات پائے جاتے ہیں

ہم نے اِس اعمال رسالے کے پچھلے حصے میں جانا کہ فلپس یسوع کے نام میں منادی کرتا اور دُعا کرتا تھا۔ بدروحیں نکل جاتی تھیں اور بیمار اچھے کیے جاتے تھے۔ اِن نشانات سے ثابت ہوا کہ جو کچھ فلپس نے منادی کی وہ دُرست اور سچی تھی۔ اِن سب معجزات کو دیکھ کر لوگوں نے بڑی خوشی منائی۔ (اعمال 8:5-13)

اعمال 8:5-13 کو دوبارہ پڑھیں اور خُداوند سے کہیں کہ وہ آپ کو کلام سکھائے۔ اگر آپ مبشر ہیں تو آپ کو خُدا کی تابع فرمانی کرنی اور انجیل کی پوری خوشخبری سُنانی چاہیے۔ نشانات، عجائبات اور معجزات کیلئے خُدا پر ایمان رکھنا ہے۔

افریقہ میں مبشروں کے ایک گروہ نے دُعا کی اور خُدا نے اُنہیں دو گاؤں میں انجیل کی خوشخبری سُنانے کیلئے رہنمائی کی۔ اُنہوں نے وہاں جا کر منادی کی اور بہت سے لوگوں نے مسیح کو قبول کیا۔ دیہات کے لوگوں نے مبشران سے اُن کے دیہات میں بارش ہونے کیلئے دُعا کی درخواست کی کیونکہ وہاں کئی ماہ سے بارش نہ ہوئی تھی۔ وہاں سے نکل کر مبشران کا گروپ جب دوسرے دیہات میں گیا تو پچھلے دیہات میں ساڑھے تین گھنٹے بارش ہوئی۔ یہ خبر اُنہیں نئے دیہات میں ملی۔ بارش ہوجانے کی وجہ سے خُدا نے اپنی قوت کا اظہار کیا اور مبشروں کی منادی کو سچا ثابت کیا۔

جہاں کہیں یسوع گیا وہاں معجزات ہوئے۔ جہاں کہیں شاگرد گئے وہاں معجزات رُونما ہوئے۔ (رومیوں 15:19؛ اعمال 8:6) فلپس یسوع کا شاگرد تھا اور آپ بھی شاگرد ہیں۔ دُنیا بدل چکی ہے پر خُدا نہیں بدلا۔ (عبرانیوں 13:8) انجیل کے پیغام اور اُس کی قوت کی تصدیق کیلئے خُدا سے معجزات کی نعمت مانگیں۔

## معجزات کے نہ رُونما ہونے کی وجوہات

اوّل: معجزہ رُونما ہونے کی وجہ ایمان کا نہ ہونا یا ایمان نہ رکھتے ہوئے جدوجہد کرنا۔ ہوسکتا ہے ہمارا ایمان ہونا چاہیے کہ یسوع کون ہے اور وہ معجزہ کرنے کی قوت رکھتا ہے۔ (متی 17:14-20؛ عبرانیوں 11:6)

دُوئم: آپ ایمان نہیں رکھتے کہ خُدا معجزہ کرتا ہے یا آپ ایمان نہیں رکھتے کہ آپ کی دُعا کے وسیلے سے خُدا معجزہ کرسکتا ہے۔ خُدا نے اپنی قوت نہ صرف ذہین - امیر - تعلیم یافتہ یا بہترین مقررین ہی کو نہیں دی بلکہ ہر اُس شخص کو دی ہے جو ایمان رکھتے ہیں۔ (مرقس 16:16,17)

سوئم: معجزہ رُونما نہ ہونے کی تیسری وجہ آپ کی ناپاک زندگی بھی ہوسکتی ہے۔ ہوسکتا ہے کہ آپ نے خُدا کی نافرمانی کی ہو یا گناہ میں پکڑے گئے ہوں۔ ہوسکتا ہے کہ آپ کی نیت میں خرابی ہو اور آپ معجزے کے ذریعہ خُدا کی قدرت اور قوت کو ظاہر کرنے کی بجائے اپنی قوت کا اظہار کرنا چاہتے ہوں۔ (اعمال 8:14-23)

اگر آپ سے کوئی گناہ سرزد ہوگیا ہو تو آپ کو چاہیے کہ آپ اپنے گناہ کا اقرار متعلقہ فرد یا افراد کے سامنے کریں اور اُن کو آپ کے ساتھ اور آپ کیلئے دُعا مانگنے کو کہیں۔ (یعقوب 5:16؛ 1-یوحنا 1:9) سب خادمان دین کو خُدا پرست اور روحانی بننے کی حتی المقدور کوشش کرنی چاہیے۔ (1-تیمتھیس 3:2؛ ططس 1:6)

چہارم: ممکن ہے کہ کسی نے آپ کو سکھایا ہو کہ آج کل معجزات نہیں ہوتے۔ یہ غلط تعلیم ہے۔ آپ خُدا کے پاک کلام میں سے یسوع کے بارے میں معجزات کے حوالے سے پڑھیں اور دیکھیں کہ اُس نے معجزات کے بارے میں کیا کہا ہے۔ خُداوند اور اُس کے کلام پر ایمان رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

یاد رکھیں کہ ہم لاتبدیل اور زندہ نجات دہندہ کی خدمت کرتے ہیں۔ "یسوع مسیح کل اور آج بلکہ ابد تک یکساں ہے"۔ عبرانیوں 13:8)

یسوع نے خود کہا: " اور ایمان لانے والوں کے درمیان یہ معجزے ہونگے۔ وہ میرے نام سے بد روحوں کو نکالیں گے۔ نئی نئی زبانیں بولیں گے۔ سانپوں کو اُٹھالیں گے اور اگر کوئی ہلاک کرنے والی چیز پیئیں گے تو اُنہیں کچھ ضرر نہ پہنچے گا۔ وہ بیماروں پر ہاتھ رکھیں گے تو اچھے ہوجائیں گے"۔ (مرقس 16:17,18) پولوس رسول اور برنباس کے بارے میں لکھا ہے: "پس وہ بہت عرصہ تک وہاں رہے اور خُداوند کے بھروسے سے ہر دلیری سے کلام کرتے تھے اور وہ اُن کے ہاتھوں سے نشان اور عجیب کام کرا کر اپنے فضل کے کلام کی گواہی دیتا تھا"۔ (اعمال 14:3) خُدا سے مندرجہ بالا کاموں کیلئے دُعا مانگیں کہ وہ آپ کی منسٹری

میں پائے جائیں تا کہ اُس کے نام کو جلال ملے اور اُس کی بادشاہی وسعت پائے۔

پنجم : ممکن ہے کہ آپ تربیت پذیر نہ ہوں یا بہت زیادہ مغرور ہوں۔ اور آپ بائبل مقدس کو پڑھنے اور اُس کا مطالعہ کرنے میں زیادہ وقت نہیں گذارتے یا آپ خُدا پر اپنا ایمان بڑھانے کی کوشش نہیں کرتے۔ آپ کبھی کبھار لوگوں میں کلام کی منادی کرنے جاتے ہیں یا کبھی کبھار دوسروں کے ساتھ مسیح یسوع کا ذکر کرتے ہیں۔ خصوصی دعوت ملنے پر آپ کلام کی منادی کرنے جاتے ہیں۔ اِن سب باتوں کیلئے جو آپ کی زندگی میں پائی جاتی ہیں۔ خُدا سے معافی مانگیں۔ آپ کو دُعا گو اور بائبل کا مطالعہ کرنے والا وفادار شاگرد بننا چاہیئے۔ جہاں کہیں بھی خُدا آپ کو پاک کلام کی منادی کرنے کیلئے بھیجے۔ آپ کو جانا چاہیئے۔ اور ایسے لوگوں کے پاس بھی جانا چاہیئے جنہوں نے ابھی تک پاک کلام نہیں سُنا۔ جب ہم چھوٹی چیزوں میں وفادار ہوتے ہیں تو پھر خُدا ہمیں بڑی چیزیں دیتا ہے۔ (متی 23:25) ہوسکتا ہے کہ معجزات کے بارے میں خُدا پر آپ کا ایمان اِس انداز میں وقت کے ساتھ ساتھ بڑھے کہ آپ حقیقت میں معجزات رُونما ہونے پر ایمان رکھ سکیں۔ انجیل کے پیغام کو بہتر طور پر سمجھنے کیلئے بائبل کا مطالعہ کریں۔ آپ اِس مضمون کو بار بار پڑھیں اور ایسے دوسرے مضامین بھی جو معجزات کے بارے میں ہوں پڑھیں۔ خُدا کے کلام پر ایمان رکھنا شروع کریں اور خُدا کو کہیں کہ آپ خُدا پر ایمان رکھتے ہیں۔ جب خُدا آپ کو کسی کو کلام سُنانے کو موقع فراہم کرے تو پھر آپ اُس فردِ واحد یا لوگوں کی ضرورتوں کے بارے میں دُعا کریں۔ خُدا سے کہیں کہ وہ آپ کی رہنمائی کرے اور آپ کو سکھائے۔ ایسا کرنے سے خُدا جلد ہی آپ کی دُعاؤں کا جواب دے گا اور عجیب کام رُونما ہوں گے۔ جن کاموں اور باتوں کو خُدا آپ کو دکھائے اُن کاموں اور باتوں میں آپ خُدا کی تابع فرمانی کریں اِس طرح آپ خُدا کے بھیدوں کو سمجھیں گے اور آپ کو اپنی خدمت کیلئے استعمال کرے گا۔

## بائبل مقدس کے وہ حصے جہاں نشانات - عجائبات اور معجزات کا تذکرہ ہے

ایوب 9:5

یرمیاہ 21:32

میکاہ 15:7

متی 28:12

مرقس 20,17,16:16

لوقا 17:5 : 20-18:10

یوحنا 54:4 : 14:6 : 11-9:12 : 12:14

اعمال 16:3 : 22,16,10-7:4 : 30,29:4 : 13-5:8 : 38:10 : 3:14 : 12:15 : 12,11:19

رومیوں 19:15

1- کرنتھیوں 20:4 : 28,10,9:12

2- کرنتھیوں 12:12


افسیوں 19,18:1

1- تھسلنیکیوں 5:1

عبرانیوں 4-2:2

مبشر حضرات کا اپنی خدمت کے دوران مسلسل ایسے لوگوں سے واسطہ پڑتا ہے جو مسیح یسوع کو رَد یا اُسے قبول کرتے ہیں۔ جو لوگ یسوع کو رَد کرتے ہیں وہ مبشر انکو بھی رَد کرتے ہیں۔ جب یسوع کی منادی کی جاتی ہے تو ہر کوئی اُسے قبول نہیں کرتا۔ خوشخبری سُنانے کی وجہ سے کچھ لوگ آپ سے ناراض ہوں گے اور کچھ آپ سے نفرت کریں گے۔ کچھ مبشروں کو منادی کی وجہ سے پیٹا اور دھمکایا جاتا ہے۔ حتیٰ کہ گھرانے کے افراد بھی آپکے خلاف ہوجاتے ہیں۔ یسوع نے ہمیں بتایا ہے کہ ہم اُسکی خاطر اذیت اُٹھائیں گے۔ ہوسکتا ہے کہ لوگ آپ پر جھوٹے الزام لگائیں۔ لیکن اِن سب باتوں کے باوجود آپ جوابا لوگوں کے ساتھ اُن ہی جیسا رویہ نہ اختیار کریں یا اُن کے بارے میں تلخی رکھیں تا کہ آپ اور دوسرے لوگوں میں خرابی نہ پیدا ہو۔ جب لوگ آپ کو نقصان پہنچائیں تو آپ اُن کا مقابلہ نہ کریں اور نہ ہی اُن سے انتقام لیں۔ خُدا چاہتا ہے کہ ہم اپنے مخالفین سے اچھا برتاؤ رکھیں۔ انسان کا غصہ راستبازی کا کام نہیں کرتا۔ اپنے ستانے اور دُکھ پہنچانے والوں کو معاف کریں۔ خُدا کے پاس آئیں جو آپ کو پیار کرنے والا باپ ہے وہ آپکی گہرے طور پر حفاظت کرتا اور آپ کو قبول کرتا ہے۔ خُدا کو موقع دیں کہ آسمانی باپ آپکو تسلی دے اور آزمائشوں میں فتح مندی بخشے۔ اگر آپ اپنے رَد کئے جانے کے زخموں کو خُدا کے سامنے نہیں لاتے یا پیش کرتے تو شیطان اِن زخموں کو منادی کے دوران آپکے خلاف استعمال کرے گا۔ ایسی صورتِ حال میں آپ اپنے پیغام کو حاضرین کی مرضی کے مطابق پیش کرنے پر مجبور ہوجائیں گے تا کہ لوگ پیغام کو قبول کر سکیں۔ بائبل مقدس اِسے خطرناک پھندا قرار دیتی ہے۔ "انسان کا ڈر پھندا ہے"۔

حصہ ہفتم



# ایک واضح پیغام دینا

خُدا ہی اپنے پاک رُوح کے ذریعہ لوگوں کو اپنی طرف کھینچتا ہے۔(یوحنا 44:6) پس ہمیں ایسے لوگوں کے بچائے جانے کیلئے بہت دُعا کرنی چاہیئے جو اُسے ابھی تک شخصی طور پر نہیں جانتے۔ اگر ہم خُدا کے کلام کی ہدایت اور یسوع کے احکام پر دھیان نہ دیں تو ہم بڑی غلطی کرتے ہیں۔ اگرچہ خُدا لوگوں کو اپنی طرف کھینچتا ہے لیکن ہمیں خُدا کا حکم مانتے ہوئے انجیل کی منادی کرنی اور لوگوں کو نجات کی خوشخبری سُنانی چاہیئے۔ "مگر جس پر وہ ایمان نہیں لائے اُس سے کیونکر دُعا کریں؟ اور جس کا ذکر اُنہوں نے سُنا نہیں اُس پر ایمان کیونکر لائیں؟ اور بغیر منادی کرنے والے کے کیونکر سُنیں؟ اور جب تک وہ بھیجے نہ جائیں منادی کیونکر کریں؟ چُنانچہ لکھا ہے کہ کیا ہی خوشنما ہیں اُن کے قدم جو اچھی چیزوں کی خوشخبری دیتے ہیں"۔ (رومیوں 15,14:10) ہاں پاک رُوح لوگوں کو اپنے گناہوں سے نجات پانے کیلئے قائل کرتا ہے۔ لیکن جیسا کہ ان آیات میں واضح طور پر بیان کیا گیا ہے کہ یسوع پر ایمان لانے سے قبل اُنہیں اُس کے بارے میں سُننے کی ضرورت ہے۔

یسوع نے اپنے شاگردوں کو حکم دیا: "اور اُس نے اُن سے کہا کہ تم تمام دُنیا میں جا کر ساری خلق کے سامنے انجیل کی منادی کرو"۔ (مرقس 15:16) اگر لوگوں کو نجات پانے کیلئے کلام سُننا ضروری نہ ہوتا تو یسوع لوگوں کو کلام سُنانے کو نہ کہتا۔ ہمیں کلام کی منادی کیلئے جانا چاہیئے۔ ہمیں نجات کا اعلان کرنا چاہیئے۔ ہمارے اردگرد لوگ گناہ میں روزانہ مر رہے ہیں جنہوں نے کبھی پاک کلام نہیں سُنا۔ خُدا چاہتا ہے کہ کوئی گناہ گار ہلاک نہ ہو بلکہ سب توبہ کریں۔(2-پطرس 9:3) مسیحیوں کو چاہیئے کہ وہ مسیح خُداوند کی فرمانبرداری کریں اور اُس کی پیروی کرتے ہوئے لوگوں کو یسوع پر ایمان لانے اور توبہ کرنے کی دعوت دیں۔ یسوع کے حکم کے مطابق ہر شخص کو انجیل کی بشارت دیں۔

جب ہم انجیل کا پیغام لوگوں کو سُنائیں تو وہ بڑا واضح اور سادہ الفاظ میں ہونا چاہیئے۔ انجیل کا پیغام لوگوں کو باآسانی سمجھ میں آنے والا ہوتا کہ وہ اپنے فیصلہ کے بارے میں بالیقین ہوں۔

ایک اچھا بشارتی پیغام وہ کہلاتا ہے جس میں یسوع کے بارے میں بتایا جائے کہ وہ کون ہے۔ نا کہ یہ کہ ہم کس طرح دُعا مانگیں۔ دوسروں کی مدد کرنے کے بارے میں یا ہم کس طرح اچھے مسیحی بن سکتے ہیں۔ (یہ تدریسی پیغامات ہوتے ہیں) جب کوئی مبشر منادی کرتا ہے تو وہ لوگوں کو یسوع کے بارے میں بتاتا اور اُنہیں اپنے گناہوں کی معافی کیلئے یسوع کے پاس آنے کی دعوت دیتا ہے۔ بہت سے مبشر حضرات بشارتی پیغام نہیں دے سکتے۔ بشارتی پیغام یسوع کے بارے میں ہونا چاہیئے اور اُس میں یہ بھی بتایا جانا چاہیئے کہ لوگوں کو یسوع کو پانے کی کیوں ضرورت ہے۔

## بائبل مقدس سے ایک متعلق متن / حوالہ چُنیں

منادی کرنے کیلئے بائبل مقدس میں سے ایک حوالہ چُنیں جس سے انجیل پیغام کی وضاحت ہوتی ہو اور سُننے والوں کو سمجھ آسکے۔ بائبل مقدس میں سے منادی کے تناظر میں چند مفید مندرجہ ذیل حوالہ جات ہیں جن سے لوگوں کو یسوع اور نجات کے بارے میں آسانی سے سمجھ آسکتی ہے۔

★ کھوئی ہوئی بھیڑ (لوقا 15:4-7)

★ کھویا ہوا درہم (لوقا 15:8-10)

★ شخص جس میں سے یسوع نے بدروحیں نکالیں۔(مرقس 5:1-15)

★ عورت جو اپنی ضرورت کیلئے یسوع کے پاس آئی۔(لوقا 8:41-48)

★ دعوت کا انکار کیا گیا۔(متی 22:1-10)

★ کیا آپ کا نام بّرے کی کتاب میں لکھا ہوا ہے؟ (مکاشفہ 20:12-15)

★ یسوع آپ کا چرواہا ہوگا۔ (یوحنا 10:2-4 :26-29)

★ زندگی کے دو راستے۔ (متی 7:13,14)

★ مصیبت کے وقت یسوع کو پکارنا۔ (رومیوں 10:13)

اس طرح پاک کلام کئی مختلف متن اور حوالہ جات ہیں جن سے ہم واضح طور پر انجیل کا پیغام پیش کر سکتے ہیں۔ خُدا سے پاک کلام کی اور لوگوں کو سمجھنے کی توفیق مانگیں تاکہ آپ اس طرح سے پیغام پیش کر سکیں جو دوسروں کو بآسانی سمجھ آ سکے۔

## کلام کو محبت سے پیش کریں

کئی مبشر حضرات پیغام یوں پیش کرتے ہیں: آپ کو ہر صورت میں نجات پانی چاہیئے! آپ جہنم میں جائیں گے۔ وہ اس طرح کے الفاظ بار بار دُہراتے ہیں۔ اس طرح کی منادی سے لوگوں کے دلوں پر چوٹ لگتی ہے اور لوگوں کو رَد کیے جانے کا پیغام پہنچتا ہے۔

اس کے برعکس آپ کے الفاظ پرکشش ہونے چاہئیں۔ بائبل مقدس ہمیں سکھاتی ہے کہ خُدا کی مہربانی ہمیں توبہ کی طرف مائل کرتی ہے۔ (رومیوں 2:4) کیا آپ لوگوں کو بتا سکتے ہیں کہ انہیں کیوں نجات حاصل کرنی چاہیئے؟ کیا آپ لوگوں کو خُدا کا عظیم پیار اور اُس کی عظیم قربانی کے بارے میں بتا سکتے ہیں؟ کیا آپ لوگوں کو یسوع کو جاننے کی خوشی کے بارے میں بتا سکتے ہیں؟ انہیں یسوع کو پالینے اور نہ پانے کا فائدہ اور نقصان بتائیں۔

یہاں بشارتی منادی کی چند مثالیں پیش کی جا رہی ہیں جس سے آپ کو اچھی بشارتی منادی کو سمجھنے میں مدد ملے گی:۔

## جن لوگوں میں آپ منادی کرتے ہیں اُن کو جانیں

آپ کس کو انجیل کا پیغام دیتے ہیں؟ کیا وہ کاروباری لوگ ہیں؟ کیا خواتین ہیں؟ کیا وہ کارندے ہیں؟ کیا وہ طلباء ہیں؟ کیا وہ افسران ہیں؟ کیا وہ مسلمان یا ہندو یا بدھ لوگ ہیں؟ مختلف اقوام، مذاہب اور پیشوں کے لوگوں کی رسومات ، آراء اور اُن کے عقائد و ایمان کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔ اُن کو سمجھنے کو کوشش کریں اور یہ بھی وہ ایسی حالت میں (اچھی یا بُری) کیوں ہیں؟ یہ کام آپ دو طرح سے کر سکتے ہیں۔ پہلی بات یہ ہے کہ آپ اُن لوگوں کے بارے میں کس طرح جان سکتے ہیں؟ وہ کس طرح زندگی بسر کرتے ہیں؟ اُن کو کس بات کا خوف ہے؟ اُن کا ایمان اور عقائد کیا ہیں؟ ابدی زندگی کے بارے میں اُن کے کیا نظریات ہیں؟ دوسری بات یہ کہ خُدا سے اُن کیلئے دُعا کریں کہ وہ آپ پر اُن کی ضروریات کو ظاہر کرے۔ آپ خُدا کے وقت کا انتظار کریں وہ آپ کی الفاظ کے ذریعہ ، تاثر کے ذریعہ یا آپ کے ذہن میں کوئی تصویر کے ذریعہ رہنمائی کرے گا۔ پاک رُوح اُن کی زندگیوں کے بارے میں پہلے ہی سے جانتا ہے اسلئے وہ آپ کو اُن سے گفتگو کرنے کے بارے میں رہنمائی کرے گا۔ وہ آپ کی مدد کرے گا۔ بنیادی انسانی ضروریات کے بارے میں منادی کرنا ایک قوت والی منادی ہوتی ہے۔

## جن لوگوں میں آپ منادی کرتے ہیں اُن کی قدر کریں

ہوسکتا ہے کہ آپ مردوں۔ عورتوں اور بچوں میں منادی کریں۔ (حتیٰ کہ بچے بھی پاک کلام کو سمجھ سکتے اور یسوع کو قبول کر سکتے ہیں) آپ عزت دیتے ہوئے سچائی سے کلام پیش کریں۔ (1-پطرس 3:15) مبشر حضرات لوگوں کو رَد کرنے کیلئے نہیں بُلائے جاتے۔ (یوحنا 3:17) ہمیں خود کو حلیم بناتے ہوئے یاد رکھنا چاہیئے کہ ہر شخص (بشمول ہم خود) نے گناہ کیا ہے اور ہمیں یسوع کی ضرورت ہے۔ کوئی شخص بھی دوسروں سے بہتر نہیں ہے۔ خُدا انسان سے محبت رکھتا ہے۔ لوگوں کو خُدا کی محبت پہنچانے میں اُن کی مدد کریں۔ انہیں کہ یسوع میں پائی جانے والی اُمید کے بارے میں بتائیں۔ اگر آپ اپنی زندگی سے دوسروں پر محبت اور احترام کو ظاہر کریں گے تو وہ آپ کا پیغام دلچسپی سے سُنیں گے۔

## پُر اعتماد ہو کر بولیں

کسی کو کلام سُنانے سے آپ خود کسی کو تبدیل نہیں کر سکتے۔ لیکن آپ کو یاد رکھنا چاہیئے کہ یسوع نے آپ کو بھیجا ہے۔ آپ ایسے پیامبر ہیں جو اپنے بھیجنے والے کا پیغام اپنی ذات سے کہیں زیادہ بڑھ کر پیش کرتے ہیں۔ آپ خُدا کا خادم ہوتے ہوئے اپنے مالک کی مرضی پوری کرتے ہیں۔ اُس نے آپ سے مدد کا وعدہ کیا ہے۔ آپ جتنی زیادہ منادی کریں گے اُتنا ہی زیادہ آپ میں اعتماد پیدا ہوگا۔ ہر مبشر غلطیاں کرتا ہے لیکن آپ اپنی غلطیوں سے سبق سیکھتے ہوئے بہتر مبشر بن سکتے ہیں۔ جب آپ اچھی طرح پیغام نہ دے سکیں تو خُدا سے دُعا میں پوچھیں کہ کس طرح پیغام دے سکتے ہیں۔ وقت گذرنے کے ساتھ ساتھ اور مشق کرنے سے آپ اچھی طرح منادی کرنے لگیں گے۔

| کچھ لوگ منادی کرتے ہیں | بہتر منادی |
|---|---|
| آپ سب گناہ گار ہیں اور مر جائیں گے! | ہم سب نے گناہ کیا ہے۔ اور گناہ کی مزدوری موت ہے۔ خُدا نے انسانوں کے گناہوں کا بوجھ اپنے اُوپر لے لیا۔ اگر آپ مسیح یسوع اور اسکی قربانی کو قبول کریں تو وہ آپ کے گناہوں کو معاف کرے گا اور آپ کو زندگی دے گا۔ |
| آپکو اپنے گناہوں سے نجات حاصل کرنی چاہیئے! | گناہ آپکو خُدا اور اُسکے پیار سے دُور کرتا ہے۔ اِسلئے آپکو مسیح یسوع کی ضرورت ہے۔ وہ آپکے گناہوں کی خاطر مُوا۔ |
| آپکو مسیحی بننا چاہیئے! | مسیح یسوع کو قبول کرنے سے آپ خُدا کو جان سکتے ہیں۔ |
| گناہ گار نہ بنیں۔ چرچ میں آئیں۔ | کیا آپ گناہ سے تنگ آ گئے ہیں؟ مسیح یسوع ہی صرف آپ کے گناہ معاف کر سکتا اور ساری گندگی کو دُھو سکتا ہے۔ |
| آپ جہنم میں جائیں گے! | جو کوئی یسوع کو قبول کرتا ہے اُس کا تعلق خُدا سے بحال ہو جاتا ہے اور وہ ابدی زندگی پاتا ہے۔ جو لوگ یسوع کو رَدّ کرتے ہیں وہ خُدا سے الگ ہوتے ہوئے ابد تک جہنم میں رہیں گے۔ |
| آپکو اچھا انسان بننا چاہیئے! | ہم سب نے خُدا کے خلاف گناہ کیا ہے۔ لیکن یسوع ہمارے گناہوں کی معافی اور تلافی کے لئے صلیب پر مُوا۔ حقیقت میں یسوع کی مدد کے بغیر اچھے انسان نہیں بن سکتے۔ |
| آپکو اپنی زندگی تبدیل کرنی چاہیئے! | ہم میں سے کئی لوگ خود کو تبدیل کرنا چاہتے ہیں۔ لیکن ہم خود سے تبدیل ہونے کی قوت نہیں رکھتے۔ یسوع ہمیں تبدیل ہونے۔ گناہ پر غالب آنے۔ شیطان کا مقابلہ کرنے اور دوسروں سے نفرت کرنے کے بجائے محبت کرنے کی قوت دیتا ہے۔ |
| میں خُدا کے بارے میں بہت کچھ جانتا ہوں! | خُدا یا یسوع کے بارے میں ذہنی طور پر علم رکھنے سے آپ نجات نہیں پا سکتے۔ آپکو چاہیئے کہ آپ اپنے گناہوں سے توبہ کریں اور یسوع کو اپنا شخصی خُداوند اور نجات دہندہ قبول کریں۔ |
| آپ مجھ طاقتور خُدا کے بندے سے کلام سُنیں! | میں آپ سے بہتر انسان نہیں ہوں۔ میں بھی آپکی طرح گناہگار ہوں۔ لیکن میں نے مسیح یسوع کو قبول کیا ہے۔ اُس نے مجھے معاف کیا اور اپنی زندگی اور رُوح دی ہے اور اب میں اُسے جانتا ہوں۔ میں یہاں اِسلئے آیا ہوں تا کہ میں آپکو بھی نجات پانے کی دعوت دُوں۔ |

## رُوح سے معمور ہو جائیں

یسوع کی زندگی ہمارے لئے پاک رُوح کی معموری اور پاک رُوح کی قوت کی عمدہ مثال تھی ۔ (اعمال 38:10) یسوع پورے اختیار کے ساتھ منادی کرتا ۔ بدروحیں نکالتا ۔ بیماروں کو شفا دیتا اور قیدیوں کو رہائی دیتا تھا ۔ (متی 23:4 ؛ لوقا 4، 19-14:4) یسوع کامل اور بے گناہ خُدا کا بیٹا تھا ۔ لیکن پھر بھی اُس کی خدمت کے آغاز سے قبل پاک رُوح اُس پر نازل ہوا اور وہ اُس سے معمور ہو گیا ۔ (لوقا 1:4 ؛ یوحنا 33,32:1)

اگر چہ یسوع کے شاگرد اُس پر ایمان رکھتے تھے لیکن تو بھی اُس نے اُنہیں موثر خدمت کے لئے پاک رُوح کے حصول کی تلقین کی ۔ (لوقا 49-45:24 ؛ اعمال 8,5:1) یسوع نے اُنہیں رُوح کا بپتسمہ دیا ۔ (متی 11:3) پاک رُوح کے اِس بپتسمے کی وجہ سے پطرس اور دوسرے شاگردوں کے پیغامات بے انتہا موثر ہو گئے تھے ۔ (اعمال 47-14:2 : 26-11:3 : 31-23:4) جس طرح شاگردوں کی خدمت پاک رُوح کے وسیلے سے موثر ہو گئی تھی بعینہٖ آپ کی منادی بھی پاک رُوح کے وسیلے موثر ہو گی ۔ جب کوئی شخص مسیح یسوع کو پاتا ہے تو وہ پاک رُوح کی رہنمائی سے نئے سرے سے پیدا ہوتا ہے ۔ (یوحنا 6,5:3) پاک رُوح اُس کے اندر سکونت کرتا ہے ۔ (رومیوں 11-9:8) تاہم مسیح یسوع جانتا ہے کہ ہمیں اپنی زندگی میں اُس کی مرضی پوری کرنے کیلئے پاک رُوح کی قوت کی ضرورت ہے ۔ پس وہ ہمیں خدمت کے کام کے لئے مسح کرنے کیلئے ہم میں پاک رُوح کی ندیاں جاری کرنے کا وعدہ کرتا ہے ۔ (یوحنا 39,38:7) (لوقا 49:24 ؛ اعمال 8:1)

اِس قسم کا تجربہ اُن ایمانداروں کو ہوا جنہوں نے یسوع کو بطور نجات دہندہ قبول کیا ۔ (اعمال 4-1:2) بعد میں اِسی قسم کا تجربہ اُن لوگوں کو بھی ہوا جنہوں نے یسوع کو شخصی طور پر قبول کیا اور بپتسمہ لیا لیکن ابھی تک اُنہوں نے پاک رُوح کا بپتسمہ نہ پایا تھا ۔ "جب رسولوں نے جو یروشلیم میں تھے سُنا کہ سامریوں نے خُدا کا کلام قبول کر لیا تو پطرس اور یوحنا کو اُن کے پاس بھیجا ....... پھر انہوں نے اُن پر ہاتھ رکھے اور اُنہوں نے روح القدس پایا " ۔ (اعمال 17-14:8) کیا آپ پر پاک رُوح کا نزول بھرپور طور پر ہوا ہے؟ جب آپ منادی کریں اور یسوع کے بارے میں بتائیں تو کیا آپ اُس وقت زیادہ دلیری پانا چاہتے ہیں؟ اگر مسیح یسوع آپ کا خُداوند اور نجات دہندہ ہے تو پھر پاک رُوح کی یہ نعمت آپ کیلئے ہے ۔ (اعمال 41-37:2) جب آپ پاک رُوح کا بپتسمہ پاتے ہیں تو آپکی گواہی مزید قوت والی ہو جاتی ہے ۔

## پاک رُوح حاصل کرنا

آپ کس طرح پاک رُوح حاصل کرتے ہیں؟ سب سے پہلے اپنے بارے میں یقین کر لیں کہ خُدا کے سامنے آپ کی زندگی صاف ہے ۔ اپنے پوشیدہ گناہوں کا اقرار کریں اور خُدا سے معافی مانگیں ۔ خُدا سے خود کو جانچنے کیلئے پیش کریں اور پھر اُن سب گناہوں اور باتوں کیلئے خُدا سے معافی مانگیں جو وہ آپ پر ظاہر کرے ۔

پھر یسوع سے پاک رُوح اور اُس کی قوت کے نزول کیلئے التجا کریں ۔ یسوع کی تعریف کرنا شروع کریں ۔ بائبل مقدس ہمیں سکھاتی ہے کہ آپ ایسی زبان بولنا شروع کریں گے جو آپ نے کبھی نہیں سیکھی جیسا کہ یسوع کے شاگردوں نے کیا تھا ۔ (اعمال 4-1:2 اور 46-44:10) اگر آپ یک دم غیر زبان بول نہ پائیں تو ہمت نہ ہاریں ۔ خُداوند مسیح یسوع کی عبادت کرنا شروع کر دیں اور اُس سے پاک رُوح کی معموری کیلئے دُعا مانگیں ۔

اگر آپ کسی ایسے شخص کو جانتے ہوں جس نے پاک رُوح کا بپتسمہ پایا ہے تو اُس سے کہیں کہ وہ آپ کے سر پر ہاتھ رکھ کر پاک رُوح کے نزول کیلئے دُعا کرے ۔ (اعمال 17-14:8) خُدا دُعاؤں کا جواب دیتا ہے ۔ یسوع ہی نے ہمیں یہ بتایا ہے ۔ پس خُدا سے مانگیں اور پائیں جیسا اُس نے حکم دیا ہے ۔

## رُوح القدس سے معمور ہونا جاری رکھیں

ہمیں ہر روز پاک رُوح سے معمور ہونے اور تازہ دم ہونے کی ضرورت ہے ۔ بائبل مقدس ایمانداروں کو ہدایات دیتی ہے :- " اور شراب میں متوالے نہ بنو کیونکہ اس سے بد چلنی واقع ہوتی ہے بلکہ رُوح سے معمور ہوتے جاؤ ........ اور سب باتوں میں ہمارے خُداوند یسوع مسیح کے نام سے ہمیشہ خُدا باپ کا شکر کرتے رہو " ۔ (افسیوں 20-18:5) بے شک یہ ہدایات محض ایک دفعہ کیلئے نہیں ہیں بلکہ اُسے طرزِ زندگی بن جانا چاہئے ۔ اِس عمل کو جاری رہنا چاہئے ۔ یونانی زبان میں لفظ "معمور ہونا" کا ترجمہ دراصل "معمور ہوتے رہنا" کے ہیں ۔ یعنی کہ تواتر اور نئے سرے سے ہر روز رُوح القدس سے معموری ہونا ۔ بطور مسیحی ہم میں پاک رُوح کو بسنا چاہئے ۔ تا کہ ہم قلبی سکون ، رہنمائی اور سکسلائی حاصل کریں ۔ خدمت کے کام کیلئے پاک رُوح کی قوت کا ہونا ہمارے لئے ضروری ہے ۔ اور ہمیں پاک رُوح

سے مسلسل معمور اور تازہ دم ہونے کی ضرورت ہے تاکہ ہمارے دل اور منہ خُدا کی تعریف اور شکرگزاری سے بھرے رہیں۔

## خُدا پر بھروسہ رکھیں۔ اپنی نعمتیں استعمال کریں

ایک اچھا مبشر حکمت اور قوت کیلئے خُدا پر بھروسہ کرتا ہے۔ موثر بشارت کسی شخص کی فطری صلاحیت یا نعمت کی بموجب نہیں ہوتی۔ خُدا ہماری فطری صلاحیتوں کو استعمال کرتا ہے لیکن خُدا چاہتا ہے کہ آپ اُس پر بھروسہ رکھیں کیونکہ پاک رُوح ہی لوگوں کو خُدا کی طرف رجوع لانے میں مدد کرتا ہے۔ (یوحنا 8:16) مبشر کا کام ہے کہ وہ تابع فرمانی سے انجیل کی منادی کرے اور نتائج کیلئے خُدا پر بھروسہ کرے۔ خُدا لوگوں کو نعمتیں اور صلاحیتیں دیتا ہے اور دانا مبشر ان صلاحیتوں اور نعمتوں کو خُدا کے جلال کیلئے استعمال کرتے ہیں۔ (1- کرنتھیوں 31:10) خُدا ابھی چاہتا ہے کہ ہم اپنی نعمتوں کو بہتر طور پر استعمال کریں۔ (متی 25:14-28) خُدا نے ہم میں سے ہر ایک کو منفرد بنایا ہے۔ اُس نے ہمیں جیسا بنایا ہے ہم ویسے ہی ہیں۔ جو کچھ ہم کر سکتے ہیں ویسا کوئی دوسرا نہیں کر سکتا۔ بشارت دینے کے حوالے سے دوسرے مبشروں کی نقل کرنا دانائی کی بات نہیں ہوتی۔ اُن کو خدمت کے حوالے سے اپنا کردار ادا کرنا ہے۔ بشارتی خدمت کیلئے آپ دوسرے خادموں کے خیالات اپنے انداز میں پیش کر سکتے ہیں۔

## توبہ کی منادی کریں

مبشر کیلئے ضروری ہے کہ وہ لوگوں کو اپنی زندگی کی راہوں کو تبدیل کرنے کو کہیں۔ وہ تباہی اور بربادی کی راہوں پر چل رہے ہیں اور انہیں اپنی بُری راہوں سے مڑ کر یسوع کے پاس آنا چاہئے۔ (متی 14,13:7) لوگوں کو اُن کی راہوں کو ترک کر کے توبہ کرنے اور یسوع کے پیچھے چلنے کی تلقین کریں۔ لوگوں کو واضح طور پر بتائیں کہ فیصلہ کریں کہ انہیں کن راہوں پر چل کر اپنی زندگی بسر کرنی ہے۔ صرف دو باتوں کا انتخاب کرنا ہوگا۔ مسیح یسوع کو قبول کریں اور اُس کی پیروی کریں یا اپنی خود غرضانہ راہوں پر چلیں جو کہ ابدی ہلاکت کی طرف لے جاتی ہیں۔

## دل کو چھو دینے والا پیغام پیش کریں

کئی لوگوں کے نزدیک زندگی ایک مشکل یا بے حس شے ہے۔ انجیل کے پیغام میں خُدا کے ساتھ صلح اور گناہوں کی معافی پائی جاتی ہے۔ لوگوں کو جاننے کی ضرورت ہے کہ اگر وہ گناہوں سے نجات پانے کیلئے خُدا کی طرف رجوع کریں تو وہ اس



یسوع کی سچائی دوسروں کو بتائیں۔

زندگی میں اُن کے ساتھ ہوگا۔ خُدا کی محبت، مسیح یسوع کی نجات اور پاک رُوح کے اطمینان کے بارے میں منادی کریں۔ لوگوں کو بتائیں کہ یسوع کی پیروی کس طرح کی جاتی ہے۔ لوگوں کو جاننے کی ضرورت ہے کہ گناہوں کا حساب ہوگا اور سزا ملے گی۔ یسوع کی صلیبی موت کو تفصیل سے بیان کریں کہ یسوع کے ہاتھوں اور پیروں میں کیل ٹھوکے گئے اور اُس کی پسلی میں نیزہ گھونپا گیا۔ کانٹوں کا تاج پہنایا گیا۔ اُس کو لہولہان کیا گیا۔ یسوع نے صلیب پر کئی گھنٹے شدید جان کنی کی حالت میں گذارے۔ ہمارے گناہوں کے عوض لعنتی موت مرا۔

یسوع کی صلیبی موت کا نقشہ اپنے الفاظ میں کھینچیں اس طرح سے انہیں کوئی کہانی نہیں بلکہ سچا واقعہ نظر آئے۔ لوگوں کو بتائیں کہ وہ مر گیا اور پھر تیسرے دن مُردوں میں سے جی اُٹھا ہے۔ اب وہ زندہ ہے۔ یسوع کو شخصی طور پر قبول کرنے کی دعوت دیں۔

## سامعین کے ساتھ سوال و جواب (بحث) کے انداز میں پیغام دیں

پیغام دینے کا دوسرا طریقہ سامعین کے ساتھ سوال و جواب کر کے ایک نتیجہ اخذ کیا جائے۔ پولوس رسول اس انداز سے کبھی کبھار لوگوں کو سکھایا کرتا تھا۔ (اعمال 17)

لوگوں کو خُدا کے منصوبے کے بارے میں قائل کریں جو اُس نے یسوع کے وسیلے سے پورا کیا۔(2- تیمتھیس 2:4) آپ سامعین سے یسوع کے بارے میں سوال اور جواب کر کے کوئی نتیجہ اخذ کریں۔

آپ اُنہیں یسوع کا انتخاب کرنے کے روحانی فائدے بتا سکتے ہیں۔(آپ لوگوں کو یہ نہ بتائیں کہ صرف برکات حاصل کرنے کیلئے یسوع کی پیروی کریں) ابدی سزا سے بچنے کیلئے یسوع کو اپنانے کا انتخاب کرنا ضروری ہے۔ یسوع کو پانے سے انسان کے ماضی کی تمام شرم اور جُرم ختم ہو جاتے ہیں۔ توبہ کر کے یسوع پر ایمان لانے سے گناہ دُھل جاتے ہیں اِسی وجہ سے یسوع کا انتخاب کرنا بہت اہم ہے۔

مثال کے طور پر اگر مجھے پتہ چلے کہ کوئی شخص ایک ایسے خطرناک سفر پر روانہ ہونے والا ہے جہاں اُسکی جان کو خطرہ ہوگا تو میں اُسے اُس سفر پر جانے کیلئے منع کروں گا۔ میں اُسے سفر پر نہ جانے وجوہات بتاؤں گا مثلاً راستے میں بہت زیادہ بارش ہوگی اور سڑک بہہ جائے گی۔ راستے میں خطرناک جانور ہیں۔ راستے میں ڈاکو لوٹ لیں گے۔ گویا کہ میں اُسے ہر قسم کے خطرے سے آگاہ کروں گا تاکہ وہ سفر پر نہ جائے۔

جب آپ مسیح یسوع کے بارے میں لوگوں کو کلام سُناتے ہیں تو ایسا ہی سب کچھ بتایا جاتا ہے۔ زندگی کا سفر خطرناک ہے اور اُس میں انسان کو تحفظ نہیں ہوتا۔ جب انسان گناہ کی راہ پر چلتا ہے تو بُرے اور ابلیسی کام سرزد ہوتے ہیں اور وہ اپنی زندگی کی اہم ترین چیز کھو دیتا ہے اور آخرکار اپنی جان بھی کھو دیتا ہے۔ اِس بیان پر آپ غور کریں تو آپ کو پتہ چلے گا کہ یسوع کے حوالے سے کوئی شخص اپنی زندگی کے بارے میں سوچ بچار کرنے پر مجبور ہو جائے گا۔ آپ اِس بیان سے یہ بھی سمجھ جائیں گے اِس بیان سے کسی شخص کو پتہ چل جائے گا کہ اگر وہ مسیح یسوع کی راہوں پر چلتا ہوا اُس کی پیروی نہ کرے گا تو اُس کی زندگی کیسی ہو جائے گی۔ اِس طرح کی منادی کرنے سے آپ جھوٹی تعلیم کو بے نقاب کر سکتے ہیں۔ جس میں یسوع کے بغیر بھی زندگی گذاری جانے کے بارے میں حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ آپ اُن سب باتوں پر بھی روشنی ڈالیں جن میں وہ تحفظ محسوس کرتے ہیں مثلاً دولت - خاندان - کامیابی یا مذہبی رسومات۔ اِس بات پر زور دیں کہ ہر شخص کو اپنی زندگی کے بارے میں فیصلہ کرنا چاہیئے کہ اُسے ابدی زندگی کی راہ کیسے اختیار کرنا چاہیئے۔ اگر وہ اپنی زندگی کے بارے میں فیصلہ کرنے سے انکار کریں تو اِس کا مطلب ہے کہ اُنہوں نے یسوع کو رَدّ کر دیا ہے اور وہ نجات نہیں پا سکتے۔

## اپنی منادی کے دوران تصاویر اور کہانیاں استعمال کریں

اپنے پیغام کے دوران آپ روزمرہ کی زندگی کے بارے میں لوگوں کو تصاویر دکھائیں۔ یسوع بھی ایسا ہی کیا کرتا تھا۔ جب وہ تماثیل میں لوگوں سے باتیں کرتا تھا۔ لفظ "تمثیل" کا مطلب موازنہ کرنا ہے۔ ایک چیز کا دوسری کا موازنہ کر کے بتانا کہ وہ یکساں ہیں۔

یسوع نے کھیتی باڑی - جانوروں - دولت - رات کا کھانا کھانے - کھیتوں میں کام کرنے اور بچوں کے کھیلنے کے بارے میں گفتگو کی۔(متی 11:16-19؛ 13:1-32؛ 20:1-16؛ 22:1-14؛ 25:14-30؛ لوقا 15:4-7)

جب یسوع نے کہا کہ "دروازہ میں ہوں"۔(یوحنا 10:9) یسوع کی اِس بات کا مطلب ہر کوئی جانتا تھا۔ وہ لوگ دروازہ کا مطلب اور مقصد جانتے اور سمجھتے تھے۔ یسوع ایک عام سی چیز کو بطور تصویر چنتا تھا تاکہ وہ لوگوں کو سمجھا سکے کہ صرف اُسی کے ذریعہ باپ کے پاس رسائی ہو سکتی ہے۔ بائبل مقدس میں ایسی کئی تصاویر، کہانیاں اور مثالیں موجود ہیں جو آپ کے سامعین کیلئے خُدا کا پیار، لوگوں کی گمراہ شدہ حالت اور نجات کی سچائی کی منظرکشی کرتی ہیں۔

★ کھویا ہوا درہم (لوقا 15:8-10)

★ نیک سامری (لوقا 10:30-37)

★ دو گھر (متی 7:24-27)

★ کشادہ اور تنگ دروازہ (متی 7:13،14)

★ زناکاری میں عورت پکڑی گئی (یوحنا 8:3-11)

★ ڈاکو جس نے صلیب پر توبہ کی (لوقا 23:39-43)

یہ اور اِن کی طرح کئی اور مثالیں ہیں جو کہانیوں اور تصاویر کے طور پر منادی کرنے میں آپ کی معاون ہو سکتی ہیں۔ اِن سے آپ کے سامعین کو خُدا کے پیار کو سمجھنے اور یہ بھی کہ وہ لوگوں کو بچانے کی کتنی خواہش رکھتا ہے کو جاننے میں مدد ملے گی۔

## محبت اور روحانی بوجھ کے ساتھ منادی کریں

ہر مبشر کو تین باتیں جاننے کی ضرورت ہے۔ پہلی بات یہ ہے کہ لوگوں کے لئے خُدا کی محبت کو جاننا جن لوگوں میں آپ یسوع کی منادی کرتے ہیں خُدا اُن کو پیار کرتا ہے۔ خُدا نے اُن کو اپنے لئے بنایا ہے۔ اور اُن کے دلوں میں اپنا پیار قائم کرنے کیلئے اُنہیں چنا ہے۔ وہ نہیں چاہتا کہ وہ لوگ گناہ اور دُکھ میں زندگی گذاریں۔

جھوٹے خُداؤں کی خدمت کریں اور خُدا اسے دُور ہیں۔ خدا انہیں چاہتا کہ اُن میں سے کوئی بھی ہلاک ہو۔(2-پطرس 9:3)

اپنے سامعین کیلئے خُدا کی محبت کو اپنے دل میں آنے دیں۔ یسوع کو لوگوں پر اِس لئے ترس آیا کیونکہ اُس نے اُن کی خستہ حالی کو دیکھا۔ (متی 36:9-38) یہ خُدا کا پیار ،رحم ہے۔ رحم اور ترس ایسی چیز ہے جس کی بناء پر مبشر کھوئے ہوؤں کی ہر ممکن مدد کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ مبشر کے دل میں خُدا کے پیار ہونے کی وجہ سے اُسے دوسروں پر رحم اور ترس آتا ہے۔ دوسری بات آپ کو بطور مبشر خُدا کی رُوح کی ضرورت ہے۔ (1- کرنتھیوں 11:2-16) یسوع اُن لوگوں کے بارے میں کیا جانتا ہے؟ خُدا اُن کی ضرورت کو جانتا ہے اور یہ بھی کہ کون سی چیزیں انہیں اُس کے پاس لانے میں مدد کریں گی۔ یسوع نے سامری عورت پر اُس کی حقیقت عیاں کردی۔ یسوع نے اُس کی حالت اُس پر ظاہر کی اور اُسے نجات پانے کی راہ دکھائی۔ (یوحنا 7:4-42) جو کچھ آپ کو کہنا ہے یسوع آپ کو بتائے گا۔ وہ لوگوں کی ضرورتوں اور خواہشوں، اُن کی ناکامیوں اور اُن کے خوفوں کو جانتا ہے۔ خُدا سے حکمت مانگیں وہ بڑی فیاضی سے دیتا ہے۔ (یعقوب 5:1)

تیسری بات یہ ہے کہ ہر مبشر کو قوت اور روحانی بوجھ کی ضرورت ہوتی ہے۔ (دیکھیں رُوح سے معمور ہو جائیں) رُوحانی بوجھ انسان کی متحرک کرتا اور نہ ختم ہونے والی محبت ایماندار کو مسیح خُداوند کی پیروی کرنے اور اُس کی مرضی پوری کرنے کی موجد ہوتی ہے۔ جب کوئی مبشر خُدا کے حضور جا کر دُعا میں خاصا وقت گذارتا اور کلام پڑھتا ہے تو یہ جذبہ آگ کی طرح اُس میں آجاتا ہے۔

جب آپ انجیل کی خوشخبری سُنانے میں پُر جوش ہوتے ہیں تو پھر یسوع کے بارے میں سچائی کو لوگوں میں بڑی دلیری سے پیش کرتے ہیں۔ پاک رُوح آپ کی منادی میں قوت اور جان ڈال دے گا اور کھوئے ہوؤں کیلئے آپ کے دل میں بوجھ ڈال دے گا۔ کھوئے ہوؤں کیلئے بوجھ رکھنے کی وجہ سے آپ خُدا کے سامنے حلیم اور حساس بنتے ہیں۔ پاک رُوح آپ کی منادی کو قوت والی اور زوردار بنا دے گا اور کھوئے ہوئے لوگوں کیلئے خُدا کی محبت آپ کے دل میں ڈالے گا۔ لوگوں کیلئے روحانی بوجھ رکھنے سے آپ حلیم بنتے اور خُداوند کے حضور حساس بن جاتے ہیں۔ مبشر حضرات کو اپنی منادی کے دوران لوگوں پر واضح کرنا چاہیے کہ وہ کھوئے ہوئے ہیں اور گناہ میں زندگی گذار رہے ہیں۔ لیکن آپ ہمیشہ یاد رکھیں کہ جب آپ گناہ گار اور کھوئے ہوئے تھے تو خُدا کی محبت اور اُس کے فضل نے آپ کے دل کو چھوا تھا۔ خُدا کا فضل اُس کے رحم و کرم کی وجہ سے حاصل ہوتا ہے اِسے حاصل نہیں کیا جاسکتا۔ یہ مفت دیا جاتا ہے۔ خُدا کا کلام سُننے والوں کو بھی فضل دیتا ہے۔ آپ دلیر بنیں۔ خُدا پر اعتماد رکھیں اور خُداوند سے اپنے سامعین کیلئے روحانی بوجھ مانگیں۔

## دعوت دیں

مبشر کلام کی منادی کرتا ہے اور لوگوں کو اپنے گناہوں سے توبہ کرنے اور یسوع کی پیروی کرنے کو کہتا ہے۔ اپنے پیغام کے اختتام پر ہمیشہ لوگوں کو کہیں کہ جو کچھ اُنہوں نے سُنا ہے اُس کے بارے میں فیصلہ کریں۔ اِسے اپیل کرنا بھی کہتے ہیں۔ یہ یسوع اور اُس کے کلام کی قبولیت کہلاتی ہے۔ پیش کیے گئے کلام کیلئے لوگوں کا ہمیشہ ردِ عمل ہونا ممکن نہیں ہوتا۔ لیکن اگر چاہیں تو سامعین کو قبولیت کی دعوت دے سکتے ہیں۔ مبشر حضرات جب کسی مجمع سے خطاب کریں تو مندرجہ ذیل باتیں وہ لوگوں کو کہہ سکتے ہیں:-

★ آپ میں سے کتنے لوگوں کو میرا پیغام سمجھ آیا ہے۔
★ آپ میں سے کتنے لوگ مسیح یسوع سے اپنے گناہوں کی معافی مانگنا چاہتے ہیں؟
★ کیا آپ میں سے کوئی اپنی زندگی خُدا کیلئے وقف کرنا چاہتا ہے؟
★ کیا آپ میں سے کوئی مسیح یسوع کو شخصی طور پر قبول کرنا چاہتا ہے؟
★ یسوع کی پیروی کون کرنا چاہتا ہے؟

آپ اُنہیں اپنی خواہش کے اظہار کے لئے اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے، ہاتھ کھڑے کرنے یا سامنے آنے کیلئے کہہ سکتے ہیں۔ بائبل مقدس ایمانداروں کو تلقین کرتی ہے کہ وہ یسوع کی پیروی کرنے کا برملا اقرار کریں۔ (متی 33,32:10؛ رومیوں 9:10-13) مردوں اور عورتوں کو پوری سمجھ ہونی چاہیے کہ وہ کیا فیصلہ کرنے جا رہے ہیں اور اُنہیں اِس کیلئے کیا کرنا چاہیے۔ آپ اپنی اِس دعوت قبولیت کو اتنے واضح انداز میں بیان کریں کہ لوگ کہیں اِسے کلیسیا کا ممبر بنانے یا بننے کی بات نہ سمجھ بیٹھیں۔ اُنہیں واضح طور پر یسوع کو نجات دہندہ قبول کرنے کا مطلب سمجھائیں۔

## ہمیشہ ایسے لوگوں کے ساتھ دُعا کریں جو عملی اقدام اُٹھائیں

جب مسیح یسوع کو اپنا نجات دہندہ اور خُداوند قبول کرنے کی خواہش کا اظہار کریں تو پھر آپ اُن کو اپنے ساتھ دُعا مانگنے کو کہیں۔ بہتر ہوگا کہ آپ لوگوں کو بلند آواز سے دُعا میں آپ کے الفاظ دہرانے کو کہیں۔ آپ دُعا میں چھوٹے جملے استعمال کریں

اور چھوٹی دُعا مانگیں۔ مندرجہ ذیل دُعا کا ایک نمونہ تحریر کیا جاتا ہے جو کہ آپ لوگوں کی اپنے ساتھ مانگنے کو کہہ سکتے ہیں:-

''اے پیارے مسیح خُداوند! میرا ایمان ہے کہ تُو خُدا کا بیٹا ہے۔ میرے گناہوں کی خاطر صلیب پر مُوا۔ مُردوں میں سے جی اُٹھا ہے۔ میں گناہ گار ہوں۔ اپنے گناہوں سے توبہ کرتا اور اپنی راہوں کو ترک کرتا ہوں۔ میرے گناہ معاف کر اور اُنہیں دُور لے جا۔ مجھے گناہوں سے دُھو اور پاک کر۔ اے مسیح خُداوند مجھے بچا اور نئی زندگی عطا کر۔ میرے دل میں آ اور مجھے اپنا بنا لے۔ مجھے بچانے کیلئے میں تیرا شکر کرتا ہوں۔ میں تجھے اپنا خُداوند مانتا ہوں اور عمر بھر تیری پیروی کرونگا۔ تیرا شکر ہو کہ میں تجھے جان گیا ہوں۔ مجھے پاک رُوح عنایت کرنے کیلئے شکریہ۔ مجھے روزانہ اپنے لئے زندگی بسر کرنے کی مدد کر۔ آمین''۔

## لوگوں کے یسوع کو قبول کر لینے کے بعد

جو لوگ یسوع کو شخصی طور پر قبول کر لیں اُنہیں سمجھائیں کہ اُنہوں نے یسوع کو قبول کر کے کیا کیا؟ اُنہیں بتائیں کہ اب وہ مسیح یسوع کے ہیں۔ آپ یسوع کے خاندان کا حصہ بن گئے ہیں۔ یسوع آپ کو یہ زندگی بسر کرنے میں مدد دے گا۔ اب وہ ہر روز آپ کے بہت نزدیک ہے۔ آپ اُس سے اُسی طرح دُعا میں باتیں کر سکتے ہیں جس طرح ابھی آپ نے دُعا میں ابھی اُس سے باتیں کی ہیں۔ آپ ہر روز لازماً بائبل مقدس کو پڑھیں۔ ایسا کرنے سے آپ خُدا کے بارے میں مزید سیکھیں گے اور یہ بھی کہ اُس کے لئے کیسے زندہ رہتا ہے۔ کلیسیائی عبادت یا کسی میٹنگ کے دوران جب لوگ یسوع کو اپنا خُداوند اور نجات دھندہ مان لیں تو پھر اُن کے ساتھ دُعا کریں۔ اُنہیں اُن کے اپنے الفاظ میں توبہ کرنے کو کہیں۔ وہ بُری باتوں، کاموں یا بُرے لوگوں کو چھوڑیں۔ مثلاً جادوگری۔ شیطانی روحوں کو پرستش یا جھوٹے مذہب کی پیروی کرنا وغیرہ۔ جب لوگ اپنی زبان سے بُرائیوں کو ترک کرنے کا اعلان کر دیں تو پھر آپ اُن پر ہاتھ رکھ کر یسوع کے نام پر تاریکی کی قوتوں کو ڈانٹیں تا کہ وہ اُن سے آزادی پائیں۔ لوگوں کیلئے دُعا میں خُدا کی پناہ مانگیں۔ مندرجہ ذیل چند دُعا کے نمونے پیش کئے جاتے ہیں:-

نیا ایماندار کہے:

''اے یسوع میں بت پرستی کے گناہ کو ترک کرتا ہوں۔ میں تاریکی کی سب قوتوں کو ترک کرتا ہوں اور میں تیری پیروی کرونگا اور تیری خدمت کرونگا کیونکہ میرا خُداوند بچانے والا ہے۔ یسوع میں تیرا شکر کرتا ہوں''۔

مبشر کہے:

''اے آسمانی باپ! میں تیرے اختیار کو جو کہ یسوع مسیح کے وسیلے سے مجھے حاصل ہے جس سے میں بد روح کو حکم دیتا ہوں کہ اُس شخص۔ خاندان۔ گھر اور اُسکی پوری زندگی کو چھوڑ دے۔ میں کہتا ہوں کہ مسیح یسوع کے خون نے اُسے آزاد کیا ہے۔ اے خُدا! میں تیری منت کرتا ہوں کہ تو اُس کی تمام راہوں میں اُسکی مدد اور حفاظت کر۔ خُداوند تیرا شکر ہو۔ یسوع کے قادر نام میں آمین''۔

جب لوگ یسوع کو پالیں تو پھر آپ اُن کے پاک رُوح سے معمور ہونے کیلئے دُعا کریں۔ (دیکھیں اُوپر تحریر کردہ سُرخی بنام ''رُوح سے معمور ہو جائیں'') جیسا کہ ہم نے سیکھا ہے کہ پاک رُوح ہر اُس شخص میں آ کر بس جاتا ہے جو یسوع کو شخصی طور پر اپنا نجات دھندہ اور خُداوند قبول کرتا ہے۔ لیکن یسوع نے ہر ایماندار کو پاک رُوح کی نعمت دی تا کہ وہ اُس کی قوت سے اُس کی گواہی دے سکے۔ لوگوں کیلئے اُس نعمت کو حاصل کرنے کیلئے دُعا کریں۔ ہو سکتا ہے کہ وہ یہ نعمت حاصل کرنے کے بعد غیر زبان میں دُعا کرنا شروع کریں۔ اُن کی اِس نئی زبان میں دُعا کرنے میں حوصلہ افزائی کریں۔

## پانی کا بپتسمہ

بائبل مقدس کے مطابق ہر نئے ایماندار کو پانی کا بپتسمہ لینا چاہیے۔ (متی 19:28؛ اعمال 38:2) اِس لئے ہر اُس شخص کو پانی کا بپتسمہ لینے کیلئے حوصلہ افزائی کریں جس نے یسوع کو اپنا نجات دھندہ قبول کیا ہو۔ لوگوں کو غوطے کا بپتسمہ گرجا گھر میں یا ہر ایسی جگہ پر بپتسمہ دیا جا سکتا ہے جہاں کسی کو پانی میں غوطہ دیا جا سکے۔ (مثلاً دریا۔ سمندر۔ تالاب وغیرہ) آپ بطور مبشر لوگوں کو بپتسمہ دے سکتے ہیں یا کسی مقامی پاسبان یا کلیسیائی رہنما کو کہیں کہ وہ نئے ایمانداروں کو بپتسمہ دے۔

## ایک کلیسیائی خاندان

بالآخر آپ کو چاہیے کہ آپ کلیسیا میں لوگوں کی رہنمائی اور مدد کریں تا کہ وہ اُن نئے ایمانداروں کو تعلیم دیں اور اُنکی خبر گیری کریں۔ ایسا کرنا ممکن نہ ہو تو پھر آپ خود اُس وقت تک اُنہیں تعلیم دیں جب تک کسی پاسبان یا منادی کرنے والے کا بندوبست نہیں ہو جاتا۔ پولوس رسول نے ایسا ہی کیا تھا۔ دیکھیں اعمال 14:20-23) اُنہیں بائبل مقدس دینے کی ضرورت بھی ہو گی جسے وہ پڑھیں اور اُس سے سیکھیں۔ نئے ایمانداروں کو بائبل مقدس ضرور دینے کی کوشش کریں۔

## خُدا کی طرف سے نتائج کیلئے اُس پر بھروسہ رکھیں

خُدا پر بھروسہ کریں کہ وہ گناہ گاروں کا تعلق یسوع کے ساتھ ضرور بنائے گا۔ خُداوند نے پولوس رسول سے کہا " اور خُداوند نے رات کو رویا میں پولوس رسول سے کہا خوف نہ کر بلکہ کہے جا اور چپ نہ رہ ........ کیونکہ اس شہر میں میرے بہت سے لوگ ہیں "۔ (اعمال 9:18) پاک رُوح کی قوت پر بھروسہ کریں جو آپ کے ساتھ اور آپ



صبر سے خُدا کے منتظر ہوں۔


کے اندر ہے۔ آپ سچائی اور خُدا کے کلام کے موثر ہونے اور مسیح یسوع کی انجیل پر بھروسہ رکھیں۔ وہ زندہ اور قوت والا ہے۔ خُدا زندہ اور قوت والا ہے۔ یاد رکھیں کہ خُدا انسان کو بچاتا ہے نہ کہ آپ کسی کو بچاتے ہیں۔ آپ تو صرف یسوع کا حکم مانتے ہوئے خُدا کا کلام دوسروں کے پاس لے کر جاتے ہیں۔ خُدا چاہتا ہے کہ ہر شخص توبہ کرے اور یسوع پر ایمان لائے۔ (2-پطرس 9:3)

جب آپ منادی کے کام میں کوئی نتیجہ برآمد نہ ہو تو آپ دو کام کریں۔ سب سے پہلے آپ خُدا کے حضور جائیں اور دُعا میں اُس سے حالات کے بارے میں گفتگو کریں۔ خُداوند کے جواب کا انتظار کریں۔ وہ آپ سے ہم کلام ہو کر آپ کو سکھائے گا۔ دوسرا کام یہ کریں کہ آپ اُسے کہیں کہ وہ آپ کو منادی کرنا سکھائے۔ جب خُدا آپ سے ہمکلام ہو تو آپ اُس کی سُنیں۔ خُدا آپ کو سکھائے گا اور آپ کو اُستاد بھی مہیا کرے گا۔ جب آپ خُدا کی مرضی کو اپنی بہترین صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے پورا کرتے ہیں تو پھر نتائج کیلئے خُدا پر بھروسہ کریں۔ زمین میں جب بیج بویا جاتا ہے تو اُگتا اور پھل لاتا ہے۔ آپ اپنی محنت کا پھل حاصل کریں یا نہ کریں لیکن اہم بات خُدا اور اُس کے کلام کی تابع فرمانی کرنا ہے۔ خواہ آپ کو کچھ بھی نتائج حاصل ہوں آپ ہر حال میں خُدا کا شکر اور اُس کی تعریف کریں۔ وہی ہر وقت تعریف اور عزت کے لائق ہے۔ جب لوگ آپ کی منادی کا مثبت جواب دیں تو آپ خُدا کی تعریف کریں۔ خُدا ہی لوگوں کو بشارت دینے کی نعمت دیتا ہے۔ خُدا کا کلام ہی زندگی دیتا ہے۔ خُدا کا رُوح ہی لوگوں کو توبہ کیلئے قائل اور مائل کرتا ہے۔ مبشر حضرات تو محض عظیم اور قوت والے خُدا کے تابع فرمان خادم ہوتے ہیں۔ ہمیں کلام کی منادی کرنے کا کتنا بڑا اعزاز دیا ہے۔ جو مبشر حضرات سمجھتے ہیں کہ اُن کی منادی کی وجہ سے لوگ مسیح یسوع کے پاس آتے ہیں وہ اپنے نام کو جلال اور عزت دیتے ہیں۔ ایسے مبشر روحانی طور پر کمزور ، ناواقف اور تکبر کے گناہ کو گلے لگاتے ہیں۔ صرف خُدا ہی انسان کو بچاتا ہے۔ اس لئے ساری تعریف خُدا ہی کیلئے ہے۔ (زبور 1:115)

دوسرے مبشروں کی طرح ہر مبشر کو بھی خُدا کے سامنے خالص اور درست زندگی بسر کرنی چاہیے ، اور اپنے گھرانے اور برادری سے درست تعلقات ہونے چاہئیں۔ اگر ایسا نہ ہو تو مبشر کے پیغام میں جسم کے کام مثلاً منصف ہونا نظر آئے گا۔ اپنے بیوی اور بچوں کے ساتھ بُرے طور سے پیش آنے سے خُدا ناخوش ہوتا اور زندگی کی گواہی پر بُرا اثر پڑتا ہے۔ کسی معاملہ میں دوسروں کو دھوکہ دینے سے مسیح یسوع کے نام پر دھبہ لگتا ہے۔ کسی شخص سے کسی بات میں وعدہ خلافی کرنا بد دیانتی اور بے دینی کہلاتا ہے۔ آپکا گناہ آلودہ رویہ تبدیل ہونا چاہیے کیونکہ آپ مسیح یسوع کی منادی کرتے ہیں کہ وہ کون ہے اور اُس کی چھٹکارا دینے والی قوت سب کچھ کر سکتی ہے۔ مبشر بائبل مقدس کو پڑھتا اور اُس کا مطالعہ کرتا ہے۔ مبشر حضرات یسوع کے بارے میں دوسروں کو سچائی بتانے کیلئے موقع کی تلاش میں رہتے ہیں۔ لیکن وہ اپنی دوسری ذمہ داریوں مثلاً ملازمت یا گھرانے کو نظر انداز نہیں کرتے۔ وہ ہر وقت اور ہر حال میں مثلاً ریل گاڑی میں سفر کرتے ہوئے۔ پیدل چلتے ہوئے۔ دوسروں کے ساتھ رفاقت کے دوران دُعا مانگتا اور خُدا کی آواز سُنتا رہتا ہے۔ مبشر کا دل ہمیشہ نرم اور سیکھنے والا ہونا چاہیے۔

حصہ ہشتم

# مبشر کو خُدا کیسے تیار کر
# ہے۔



خُدا چاہتا ہے انسان خود کو اُس کیلئے وقف کرے۔ جب یسوع آپ کی زندگی کا خُداوند بن گیا تو وہ آپ کی ہر چیز کا خُداوند بن گیا ہے۔ اب آپ کے منصوبے - آپ کی نعمتیں - مہارتیں - خیالات - احساسات - خاندان - بدن اور زندگی یسوع کے ہیں نہ کہ آپ کے۔ اگر آپ نے ابھی تک اپنے پورے دل سے اپنا سب کچھ اُس کے سپرد نہیں کیا کہ سب چیزوں میں اُس کی مرضی پوری ہو تو آج ہی ایسا کریں۔ خُداوند کو دُعا میں سب کچھ دے دیں۔

پھر روزانہ دُعا کریں کہ پاک رُوح آپ کے دل کو جانچے جو کہ توبہ کیلئے قائل کرتا ہے۔ پاک رُوح جب آپ پر آپ کے گناہ، ناکامیاں، خود غرضی یا جسمانی خواہشات کو ظاہر کرے تو آپ اُن کا اقرار کر کے اُن کی معافی مانگیں۔ اپنے جسم کو تربیت کرنے سے آپ یسوع کے بہت مضبوط شاگرد بن جائیں گے۔ بائبل مقدس کہتی ہے کہ "پس خُدا کے قوی ہاتھ کے نیچے فروتنی سے رہو تاکہ وہ تمہیں وقت پر سربلند کرے"۔ (1-پطرس 6:5)

مندرجہ ذیل فہرست کی مدد سے آپ اپنی زندگی کو جانچ اور پرکھ سکتے ہیں۔ یہ فہرست کچھ اُصولوں کے بارے میں یا بیرونی نمود و نمائش کیلئے نہیں ہے۔ اس فہرست سے آپ اپنی زندگی اور خدمت کا جائزہ اور اندازہ لگا سکیں گے۔ اِن سوالات کے وسیلے سے شخصی زندگی روحانی طور پر ترقی کرے گی اور خُدا آپ کو بہتر طور پر استعمال کر سکے گا۔ اپنے آپ کے ساتھ دیانتدار بنیں اور سب سے بڑھ کر آپ خُدا کے ساتھ دیانتدار اور وفادار بنیں۔ ہم خُدا کو بیوقوف نہیں بنا سکتے۔ وہ جانتا ہے کہ ہمارے دلوں میں کیا ہے اور وہ ہماری زندگی کی ہر چیز کو دیکھتا اور جانتا ہے۔ ہر شخص کو چاہیئے کہ وہ خُدا کے حضور بڑی عاجزی اور انکساری کے ساتھ جاتے ہوئے اُس کی

مدد اور فضل کو مانگے تا کہ وہ روحانی طور پر ترقی کرے اور اُسکا وفادار خادم بن سکے۔
اگر مندرجہ ذیل کاموں میں سے چند کام آپ نہیں کرتے اور لیکن آپ اُنہیں کرنا چاہتے ہیں تو آپ اُنہیں کرنے کیلئے خُدا سے مدد مانگیں۔ اُنہیں کرنے کیلئے آپ وقت نکالیں۔ اکثر کہا جاتا ہے کہ جس کام کو انسان اپنے لئے ضروری سمجھتا ہو اُس کام کیلئے وقت نکالتا ہے۔ اسلئے اگر یہ چیزیں آپ کیلئے اہمیت رکھتی ہیں تو آپ اُن کیلئے وقت نکالیں۔

## مبشر حضرات کی روحانی ترقی کیلئے کاموں کی فہرست

★ کیا میں روزانہ بلا ناغہ دُعا مانگتا اور بائبل سٹڈی کرتا ہوں؟
★ کیا میں دُعا مانگنے کے بعد خُدا کی آواز سُننے کیلئے خاموشی میں وقت صرف کرتا ہوں تا کہ مجھ سے ہمکلام ہو اور وہ اپنے خیالات اور منصوبے مجھ پر ظاہر کر سکے؟
★ کیا میں اپنی زندگی کو جانچنے کیلئے پاک رُوح کو دعوت دیتا ہوں۔ کیا میں تواتر سے اپنے گناہوں کا اقرار کرتا ہوں؟
★ کیا میں بائبل سٹڈی کرتا ہوں اور اپنے منادی کے کام کی منصوبہ بندی بڑی احتیاط سے کرتا ہوں؟
★ کیا میں اپنی تقریر - اپنی وضع قطع - بائبل کا علم اور اپنی مہارتوں کو فروغ دینے کی کوشش کرتا ہوں؟
★ جب میں منادی کرنے جاتا ہوں کیا دوسرے ایماندار بھی میرے ساتھ ہوتے ہیں؟
★ کیا میں نے اپنی خدمت میں خُدا کو آنے کی دعوت دی ہے جس نے اپنے مسح اور قوت سے خدمت کا کام سونپا گیا ہے؟
★ کیا میں اعمال 2 باب کے مطابق رُوح القدس کی قوت سے معمور ہُوا ہوں؟
★ کیا میرے پاس ایسے لوگ ہیں جو ہر روز میرے اور میری خدمت کیلئے دُعا کرتے ہیں۔ خصوصی طور پر اُس وقت جب میں کلام سُنانے جاتا ہوں؟
★ کیا میں مسیح یسوع کی منادی بڑی دلیری سے کرنے کیلئے دُعا مانگتا ہوں؟
★ کیا میں نے اِس ماہ دُعا اور روزہ میں وقت گذارا ہے؟
★ کیا مجھے معلوم ہے کہ بائبل مقدس مال اور دولت کے حوالہ سے دُعا کرنے اور خُدا پر بھروسہ رکھنے کے بارے میں کیا کہتی ہے۔ تا کہ میری خدمت اور میرے خاندان کی سب ضرورتیں پوری ہوں؟
★ کیا میرا کوئی ناصح ہے؟ کیا میں نے خُدا سے کوئی شخص اپنی تربیت کیلئے مانگا ہے؟
★ کیا کوئی ایسا مرد یا عورت ہے جسے میں چاہتا ہوں کہ وہ میری زندگی اور میری خدمت کے کام میں مدد دینے کیلئے وقت نکالے۔
★ کیا میں نے کبھی خُدا سے دُعا مانگی ہے کہ وہ مجھے کسی مرد یا عورت کی بشارتی کاموں میں مدد کرنے کے بارے میں بتائے۔ اگر ایسا ہے تو میں اِس سلسلہ میں کیا کر رہا ہوں؟
★ کیا میں خُدا کے ساتھ باقاعدگی سے چل رہا ہوں یا میں سُست ہوں؟
★ کیا میں اپنے جیون ساتھی اور بچوں کے ساتھ اچھی تربیت دینے کیلئے وقت گذارتا ہوں؟
★ کیا میں کاموں کو نظر انداز کرتا ہوں یا محنت کرتا ہوں۔ اور کیا لوگوں سے وعدہ خلافی کرتا ہوں؟
★ کیا میری خیالوں والی زندگی خالص ہے؟ کیا میرے خیالات کُلی طور پر خُدا کے ہیں بالالفاظ دیگر کیا میں پورے طور پر روحانی خیالات رکھتا ہوں؟
★ کیا میں اپنی روحانی ترقی کیلئے بائبل مقدس اور دوسری مسیحی کتب پڑھتا ہوں؟
★ کیا میں پاسبانوں کی کلیسیاؤں کی بڑھوتی اور نئی کلیسیائیں قائم کرنے میں اُن کی مدد کرتا ہوں؟
★ کیا میں نے پاک کلام میں مندرج قیادتی خوبیوں کو پڑھا اور اُن کا مطالعہ کیا ہے جن کا تذکرہ 1- تیمتھیس 3:1-13؛ ططس 1:5-9) اِس فہرست کو آپ اپنی روحانی ترقی کیلئے استعمال کریں اور اپنے ہم خدمت مبشران کو بھی دیں۔

## ایک موثر مبشر بننے کیلئے قیمت ادا کرنا پڑتی ہے

خدمت کرنا آسان کام نہیں ہے۔ لیکن مسیح یسوع کی تابع فرمانی کرنے سے بہت بڑا اجر ملتا ہے۔ یسوع کے پاس لوگوں کا آنا خدمت کا سب سے بڑا اجر ہے۔ بائبل مقدس ہمیں سکھاتی ہے کہ روح جیتنے والے دانا کہلاتے ہیں۔ (امثال 30:11) مسیح یسوع کے تابع فرمان اور وفادار بندوں کو ابدی انعام دیئے جائیں گے۔ جو لوگوں کو بچانے کیلئے اُن تک رسائی کرتے ہیں۔ وہ "اور اہل دانش نور فلک کی مانند چمکیں گے اور جن کی کوشش سے بہتیرے صادق ہو گئے ستاروں کی مانند ابدالآباد تک روشن ہوں گے"۔ (دانی ایل 3:12)
انجیل مقدس میں بیان کئے گئے روح کے پھل اور دوسروں کو مسیح یسوع کے بارے میں بتانے سے حاصل شدہ پھل ابدی ہوتے ہیں جو ہمیشہ قائم و دائم رہیں گے۔ جو لوگ خدمت کا کام ایمان اور جان نثاری سے کرتے ہیں خُدا اُن کو سکون اور انعام

دیتا ہے۔ یسوع جانتا ہے کہ بطور شاگرد ہمیں آزمائشوں اور مخالفت سے نبرد آزما ہونا پڑتا ہے۔ روحوں کو بچانے والے لوگوں کیلئے پاک کلام میں یوں مرقوم ہے لیکن ہمارے سامنے یسوع کی بڑی عمدہ مثال موجود ہے: "اور ایمان کے بانی اور کامل کرنے والے یسوع کو تکتے رہیں جس نے اُس خوشی کیلئے جو اُس کی نظروں کے سامنے تھی شرمندگی کی پروا نہ کرکے صلیب کا دُکھ سہا اور خُدا کے تخت کی دہنی طرف جا بیٹھا"۔ (عبرانیوں 2:12) مسیح یسوع کی خوشی میں ہم سب یہ جانتے ہوئے شامل ہیں کہ اُس کی موت کے وسیلے سے خُدا سے ہمارا دوبارہ میل ملاپ ہوگیا۔ ہم ایماندار بھی مسیح کی خوشی ہیں۔ اُس کی دُلہن جس کا وہ بے چینی سے انتظار کرتا ہے۔ (افسیوں 5:25-27؛ مکاشفہ 19:7-9) لوگوں کو مسیح یسوع کے پاس لانا ہماری خوشی ہوگی۔

ہوسکتا ہے کہ خُدا کی مرضی کو اپنی زندگی میں پوری کرنے کیلئے آپ کو بھاری قیمت ادا کرنی پڑے۔ ہر ایماندار کو امارت خود غرضی اور جسمانی خواہشات کو ترک کرنے کی قیمت ادا کرنی پڑتی ہے تاکہ یسوع کی مانند بنا جا سکے۔ جب آپ یسوع کی طرح قربانی کی زندگی بسر کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو پھر آپ اپنے آسمانی باپ سے بڑھ کر کام کرتے ہیں۔ خُدا کی قوت اور اُس کی حضوری آپ کے ساتھ ہوگی۔ جب آپ منظم طور پر زندگی بسر کرتے اور وفادار رہتے ہیں تو آپ روح بچانے میں ماہر ہوجاتے اور "آدم گیر" بن جاتے ہیں۔ (متی 4:19) آپ حکمت اور دانائی میں ترقی کرتے اور خُدا کی باتوں میں بھرپور ہوجاتے ہیں۔ خُدا کی خدمت کرنا ہمیں سب چیزوں سے زیادہ مقدم ہے۔ (1- کرنتھیوں 9:19-22)

## مبشر کی شخصی زندگی

دوسرے مبشروں کی طرح ہر مبشر کو بھی خُدا کے سامنے خالص اور درست زندگی بسر کرنی چاہئے۔ اور اپنے گھرانے اور برادری سے درست تعلقات ہونے چاہئیں۔ اگر ایسا نہ ہو تو مبشر کے پیغام میں جسم کے کام مثلاً منصف ہونا نظر آئے گا۔ اپنے بیوی اور بچوں کے ساتھ بُرے طور سے پیش آنے سے خُدا ناخوش ہوتا اور زندگی کی گواہی پر بُرا اثر پڑتا ہے۔ کسی معاملہ میں دوسروں کو دھوکہ دینے سے مسیح یسوع کے نام پر دھبہ لگتا ہے۔ کسی شخص سے کسی بات میں وعدہ خلافی کرنا بد دیانتی اور بے دینی کہلاتا ہے۔ آپ کا گناہ آلودہ رویہ تبدیل ہونا چاہئے کیونکہ آپ مسیح یسوع کی منادی کرتے ہیں کہ وہ کون ہے اور اُس کی چھٹکارا دینے والی قوت سب کچھ کر سکتی ہے۔ مبشر بائبل مقدس کو پڑھتا اور اُس کا مطالعہ کرتا ہے۔ مبشر حضرات یسوع کے بارے میں دوسروں کو سچائی بتانے کیلئے موقع کی تلاش میں رہتے ہیں۔ لیکن وہ اپنی دوسری ذمہ داریوں مثلاً ملازمت یا گھرانے کو نظر انداز نہیں کرتے۔ وہ ہر وقت اور ہر حال میں مثلاً ریل گاڑی میں سفر کرتے ہوئے۔ پیدل چلتے ہوئے۔ دوسروں کے ساتھ رفاقت کے دوران دُعا مانگتا اور خُدا کی آواز سنتا رہتا ہے۔



پاک رُوح کو موقع دیں کہ آپکے دل کو جانچے۔ جب وہ آپ پر آپکے گناہ ظاہر کرے تو اپنے گناہوں کا اقرار کرکے توبہ کریں اور یسوع سے کہیں کہ وہ آپکے دل سے ساری گندگی دھو ڈالے۔ آپ آزاد ہو جائیں گے اور مالک کیلئے بہت زیادہ کارآمد ہو جائیں گے۔

مبشر کا دل ہمیشہ نرم اور سیکھنے والا ہونا چاہئے۔ جب آپ خُدا کے منتظر ہوتے ہیں تو وہ اپنی ذات کو بہتر طور پر جاننے میں آپ کی مدد کرتا ہے۔ جب آپ اُس کو جاننے میں ترقی کرتے ہیں تو اچھے مبشر بن جاتے ہیں کیونکہ آپ اپنے باپ کو سمجھتے ہیں۔ یسوع نے وہی کیا جو اُس کے باپ نے کیا۔ اور اُس نے وہی کہا جو اُس کا باپ کہتا تھا۔ (یوحنا 5:19؛ 8:26)

بطور خادم ہمارا مقصد خُدا کو اتنا گہرے طور پر جاننا ہے کہ ہم اُسکی آواز سے رہنمائی پائیں اور اُسکی مرضی کو جانیں۔ اگر آپ شادی شدہ ہیں تو اپنے جیون ساتھی کو اتنا پیار کریں جتنا یسوع نے اپنی کلیسیا کو کیا۔ (افسیوں 5:25) آپ اپنی بیوی سے نرمی اور عزت سے پیش آئیں۔ (1- پطرس 3:7) آپ کی بیوی کو چاہئے کہ وہ آپ کی عزت کرے۔ (افسیوں 5:33) اگر آپ غیر شادی شدہ ہیں تو اپنا بدن اور ذہن پاک رکھیں۔ (1- تھسلنیکیوں 4:3-5) خُداوند جانتا ہے کہ آپ تنہائی میں لوگوں کی نظروں اور کانوں سے اوجھل ہو کر کیا کرتے ہیں۔ غیر شادی شدہ خادم کو اپنے کاموں اور خیالوں میں پاک بننے کی کوشش کرنی چاہئے۔ اگر وہ کسی گناہ میں گرفتار ہوجائیں تو

اُنہیں فوراً اپنے گناہ کا اقرار کر کے اُسے ترک کرنا چاہیے۔ خواہ کسی لین دین - خاندان - کلیسیا یا دوستی کا معاملہ ہو آپکو ہر معاملہ میں دیانت دار اور ایماندار ہونا چاہیے تا کہ خدمت کے کام پر دھبہ نہ لگے۔ ہم نے بہت سے لوگوں کے بارے میں سُنا ہے کہ ایسے لوگ خادموں کے ذریعہ یسوع کو نجات دھندہ قبول کرنے سے ہچکچائے کیوں کہ دعوت دینے والے مبشر جھوٹے - ظالم یا بددیانت تھے۔ اُنہوں نے ایمانداروں کی گناہ آلودہ زندگی سے ٹھوکر کھائی۔ (1- کرنتھیوں 33,32:10) بطور خادم آپ بادشاہوں کے بادشاہ کی نمائندگی کرتے ہیں۔ آپ ہمیشہ سچ بولیں۔ جس سے بھی کسی قسم کا وعدہ کریں اُسے پورا کریں۔ اگر آپ ایسا نہیں کرتے تو لوگ آپ پر بھروسہ نہیں کریں گے اور آپ لوگوں کیلئے ٹھوکر کا باعث بنیں گے۔ اِس لئے لوگ آپ کے وسیلے سے خُداوند کے پاس نہیں آئیں گے۔ آپ کو دن کے ہر لمحہ مسیح یسوع کو لوگوں میں پیش کرنا ہوتا ہے نہ کہ صرف اپنے پیغام کے ذریعہ بلکہ اپنے ہر کام سے یسوع کو پیش کرنا ہوتا ہے۔ آپکی گفتگو بااخلاق اور صاف ستھری ہو۔ آپ کے منہ سے کوئی گندی بات نہ نکلے۔ (افسیوں 29,15:4؛ کلسیوں 6:4)

خُدا چاہتا ہے کہ ہم اُس کے لئے عزت کے برتن بنیں۔ (2- تیمتھیس 21:2) آپ اپنے مہمانوں کو گندے برتنوں میں کھانا نہیں کھلانا چاہتے۔ آپ اُنہیں صاف برتنوں میں کھانا کھلانا چاہیں گے۔ جب آپ اُس کے صاف برتن بنتے ہیں تو اُسے عزت ملتی ہے۔ جب کوئی گناہ - گندی گفتگو یا بُری عادتیں آپ کی زندگی کو گندا کرتی ہیں تو پھر آپ خُدا کیلئے موثر ثابت نہیں ہوسکتے۔ پاک روح کو کہیں کہ وہ آپ کے دل کو جانچے۔ جب وہ آپ سے ہم کلام ہو تو پھر دُعا میں آپ اپنے گناہ کا اقرار کر کے توبہ کریں اور یسوع کو اجازت دیں کہ اُس گناہ کو آپ کی زندگی سے خارج کر دے۔ اِس طرح آپ گناہ سے رہائی پائیں گے اور مالک کیلئے بہت زیادہ مفید ہو جائیں گے۔ اکثر اوقات خُدا کے حضور جا کر اپنے گناہوں کی معافی مانگا کریں۔ خود کو اُس کے حضور جا کر چھوٹا اور پست کریں تا کہ وہ آپ کو اپنے عظیم مقاصد کیلئے استعمال کرے۔ اپنی روزمرہ کی دُعا میں اپنے گناہوں کا اقرار اور توبہ کیا کریں۔ خُدا سے خود کو جانچنے کیلئے کہیں۔ اُس سے معافی مانگیں۔ خُدا سے خود کو پاک بنانے کیلئے کہیں۔

## آپ کو خُدا کے کلام (بائبل) کا مطالعہ کرنا چاہیے

بائبل آپ کی سچائی کا سرچشمہ ہے۔ آپ کو چاہیے کہ روزانہ اُسے پڑھیں۔ اِس کا مطالعہ کریں آیات زبانی یاد کریں تا کہ آپ روحانی طور پر بالغ ہو جائیں اور ترقی کریں۔ اِس طرح آپ کی منادی کی خدمت بھی بہتر ہو جائے گی۔ آپ کو کسی ایسی بات کی منادی نہیں کرنی چاہیے جو کہ مکمل طور پر بائبل کے مطابق نہ ہو۔ آج کل جھوٹی تعلیم عام ہو گئی ہے۔ بائبل مقدس متنبہ کرتی ہے کہ آخر زمانے میں جھوٹی تعلیم اور جھوٹے اُستاد پیدا ہوں گے اور بہت سے لوگ اُن سے گمراہ ہو جائیں گے۔ جب آپ لوگوں سے کلام سُنیں یا سیکھیں تو آپ اُن باتوں کی تصدیق روزانہ کلام میں سے کریں۔ (اعمال 11:17)

جو شخص خُدا کے کلام کو نہیں جانتا وہ خُدا کے بارے میں لوگوں کو نہیں بتا سکتا۔ خُداوند کہتا ہے: "اپنے آپ کو خُدا کے سامنے مقبول اور ایسے کام کرنے والے کی طرح پیش کرنے کی کوشش کر جس کو شرمندہ ہونا نہ پڑے اور جو حق کے کلام کو دُرستی سے کام میں لاتا ہو"۔ (2- تیمتھیس 15:2) میں بھارت کے ایک مبشر کو جانتا ہوں جو ہر ہفتے بائبل مقدس میں سے آیات زبانی یاد کرتا ہے۔ اُس کے بچے بھی ہر ہفتے میں آیات یاد کرتے ہیں۔ اُس نے ہزاروں آیات یاد کی ہوئی ہیں۔ جب بھی اُسے پیغام دینے کا موقع ملتا ہے یا حکمت کی ضرورت ہوتی ہے تو یہ آیات جو کہ اُس نے اپنے میں جمع کر رکھی ہیں اُس کے کام آتی ہیں۔ یہ شخص خُدا کے کلام کی تبدیل کرنے کی قوت کو اور خود کو کلام کے ذریعہ شیطان سے بچانا جانتا ہے۔ (زبور 11:119)

## آپ کو مردِ دُعا ہونا چاہیے

ہر مبشر یا ہر یسوع کے شاگرد کیلئے بلاناغہ دُعا مانگنا ضروری ہے۔ جس کا حکم پاک کلام میں دیا گیا ہے۔ اِس لئے آپ کو بلاناغہ دُعا مانگنے کی عادت ہونی چاہیے۔ دُعا مانگنے کا باقاعدہ ایک وقت مقرر کریں۔ چلتے پھرتے اُٹھتے بیٹھتے دُعا کریں۔ دن اور رات دُعا مانگیں۔ (1- تھسلنیکیوں 17:5) رُوح اور عقل دونوں سے دُعا کریں۔ (1- تھسلنیکیوں 15:14) روزہ اور دُعا شیطان کے بندھنوں کو توڑ دیتے ہیں۔ افریقہ میں رہنے والے ایک مبشر نے مختلف کلیسیاؤں کو آپس میں مل کر دُعا اور روزہ میں ٹھہرنے کیلئے کہا۔ ایسی عبادات کلیسیاؤں میں ایک مقصد کیلئے یکسانیت پیدا کرتیں اور روحانی ترقی عطا کرتی ہیں۔ جب خُدا کے لوگ دُعا کیلئے جمع ہوتے ہیں تو ابلیس کے کام میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے۔ کلیسیائیں تبدیل ہوتی ہیں۔ کلیسیائیں اور مبشر حضرات اکٹھے کام کرتے اور دُعا مانگتے ہیں۔

دُعا مانگنے کا عادی ہوئے بغیر خُدا آپ کو اپنی مرضی کے مطابق استعمال نہیں کرتا۔ دُعا میں آپ اپنی ضرورت کے مطابق آزادی - معافی - قوت اور رہنمائی حاصل کرتے

ہیں۔ اپنی ٹیم یا کسی دوسرے رہنما کے ساتھ تواتر سے دُعا میں وقت گذاریں۔ شفاعتی دُعا کرنے والوں کو تلاش کریں اور اُنکو اپنے لئے دُعا مانگنے کو کہیں۔ دوسروں کے ساتھ دُعا میں وقت گذاریں اور اکیلے بھی دُعا کیا کریں۔ جس جگہ اور جن لوگوں کے درمیان آپ نے منادی کرنی ہے اُس جگہ پر اور لوگوں کیلئے دُعا کریں۔

## مسلسل سیکھنے والے بنیں

ہوسکتا ہے کہ آپ کیلئے بائبل کالج یا سیمنری میں تعلیم حاصل کرنا ناممکن ہو۔ اِس معاملے میں خُدا کی مرضی کو جانیں اور اُس پر ایمان سے عمل پیرا ہوں۔ اگر ممکن ہو تو آپ اپنے علاقے میں منعقد ہونے والے سیمناروں یا بائبل کلاسوں میں شمولیت اختیار کریں۔

دوسرے خادموں اور مبشروں کے ساتھ گفتگو کریں۔ اُن سے سیکھیں اور اُنکے ساتھ مل کر خدمت کے کام کو کرنے کی پیشکش کریں یا اُنکی مدد کرنے کی پیشکش کریں۔ اگر اُنکے پاس وقت ہو تو اُن سے سوال و جواب کریں۔ اُنکے پیغام سُننے جائیں۔

## تجزیہ کریں اور سیکھیں

اگرچہ کئی خواتین و حضرات کے پاس خاطر خواہ بائبل کی تعلیم نہیں ہوتی تو بھی وہ خُدا کیلئے بڑے بڑے کام کرتے ہیں۔ ایسے خادم بہترین خادم ہوتے ہیں جو اپنی شخصی بائبل سٹڈی بڑی تن دہی سے کرتے ہیں اور ہر وقت ہر طرح سے کلام سیکھنے میں دلچسپی لیتے اور سیکھی ہوئی باتوں پر عمل کرتے ہیں۔ سیکھنا دوسروں کو سکھانے سے بہتر ہے۔ سیکھنے کا عمل زندگی بھر رہتا ہے جب کہ سیکھانے کے مواقع زندگی بھر کیلئے نہیں ہوتے۔

## مسیح یسوع میں ناصح کی تلاش کریں؛ دوسروں کے ناصح بنیں

خُدا سے اپنے لئے ایک اُستاد مانگیں یعنی کہ مسیح میں نصیحت کرنے اور سیکھانے والا۔ ایسا شخص جو روحانی طور پر بالغ ہو اور آپ کی روحانی ترقی کرنے میں مدد کرے۔ ناصح آپ کی زندگی پر غور کرتے ہوئے آپ کو مشورے دے گا۔ کئی ملکوں میں کوئی جوان شخص کسی بزرگ کو اپنا روحانی باپ بنالیتا ہے۔ ایسے ہی جوان لڑکیاں بزرگ خواتین کو اپنی روحانی مائیں بنالیتی ہیں۔ اور یہ بزرگ اُستاد جوان خادم کی مختلف معاملات میں رہنمائی اور سکھلائی کرتا ہے۔ تاکہ وہ دوسروں کو حکمت دینے کا وسیلہ بنے۔ پولوس رسول اور تیمتھیس کا باہمی رشتہ اِسی طرح کا تھا۔ (1- تیمتھیس 1:2؛ 2- تیمتھیس 2:1) بے شک پولوس رسول اپنے شاگرد تیمتھیس کو پیار کرتا تھا۔

اِس لئے چاہتا تھا کہ وہ بہترین خادم بنے۔ پولوس رسول اپنا قیمتی وقت اُسے سکھانے اور مدد کرنے کیلئے نکالتا تھا۔

جوان خادم کو چاہئیے کہ وہ بزرگ اُستاد کی نعمت اور تجربے کا احترام کرے۔ اِس طرح وہ بزرگ اُستاد سے اہم علم حاصل کرتا ہے جو اُس نے اپنے کئی سالوں کی محنت اور تجربے سے حاصل کیا ہے۔ نئی نسل کے جوان خادموں کو خدمت کیلئے تربیت دینے کا خُدا کا یہی طریقہ ہے۔ آپکو چاہئیے کہ آپ ایک یا دو ایسے اشخاص کو چنیں جنکی تربیت کر سکیں تاکہ وہ آپ کے علم اور تجربے سے مستفیض ہو سکیں۔ (2- تیمتھیس 2:2) خُدا سے اِس مقصد کیلئے دُعا کریں وہی آپ کو ایسے افراد مہیا کرے گا۔

## رّد کیا جانا اور آزمائش

مبشر حضرات کا اپنی خدمت کے دوران مسلسل ایسے لوگوں سے واسطہ پڑتا ہے جو مسیح یسوع کو رّد یا اُسے قبول کرتے ہیں۔ جو لوگ یسوع کو رّد کرتے ہیں وہ مبشر اُنکو بھی رّد کرتے ہیں۔ جب یسوع کی منادی کی جاتی ہے تو ہر کوئی اُسے قبول نہیں کرتا۔ خوشخبری سُنانے کی وجہ سے کچھ لوگ آپ سے ناراض ہوں گے اور کچھ آپ سے نفرت کریں گے۔ کچھ مبشروں کو منادی کی وجہ سے پیٹا اور دھمکایا جاتا ہے۔ حتیٰ کہ گھرانے کے افراد بھی آپکے خلاف ہو جاتے ہیں۔ یسوع نے ہمیں بتایا ہے کہ ہم اُسکی خاطر اذیت اُٹھائیں گے۔ (متی 10:16-20) ہوسکتا ہے کہ لوگ آپ پر جھوٹے الزام لگائیں۔ لیکن اِن سب باتوں کے باوجود آپ جوابا لوگوں کے ساتھ اُن ہی جیسا رویہ نہ اختیار کریں یا اُن کے بارے میں تلخی رکھیں تاکہ آپ اور دوسرے لوگوں میں خرابی نہ پیدا ہو۔ (زبور 37:8؛ عبرانیوں 12:15) جب لوگ آپ کو نقصان پہنچائیں تو آپ اُن کا مقابلہ نہ کریں اور نہ ہی اُن سے انتقام لیں۔ خُدا چاہتا ہے کہ ہم اپنے مخالفیں سے اچھا برتاؤ رکھیں۔ انسان کا غصہ راستبازی کا کام نہیں کرتا۔ (یعقوب 1:20) اپنے ستانے اور دُکھ پہنچانے والوں کو معاف کریں۔ (متی 18:21-35) خُدا کے پاس آئیں جو آپ کو پیار کرنے والا باپ ہے وہ آپکی گہرے طور پر حفاظت کرتا اور آپ کو قبول کرتا ہے۔ (رومیوں 15:7؛ افسیوں 1:6) خُدا کو موقع دیں کہ آسمانی باپ آپکو تسلی دے اور آزمائشوں میں فتح مندی بخشے۔ (زبور 42:4؛ 62:8) اگر آپ اپنے رّد کئے جانے کے زخموں کو خُدا کے سامنے نہیں لاتے یا پیش کرتے تو شیطان اِن زخموں کو منادی کے دوران آپکے خلاف استعمال کرے گا۔ ایسی صورت حال میں آپ اپنے پیغام کو حاضرین کی مرضی کے مطابق پیش کرنے پر مجبور ہو جائیں گے تاکہ لوگ

پیغام کو قبول کر سکیں۔ بائبل مقدس اِسے خطرناک پھندا قرار دیتی ہے۔ ''انسان کا ڈر پھندا ہے''۔ (امثال 25:29)

کامیابی کے پھندے سے بھی خبردار رہیں۔ بشارتی کام میں کامیاب ہو جانے سے ہو سکتا ہے کہ آپ اپنی ذات کو عزت اور جلال دینا شروع کر دیں۔ آپ با آسانی غرور کے گناہ میں گر سکتے اور جسمانی ارادوں سے خدمت کا کام کرنا شروع کر سکتے ہیں۔ (امثال 2:11؛ 18:16؛ 1۔پطرس 5:5-9) ہمیں خُدا کے حضور بڑی حلیمی سے اپنے دلی زخموں کے ساتھ آنا چاہیئے۔ اپنی خود غرضی اور غرور کی معافی مانگنی چاہیئے اور جو آپ کے برخلاف ہیں یا آپ کو تکلیفیں پہنچاتے ہیں اُن کو معاف کریں اور خُدا سے اپنی زندگی کیلئے شفایابی مانگیں۔ جب آپ خود کو خُدا کے حضور شفایابی کیلئے پیش کرتے ہیں تو آپ خُدا کا پیار اور اُس کی خود اعتمادی حاصل کریں گے۔ آپ جان جائیں گے کہ خُدا آپ کو پیار کرتا ہے اور آپ کی قدر کرتا ہے۔ اِس طرح اور اُن لوگوں سے محبت کریں جو آپ کے مقام اور درجہ سے نفرت اور رَد کرتے ہیں جو مسیح نے آپ کو دیا ہے۔ آپ میں غالب آنے کی قوت پیدا ہو جائے گی اور دوسروں کو بلاشرط قبول کرنا آجائے گا۔

## خدمت کے کام کیلئے لائحہ عمل اختیار کریں

### 1) رویا

کیا آپ جانتے ہیں آپ کی خدمت کے کام کا سرپرست کون ہے؟ آپ اپنی خدمت کے کام کیلئے خُدا کی طرف سے رویا رکھتے ہیں؟ اگر ایسا نہیں ہے تو آپ خُدا سے اپنے لئے رویا اور رہنمائی مانگیں۔ اگر اُس نے آپ کو کسی خدمت کیلئے بُلایا ہے اور آپ کو کوئی منسٹری دی ہے تو وہ بُلاوے کو پورا کرنے کیلئے آپکی رہنمائی کرے گا۔ یہ ایک بہت ہی منفرد اور خاص ملاقات تھی۔ یسعیاہ نبی نے ایک رویا دیکھی جس میں اُس نے خُدا کو دیکھا۔ (یسعیاہ 6باب) اور رویا میں خُدا نے یسعیاہ پر اُس کی گناہ آلودہ حالت کو ظاہر کیا اور اُس نے اپنے گناہوں سے توبہ کی اور وہ تبدیل ہو گیا۔ خُدا نے اُسے بطور نبی بُلایا اور اُس پر اُس کی زندگی کا مقصد اور کام کرنے کی سمت ظاہر کی۔

اس قسم کی ملاقات کوئی عام ملاقات نہ تھی۔ پاک کلام میں ایسی ملاقاتیں خاص لوگوں کیلئے مخصوص تھی جن کیلئے خُدا ایک منفرد اور خاص بُلاوا رکھتا تھا۔ (جیسا کہ یسعیاہ اور پولوس رسول کیلئے اعمال 1:9-19)

لیکن خُدا نے اپنی خدمت کیلئے آپ کو بُلایا ہے۔ اُس کے پاس آپ کیلئے ایک منصوبہ ہے جسے وہ پورا کرنا چاہتا ہے۔ جب آپ اُسے سرگرمی سے تلاش کرتے اور دُعا میں وقت گذارتے ہیں تو خُدا اپنی مرضی اور اپنی خواہش جو وہ آپ کی زندگی اور خدمت کیلئے رکھتا ہے سمجھنے میں آپ کی مدد کرنا شروع کرتا ہے۔ ہو سکتا ہے وہ آپ کو رویا یا خواب دکھائے یا ہو سکتا ہے کہ جب آپ روز بروز اُس پر توکل کرتے اور اُس کی تابع فرمانی کرتے وہ خاموشی سے اپنے مقاصد آپ پر ظاہر کرے۔ (امثال 3:5,6؛ متی 6:33)

یسوع نے صرف وہی کام کئے جو اُسکے باپ خُدا نے اُس پر ظاہر کئے۔ اُس نے کہا: ''پس یسوع نے اُن سے کہا۔ میں تم سے سچ سچ کہتا ہوں کہ بیٹا آپ سے کچھ نہیں کرسکتا سوا اُس کے جو باپ کو کرتے دیکھتا ہے کیونکہ جن کاموں کو وہ کرتا ہے اُنہیں بیٹا بھی اُسی طرح کرتا ہے۔ اسلئے کہ باپ بیٹے کو عزیز رکھتا ہے اور جتنے کام خود کرتا ہے اُسے دکھاتا ہے بلکہ ان سے بھی بڑے کام اُسے دکھائیگا تاکہ تم تعجب کرو''۔ (یوحنا 5:19,20) یسوع نے اپنے باپ کی مرضی کو پورا کیا۔ جو کچھ اُسکے باپ نے اُس پر ظاہر کیا وہی کچھ اُس




نے کیا اور کہا۔ یسوع نے اپنے باپ پر انحصار کر کے ہمارے لئے نمونہ پیش کیا ہے۔ خُدا نے اپنی ذات اور اپنے مقصد کو پوری بائبل مقدس میں ظاہر کیا ہے۔ اپنے لئے خُدا اور اُسکے مقاصد کو جاننے کے طریقوں میں سے ایک بہترین طریقہ یہ ہے کہ جتنا

زیادہ ممکن ہو بائبل کو پڑھیں۔ بائبل ہماری راہ کیلئے روشنی ہے۔ (زبور 105:119) یہ ہماری راہوں کو روشن کرتا ہے تاکہ ہمیں پتا چل سکے کہ ہمیں کن راہوں پر چلنا ہے۔ اُس کی راہوں پر چلنے کیلئے رہنمائی پانے کیلئے خُدا کو اجازت اور موقع دیں کہ وہ آپ پر پاک کلام کی سچائیوں کو از سرِ نو عیاں کریں۔

ہوسکتا ہے کہ خُدا آپ کی منسٹری کے کاموں کے بارے میں کوئی مخصوص رہنمائی دے۔ کیا آپ مسیح کی خاطر کسی شہر میں جانا چاہتے ہیں؟ کیا آپ خُدا سے دُعا میں اُس کیلئے لائحہِ عمل دریافت کیا ہے؟ کیا آپ نے اُس سے پوچھا کہ آیا وہ کسی خاص طریقے سے بشارتی کام کو کروانا چاہتا ہے یا نئی کلیسیا کی بنیاد کس طرح رکھی جانی چاہیے؟ کبھی کبھار خُدا اپنی مرضی پوری کروانے کیلئے آپ کو بہت ہی مخصوص اقدامات لینے کو کہتا ہے۔

پاک روح کو کہیں کہ وہ آپ کی فیصلے کرنے میں رہنمائی کرے مثلاً آپ کو کہاں منادی کرنی چاہیے؟ کیا بولنا ہے؟ کس کے ساتھ کام کیا جائے وغیرہ؟ لوگوں کو اپنے پیروکار بنانے یا اپنی ساکھ بنانے کے خواہش مند نہ ہوں۔ اپنی منسٹری کی ترقی یا کامیابی کے حصول کے خواہش مند نہ ہو۔ ہم ابدی پھلوں کیلئے کام کرتے ہیں نہ کہ زمینی اجر کیلئے۔ (یوحنا 16:15؛ متی 6:1-4)

خُدا کے جلال کیلئے پاک روح کی ہدایت سے آپ ہر وقت اور ہر جگہ جانے کیلئے تیار رہیں۔ ہر شہر یا گاؤں مختلف ہوتا ہے۔ اِس لئے لوگوں تک رسائی کا لائحہِ عمل مختلف ہوتا ہے۔

خُدا نے پولوس رسول کو اُس کی خدمت کے کام کیلئے لائحہِ عمل دیا تھا۔ اُس نے پہلے مذہبی یہودی لوگوں میں منادی کی اور اُس کے بعد غیر یہودیوں میں۔ وہ اپنے دوسرے مشنری دورے میں جنوب اور مشرق کی طرف جانا چاہتا تھا لیکن خُدا نے اُسے وہاں جانے سے روک دیا۔ اُس نے ایک خواب دیکھا جس میں مکدونیہ (یورپ) کا ایک شخص اُسے مدد کیلئے پکار رہا تھا۔ (اعمال 16:9,10) پولوس رسول خُدا کی مرضی کو پورا کرنے کی کوشش کر رہا تھا لیکن وہ غلط سمت کو جانے والا تھا۔ خُدا چاہتا تھا کہ پولوس رسول اور اُس کی ٹیم یورپی ممالک میں انجیل کو لے کر جائیں۔ مکدونیہ میں پولوس رسول لُدیہ کو ملا اور وہ تبدیل ہوگئی۔ یورپ میں یسوع پر ایمان لانے والی یہ پہلی خاتون تھی۔ (اعمال 16:12-15)

لُدیہ کاروباری خاتون تھی۔ مسیحی ہو جانے کے بعد اُس نے پولوس رسول کو خدمت کے کام کیلئے اپنا گھر استعمال کرنے کیلئے دیا اور یہ گھر یورپ میں پہلی کلیسیا بن گیا۔ یہ گھر یورپ میں بشارتی کام کی بنیاد بنا۔ لُدیہ اور اُس کے کاروباری تعلقات کی بدولت پولوس رسول کو بشارتی کام میں بہت مدد ملی۔ پولوس رسول کیلئے خُدا ایک واضح لائحہِ عمل رکھتا تھا لیکن اُسے خُدا کے لائحہِ عمل کو سمجھنے کی ضرورت تھی تاکہ وہ خُدا کی خواہش کو جان سکے۔

دُعا مانگتے اور خُداوند کی خدمت کرتے ہوئے اُس کا انتظار کریں۔ یسوع کے گیت گائیں۔ اُس کی تعریف کریں۔ اپنا دل اُس کے سامنے انڈیل دیں اور اُس کی آواز سُننے کے منتظر رہیں۔ وہ اپنی خواہشات آپ پر ظاہر کرے گا۔ خُدا آپ کو مخصوص رویا یا لائحہِ عمل دے سکتا ہے یا آپ کے ذہن میں خُدا کی طرف سے کوئی تصویر یا الفاظ اور تاثرات آسکتے ہیں۔ جس دن پر اور جو کچھ خُدا آپ سے کہے وہ بات آپ تاریخ کے ساتھ لکھ لیں۔ اِن باتوں پر دُعا کریں اور اُنھیں ایسے خُدا پرست لوگوں کے سامنے رکھیں جن پر آپ بھروسہ کرتے ہیں۔ پھر جو کچھ خُدا نے آپ کو دکھایا یا بتایا ہے اُس پر ایمان سے قدم اُٹھائیں۔

## 2) مقصدی بیان

جب آپ کو رویا یا کام کرنے کیلئے رہنمائی حاصل ہو جائے تو مقصدی بیان لکھنا آسان ہوتا ہے۔ ایک مقصدی بیان لکھ لینے سے آپ کو یاد رہتا ہے کہ آپ کس کام کیلئے بُلائے گئے ہیں۔ یہ تحریری بیان اُس وقت زیادہ مفید ہوتا ہے جب یہ عام سا ہو نہ کہ بہت زیادہ خاص ہو مثلاً بجائے اِسکے کہ ہم کاغذ پر لکھیں کہ "ہم پانچ کلیسیاؤں اور دو عدد یتیم خانوں کی بنیاد رکھیں گے اور ایک میٹنگ کا انتظام کریں گے"۔ ہمیں لکھنا چاہیے کہ ہم کلیسیائیں قائم کرنے اور فلاحی کام کرنے سے انجیل کی منادی خُداوند کی ہدایت کے مطابق کریں گے تاکہ یسوع کا نام جلال پائے۔ کام کرنے والے شعبوں کو خاص بشارتی مقاصد میں تبدیل کر کے کاغذ پر لکھیں۔ مثلاً اگر خُدا آپ کو سکول بھی کھولنے کو کہے تو آپ اُسے بھی مقصدی بیان میں لکھ لیں۔

## 3) مقاصد

مقصدی بیان لکھنے کے بعد آپ اپنی رویا اور مقصد کے بارے میں دُعا مانگنے کے بعد اپنی رویا اور مقصد کے معرضِ وجود میں آنے کے بارے میں تفصیل سے لکھیں۔ کیا آپ کے پاس اِس منصوبے پر عمل کرنے کا کوئی منصوبہ ہے؟ اپنے مقاصد لکھیں جن کے بارے میں خُدا نے آپ کی رہنمائی کی ہے۔ اب آپ مخصوص کام یا باتیں لکھیں۔ مثلاً "اِس علاقے میں ہم دو سالوں میں دو یا سات لوگوں کو تربیت دیں گے اور

"دو کلیسیاؤں کی بنیاد رکھی گئے" یا پانچ سالوں میں ہم پانچ مزید کلیسیاؤں کی بنیاد رکھیں گے یا اگلے تین سالوں کے دوران ہم نے بارہ (12) گاؤں میں پاک کلام کی منادی کرنی ہے یعنی کہ ہر ماہ ایک گاؤں میں منادی کرنی ہے۔ اگلے چھ ماہ کے دوران ہم نے اس شہر میں دس ہزار انجیلی رسالے تقسیم کرنے ہیں۔ اپنی خدمت کا لائحہ عمل بنانے سے آپ کو اپنے کام میں تسلسل جاری رکھنے میں مدد ملے گی۔ دُعا مانگنے اور اُس کی آواز سُننے سے اُس کا لائحہ عمل جو وہ آپ کیلئے رکھتا ہے سمجھنے میں مدد ملے گی۔ خُداوند آپ کو کلیسیاؤں کے ساتھ مل کر بشارتی کام کرنے میں مدد دینے کیلئے لائحہ عمل دے گا۔

آپ کے مقصدی بیان اور مقاصد کو آپ خوب اچھی طرح سے جانتے ہوں۔ یہ ہمیشہ آپ کے ذہن میں ہوں تا کہ جب کوئی آپ سے اُن کے بارے میں دریافت کرے تو آپ اُسے بتا سکیں۔ آپ کو چاہیے کہ آپ ان تحاریر پر اکثر دُعا کریں اور وقت کی ضرورت کے مطابق اُن میں تبدیلی لائیں۔ خُدا کی آواز سُننے اور ایمان سے اپنی رویا کے بارے میں تفصیلات طے کرنے سے آپ موثر طور پر خُدا کی مرضی کو پورا کرنے کے لائق ہو جائیں گے۔ اِس طرح دوسرے لوگوں کیلئے آپ کی اور آپ کے کام میں مدد کرنا آسان ہوگا۔

## بشارتی ٹیم بنائیں

یسوع نے 12 اشخاص کی ٹیم بنائی۔ اُس نے اپنے کارندوں کو دو دو کر کے بھیجا۔ وہ یسوع کے پاس ہدایات لینے اور بات چیت کرنے آتے اور پھر واپس خدمت کے کام کیلئے چلے جاتے تھے۔ پولوس رسول نے بھی ٹیمیں بنائیں۔ وہ کبھی کبھار اکیلا منادی کیلئے جاتا تھا لیکن وہ ٹیم کے ساتھ کام کرنے کو ترجیح دیتا تھا۔ آپ کی ٹیم کا ہر فرد آپ سے مختلف نعمت رکھتا ہوگا۔ ان افراد کی یہ اضافی خوبیاں آپ کی خدمت کے کام کو مزید موثر بنا دیں گی۔ ایک مبشر کی بشارتی ٹیم میں ایک ایسی خاتون تھی جس کے پاس شفایابی کی نعمت تھی اور مبشر اُس عورت کے وسیلے سے یسوع کے نام میں لوگوں کو شفا پاتے دیکھتا تھا۔ اُس عورت کی خدمت کے وسیلے سے جب لوگوں میں شفایابی کا کام ہوتا تھا تو لوگوں کے دل انجیل کے پیغام کیلئے کُھلتے تھے۔ اُس مبشر کی ٹیم میں ایک ایسا شخص تھا جو کہ شہروں میں کروسیڈ میٹنگوں کا انعقاد کرنے کی صلاحیت رکھتا تھا۔ علاوہ ازیں مبشر نے اپنی ٹیم کے کئی اور افراد کو اس کام کی تربیت دی ہوئی تھی۔ مبشر کی ٹیم میں تین مبشر ایسے تھے جو بازاروں میں جا کر منادی ، ہسپتالوں یا گھروں میں جا کر لوگوں سے ملاقات کر سکتے تھے۔ بلکہ ہر جگہ نجات کا پیغام لے جا سکتے تھے۔ اپنے کارکنوں کی جو بازاری منادی کرنے کی صلاحیت رکھتے ہوں اُنہیں تربیت اور حوصلہ افزائی کرنے سے آپ کی ٹیم کی بازاری منادی کا معیار بلند ہو جائے گا۔ ٹیم کی جب سب ضرورتیں پوری کی جائیں اور بشارتی مقاصد پورے کئے جائیں تو ٹیم ایک خاندان کی صورت اختیار کر لیتی ہے۔

## خُدا کی بادشاہی کے خادم بنیں

خُدا کسی فرد کو اپنی شخصی منسٹری بنانے کیلئے نہیں بُلاتا۔ خُدا اپنے مقاصد پورے کرنے کیلئے انسان کو بُلاتا ہے تا کہ وہ یسوع کی طرح اُس کے ساتھ مل کر خُدا کی بادشاہی کو



اپنے کام میں دوسرے لوگوں اور منسٹریز کو حصّہ دار بنانے سے خُدا کا کام موثر ہوتا اور خُدا کا نام جلال پاتا ہے۔

وسعت دے۔ کچھ کلیسیائی رہنما خُدا کی خدمت کرنا چاہتے ہیں لیکن وہ اپنے نام کو بھی اُونچا کرنا چاہتے اور دوسرے خادموں کی خدمت کے کام کو ناچیز سمجھتے اور اُنہیں نظر انداز کرتے ہیں۔ ایسے خادم خود غرض ہوتے ہیں اور وہ دوسروں کے ساتھ مل کر خدمت کا کام نہیں کرتے۔ وہ سمجھتے ہیں کہ اُن کا کام سب سے بہتر اور اہم ہے۔ دُنیا اور کلیسیا کے لوگوں کیلئے کتنے افسوس کی بات ہے کہ اس طرح کے رہنما صرف اپنی ذات پر توجہ دیتے ہیں۔ دوسروں کی ضرورتوں کا اور نہ ہی خُدا کی بادشاہی کے سچے کام کا خیال رکھتے ہیں۔

ایسے رہنماؤں میں مسیح یسوع کی رُوح نہیں پائی جاتی۔ دوسری کلیسیاؤں اور منسٹریز سے مل کر کام کرنے سے خُدا کے نام کو جلال ملتا ہے اور خدمت کا کام زیادہ موثر ہوتا ہے۔ دوسرے لوگوں کے خدمت کے کام میں مدد کرنے اور اُن کی حوصلہ افزائی کرنے سے آپ کی خدمت کے کام میں بڑی برکت ہوگی۔ جب آپ دیتے ہیں تو

آپ کو ملتا ہے۔(لوقا 38:6) جب آپ اپنی زندگی اور اُس کی خواہشات کو مسیح کی خاطر کھوتے ہیں تو آپ کو حقیقی زندگی حاصل ہوتی ہے۔(متی 25:16) جب آپ دوسرے خادموں اور دوسرے لوگوں کے خدمت کے کام میں مدد کرنے کیلئے خود کو چھوٹا بناتے ہیں تو خُدا آپ کو سرفرازی دیتا ہے۔(لوقا 11,10:14) آپ کی رویا میں دوسرے گروہوں ۔ کلیسیاؤں اور منسٹریز کے ساتھ مل کر کام کرنا شامل ہونا چاہئے ۔ایسا کرنے سے خُدا کی بادشاہی میں وسعت آتی ہے نہ کہ محض واحد کلیسیا۔ کلیسیائی فرقہ یا منسٹری ۔جب مختلف منسٹریز (خدمات) مل کر کام کرتی ہیں تو لوگ خُدا کے بدن (کلیسیا) کو ترقی کرتا ہوا دیکھتے ہیں اور خُدا کی برکات آتی ہیں۔(زبور 133:1-3) ایسے مبشر حضرات جو ایک جگہ جمع ہوتے اور کئی کلیسیاؤں کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں تو اُن کا شہر برکت پاتا ہے۔

## کچھ وقت آرام کریں

کئی کارکن کونکوں کی طرح چلے ہوئے ہوتے ہیں کیونکہ وہ کچھ وقت کیلئے آرام نہیں کرتے۔اُن کا بدن بیمار ہو جاتا ہے۔اُس کا ذھن تھک جاتا ہے۔اُنکی رُوح کمزور ہو جاتی ہے جسکی وجہ سے وہ آزمائش کا مقابلہ نہیں کرسکتے۔خُدا کا حکم ہے کہ ہم ہفتے میں ایک دن آرام کریں۔ہم سب کو آرام کی ضرورت ہے۔ہر خادم اور ہر شخص کو خُدا میں تازہ دم ہونے کے لئے اُسے اپنے جسمانی بدن،رُوح اور ذھن کو آرام دینا چاہئے۔کبھی کبھار آپ کو اپنے کام کے شیڈول کے لئے عام وقت سے زیادہ وقت دینے کی ضرورت ہوگی۔لیکن آپ کو پھر بھی آرام کرنے کیلئے وقت نکالنا چاہئے۔

یسوع اور اُسکے شاگرد جب خدمت کا کام کر رہے تھے تو بہت سے لوگ اُن کے پاس آ جا رہے تھے۔جسکی وجہ سے اُنکے پاس کھانا کھانے کی بھی فرصت نہ تھی۔یسوع نے اُنہیں کہا:"اُس نے اُن سے کہا تم آپ الگ ویران جگہ میں چلے آؤ اور ذرا آرام کرو۔اسلئے کہ بہت لوگ آتے جاتے تھے اور اُنکو کھانا کھانے کی بھی فرصت نہ ملتی تھی"۔(مرقس 31:6)

یسوع اپنی زمینی خدمت کے دوران دُعا اور جسمانی آرام کیلئے ضرور وقت نکالتا تھا۔یسوع ہمارے لئے زندہ مثال ہے جس سے ہم سیکھ سکتے ہیں کہ کوئی شخص بھی خُدا کے حکم سے مستثنیٰ نہیں ہے۔

## عزت کا ایک برتن

ایک خاص بات یاد رکھیں کہ لوگ آپ کی منادی کا اثر اُس وقت جلدی قبول کرتے ہیں جب وہ آپ کی عملی زندگی کا نمونہ کلام کے مطابق پاتے ہیں۔اپنے آپ کو پورے طور پر خُدا کی بادشاہی کی حکمرانی میں لانا زندگی بھر کا عمل ہے۔آپ کو ہمیشہ ترقی کرنے اور سیکھنے والا انسان ہونا اور خُدا کے تبدیل کرنے والے کام اور اُس کی مرضی کے تابع ہونا چاہئے۔

اے مبشر!خُدا نے آپ کو نجات کا پیغام دوسروں تک پہنچانے کیلئے بُلایا ہے۔آپ کی تبدیل شدہ زندگی لوگوں کے سامنے ایک زندہ مثال ہونی چاہئے۔اپنی شخصی زندگی کی پاکیزگی۔تربیت۔نظم وضبط۔اپنے طور کے لحاظ سے نگہبانی کریں۔اگر آپ خُدا سے اپنی تبدیلی کیلئے درخواست کریں تو وہ اپنا وعدہ پورا کرے گا۔وہ آپ کو پیار کرے گا اور کام کیلئے آپ کو کُلی طور پر تبدیل کردے گا۔آپ کو اُس کی فرمانبرداری اور اُس کے کلام کی پیروی کرنی چاہئے۔خُدا کی حضوری میں بیٹھ کر خود کو جانچیں اور اُس کے کلام اور آپ کی اور آپ کے خاندان کی زندگی میں خُدا کے کام کے اثر کو قبول کریں۔تب آپ ایسے مبشر اور خادم بن جائیں گے جو خُدا کیلئے عزت کا برتن ہو جسے مالک استعمال کرے۔

## اہم ترین باتیں

آپ کا کردار۔آپ کا کردار اچال چلن کیسا ہے؟ جو کچھ آپ خُدا کیلئے کرتے ہیں اس کی بہ نسبت خُدا کے نزدیک آپ کا کردار زیادہ اہم اور قابل قدر ہے۔خُدا آپ کی زندگی کے تبدیل ہونے اور یسوع کی مانند بننے میں زیادہ دلچسپی رکھتا ہے بجائے اس بات کے کہ آپ اُس کیلئے کتنا کام کرسکتے ہیں۔

عبادتی میٹنگوں اور اُن میں شرکت کرنے والے لوگوں کے ہجوم سے زیادہ خُدا تابع فرمانی اور جان نثاری کو زیادہ اہمیت دیتا ہے۔اگر آپ کے دل میں خواہش ہو کہ لوگ یسوع کے جلال۔قوت۔بادشاہی اور اُس کی شان وشوکت۔وقار کو جانیں تو یہ خواہش سب باتوں سے زیادہ وزنی ہے۔حتیٰ آپ کی اپنی ساکھ سے بھی بڑھ کر۔

جب آپ اپنی خدمت کے کام کیلئے اِدھر اُدھر جاتے ہیں تو ان خیالات کو روزانہ آپ ذھن میں رکھیں۔آپ کو یہ رہنمائی والی باتیں اور تعلیم دینے کا مقصد یہ ہے کہ آپ خُداوند مسیح یسوع کیلئے ماہر ترین کارکن بن جائیں۔ان باتوں اور چیزوں کو اپنی زندگی پر لاگو کریں اور خُداوند پر اعتماد رکھیں کہ وہ آپ کو اپنے جلال اور اپنے نام کی خاطر استعمال کرے گا۔

## کیا آپ اپنے اعمال رسالے کی رُکنیت کی تجدید کروانا چاہتے ہیں ؟

آپ اپنے اعمال رسالے والے لفافے پر لگے ہوئے لیبل کو دیکھیں
لیبل کے دائیں جانب لفظ "EXPIRE" کے بعد تاریخ (ماہ/سال) درج ہے۔ حساب لگانے سے اگر یہ تاریخ آج کے دن سے لیکر چھ ماہ سے کم بنتی ہے تو پھر آپ کو اپنی رُکنیت کی تجدید کروانے کی ضرورت ہے۔
آپ اعمال کا ہر شمارہ حاصل کرنے کیلئے اپنی رُکنیت کی تجدید کروانے کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ کو اپنی رُکنیت کی تجدید اس وقت کروانی ہو گی جب آپ کی رُکنیت ختم ہونے میں چھ ماہ باقی رہ جائیں۔

### مندرجہ ذیل طریقے سے آپ اعمال رسالہ حاصل کرنے کیلئے اپنی رُکنیت کی تجدید کرواسکتے ہیں۔

★ اعمال کے مندرجہ ذیل تجدیدی فارم کو کاٹیں۔ ★ تجدیدی فارم پر دی گئی تمام ہدایات پر عمل کریں۔ (ہاں یا نہیں کے گرد دائرہ بنائیں)
★ تجدیدی فارم پر دیے گئے ہر سوال کا جواب دیں اور اُسے صاف صاف لکھیں۔ ★ اور اُسے درج ذیل پتے پر ارسال کردیں۔

نوٹ :- اعمال رسالہ کوئی خط و خطابت کا کورس نہیں ہے۔ اعمال رسالہ پڑھنے کے بعد آپ کوئی سند نہیں حاصل کریں گے۔ ہمیں اُمید ہے کہ آپ اس رسالے سے بڑی مفید باتیں حاصل کریں گے۔ یعنی کہ بائبل کی روشنی میں تعلیم اور خدمت کرنے کی عملی تربیت ! اس رسالے کو پڑھنے سے آپ کو تعلیم دینے۔ خدمت کرنے اور دوسروں کو گواہی دینے میں مدد ملے گی۔ ایشیا لاطینی امریکہ اور افریقہ کے رہنماؤں کو یہ رسالہ مفت بھیجا جاتا ہے۔ کلیسیائی رہنما اعمال رسالہ دو سال کیلئے حاصل کرتے ہیں اور پھر یہ مدت ختم ہونے کے بعد انہیں اپنی رُکنیت دو سال کیلئے دوبارہ تجدید کروانی ہوتی ہے۔

---

### اعمال رسالے کا تجدیدی فارم/کتاب چرواہے کا عصا کیلئے درخواست فارم/ہاں یا نہیں پر نشان لگائیں

1-میری اعمال رسالے کے حصول کیلئے 6ماہ بعد رُکنیت ختم ہونے والی ہے اس لئے مجھے اس کی تجدید کروانی ہے۔ ہاں یا نہیں

2-میرے اعمال رسالے کا لیبل نمبر ________ ہے۔ رُکنیت ختم ہونے کی تاریخ ________

3-میں پاکستان میں کلیسیائی رہنما ہوں۔ میں کم از کم ہفتے میں ایک بار 20 افراد یا اس سے زائد افراد کو بائبل کی تعلیم دیتا ہوں۔

4-کیا آپ کے پاس کتاب "چرواہے کا عصا" کی ایک عدد کاپی ہے ؟

5-کیا آپ کتاب "چرواہے کا عصا" کے حصول کیلئے درخواست کر رہے ہیں ؟

6-اپنا مکمل نام اور پتہ نیچے لکھیں :

میرا آخری نام ________ میرا پہلا نام ________

میرا ڈاک کا پتہ ________

شہر ________ صوبہ ________ ملک ________ میرا کلیسیائی عہدہ یا ذمہ داری ________

دستخط ________ تاریخ ________

7-کیا اعمال میں تحریر تعلیم با آسانی سمجھ آتی ________ سمجھنے میں مشکل ہے ________ مددگار ________ مددگار نہیں ________

اگلے صفحہ پر آپ اپنی گواہی یا تاثرات ایک الگ صفحہ پر لکھ کر ہمیں بھیجیں۔

فارم کو اس پتہ پر ارسال کریں :

الیگزینڈر سرفراز

مکان نمبر 29/7 ڈرگ روڈ کینٹ بازار۔ کراچی 75350



# آج ہی ورلڈ میپ کی دلچسپ اور خوبصورت کتاب منگوائیں!

" چرواہے کا عصا ورلڈ میپ کی انگریزی کتاب بنام The Shepherd's Staff کا اُردو ترجمہ ہے -

جسے ورلڈ میپ کے بانی اور ڈائریکٹر جناب رالف ماہنی نے لاطینی امریکہ - افریقہ اور ایشیا کے کلیسیائی راہنماؤں کی روحانی ضرورت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے تحریر کیا ہے - جسکی تصنیف اور تالیف میں اُنہیں تین برس لگے - یہ اب تک دُنیا کی ۱۵ زبانوں میں لکھی جا چکی ہے -
اُردو کا ایڈیشن (چرواہے کا عصا) سولہویں اور آخری زبان میں ہے - اسے خادمانِ دین - بہترین - بائبل کے طلباء و مُعلّمین کیلئے خصوصی طور پر تحریر کیا گیا ہے - چرواہے کا عصا ایک بڑی موثر کتاب ہے جو کہ ۱۲۰۰ صفحات پر مشتمل ہے - وزن ۲ کلوگرام ہے - ضخیم ہونے کے باعث اس کا شمار پاکستان کی بڑی مسیحی کتب میں ہوتا ہے کلیسیائی راہنماؤں کے لئے یہ درس گاہ کی حیثیت رکھتی ہے - جس میں راہنماؤں کو ٹھوس تعلیم و تربیت دی گئی ہے جس سے راہنماؤں کی شخصی زندگی اور خدمت کو چار چاند لگ جاتے ہیں - اس کی کتابت اور لکھائی بڑی منفرد ہے اس میں عام فہم زبان استعمال کی گئی ہے تاکہ ہر خاص و عام اس سے مستفیض ہو سکے - اِس شہرہ آفاق کتاب کی شدید مانگ ہونے کی وجہ سے اس کی ترسیل بڑی تیزی سے جاری ہے -
اس کے تین بڑے حصے ہیں :-

(۱) نئے ایمانداروں کے لئے تربیتی دستی کتاب جس میں ایسے مضامین پائے جاتے ہیں جنہیں آپ نومریدوں کو سکھا سکتے ہیں -
(۲) کلید الکتاب جس میں بائبل کے بڑے موضوعات کے بارے میں ہزاروں حوالہ جات درج ہیں تاکہ آپ ان کی مدد سے دوسروں کو بائبل کی تعلیم دے سکیں -
(۳) راہنماؤں کے لئے تربیتی راہنما جس میں کلیسیائی راہنماؤں کے لے بہترین تربیتی مواد ہے جسے ورلڈ میپ نے گذشتہ تیس سال سے زائد عرصہ میں اکٹھا کیا -

**چرواہے کا عصا حاصل کرنے کیلئے آپکو یہ کچھ کرنا ہے :-**

صفحہ پر دیئے گئے درخواست فارم کو غور سے پڑھ کر پُر کریں - براہِ مہربانی چھ عدد دوسرے کلیسیائی راہنماؤں کے نام اور پتے لکھنا نہ بھولیں تاکہ وہ بھی اس منسٹری کے رُکن بن کر اعمال رسالے سے مستفید ہو سکیں -

نا مکمل درخواستیں قابل قبول نہ ہوگی - اس لئے تمام مطلوبہ معلومات فراہم کرنا نہ بھولیں - آج ہی اپنا فارم مکمل کر کے مذکورہ پتے پر ارسال کر دیں -